جب اسے یقین ہوگیا کہ وہ لوگ کافی آگے نکل آئے ہیں اب کوئی ان تک نہیں پہنچ سکتا تو اس نے بائیک روک دی اور عیشی کو پکڑ کے بٹھایا۔۔۔ جو بیٹھتے ہی زور زور سے سانس لینے لگی۔۔

میں کیا کوئی آٹے کی بوری ہوں جو ایسے ڈالا بائیک پہ"۔۔"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

جیسے ہی اسکا سانس تھوڑا سا بحال ہوا وہ ٹینکی پہ بیٹھے ہی ہمدان کی طرف مڑی اور غصے سے چیخ کے بولی۔۔

تم آٹے کی نہیں آفتوں کی بوری ہو ہر دفعہ تمھارے ساتھ آتے ہی واپسی پہ مجھے" دوڑ لگانی پڑھتی ہے وہ بھی تم بوری کو کندھے پہ ڈال کے "---

ہمدان نے اسکی چھوٹی سی ناک کو ہلکا سا کھینچ کے کہا جو غصے سے سرخ ہو رہی تھی اور غصے میں بات کرتے کرتے عیشی نے چڑا رکھی تھی---

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"ہاں تو اچھا ہے نا بیٹھ بیٹھ کے آپکی ٹمی باہر نکل رہی ہے تھوڑا بھاگے گے تو صحت اچھی ہوگی"---

بجائے شرمندہ ہونے کے عیشی بال کان کے پیچھے کرتی دوبارہ ناک چڑا کے بولی

۔۔ تو ہمدان نے بے اختیار اپنے پیٹ کو چھوا پھر حیرت سے آنکھیں پھاڑے عیشی

کو دیکھا جو اسکو موٹا کہہ رہی تھی جبکہ وہ بالکل سمارٹ تھا۔۔۔

********************

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

چلو عیشی اب ٹیسٹ دو ضرار اور مشی نے دے دیا ہے بس تم رہ گئ ہو"۔۔۔"

ہمدان عیشی سے کتاب لے کے بولا جو مسلسل آس پاس تاڑ رہی تھی۔۔۔

واپس آتے ہی ہمدان نے کھانا کھانے کے بعد ان تینوں کو کتابیں دے کے پاس بٹھا لیا تھا ۔۔۔ مشی اور ضرار نے تو مجبوراً کچھ نا کچھ پڑھ لیا تھا اور ہمدان کو ٹیسٹ بھی دے دیا تھا مگر عیشی ڈیٹھوں کی طرح بیٹھی تھی ۔۔۔

"چلو بیٹا بس کرو تھک گئے ہیں بچے رات ہوگئ ہے دن سے پڑھ رہے ہیں بچارے ۔۔ چلو اب کھانا کھا لو سب اور انکو سونے دو صبح انکا پیپر ہے"۔۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

اس سے پہلے کے عیشی کچھ بولتی زرتاشہ نے آ کے ہمدان سے کہا۔۔

ماما بس عیشی رہ گئی ہے آپ مشی اور ضرار کو لے جائیں میں یہ عیشی سے ٹیسٹ" لے لوں پھر ہم دونوں آتے ہیں"۔۔

ہمدان نے تھکے ہوئے انداز میں کہا۔۔۔ وہ بھی جب سے کالج سے واپس آیا تھا ان تینوں کو پڑھا رہا تھا۔۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"اچھا"۔۔

زرتاشہ مشی اور ضرار کو لے کے چلی گئ تو عیشی نے پہلے معصوم شکل بنا کے دروازے کو دیکھا جہاں سے ابھی وہ لوگ گئے تھے۔۔ پھر ہمدان کو دیکھا جو اسے ہی دیکھ رہا تھا۔۔۔

دانی بھائ میرا ہاتھ دکھ رہا ہے کیسے لکھوں"۔۔"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

عیشی اپنا ہاتھ ہمدان کو دیکھاتی معصوم سی شکل بنا کے بولی۔۔۔

اوکے کوئ بات نہیں تم مجھے سنا دو"۔۔۔"

ہمدان نے کہا تو عیشی نے اپنا پلان ناکام ہوتے دیکھ کے منہ بنایا۔۔۔

"کیا سناوں ۔۔۔"

عیشی نے پوچھا تو ہمدان اسکا سلیبس دیکھنے لگا۔۔۔ اسکا پیپر انگلش کا تھا۔۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

تم مجھے ہمم لیٹل پرنسس سٹوری سناو"۔۔"

اسکا سلیبس دیکھتے ہمدان نے کہا۔۔ تو عیشی نے آہستہ سے سر پہ ہاتھ مارا اور آہستہ آہستہ بولنا شروع کیا۔۔۔

اہممم ہمم ہمم"۔۔۔"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

درمیان میں پہنچ کے عیشی رک گئ۔۔۔ ہمدان اسکے دوبارہ بولنے کا انتظار کرنے لگا۔۔۔پھر کچھ دیر بعد ہمدان کو سسک سسک کے رونے کی آواز آئ تو اس نے سر اٹھا کے دیکھا۔۔۔

کیا ہوا عیشی؟"---"

اسکو روتا دیکھ کے ہمدان پریشان ہوا اور کتاب سائیڈ پہ رکھ کے اس سے پوچھا--

دانی بھائ بھوک لگی ہے بولا نہیں جا رہا سر بھی دکھ رہا ہے"---"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

عیشی نے نظریں جھکائے جواب دیا اور دوبارہ رونے لگی---

اچھا اچھا رو مت چلو"--"

ہمدان نے تمام کتابیں سائیڈ پہ رکھتے ہوئے کہا اور اسکا ہاتھ پکڑ کے باہر لے آیا۔۔

عیشی آنسو صاف کرتی دل ہی دل میں خوش ہوئی اور چپ چاپ بیٹھ کے کھانا کھانے لگی۔۔۔

****************

مشی عیشی کہاں ہے"۔۔"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

صبح صبح ناشتے کے میز پہ مشی کو اونگتے دیکھ کے رشی نے اسکو سیدھا کر کے بٹھایا

اور منہ میں نوالا ڈالتے پوچھا۔۔۔

وہ ابھی تیار نہیں ہوئی"۔۔"

مشی نے بند ہوتی آنکھیں کھول کے جمائی روکی اور نوالا چباتے ہوئے جواب دیا۔۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

افووو آج پیپر ہے کوئی فکر ہے تم لوگوں کو"۔۔"

رشی نے جلدی جلدی دوسرا نوالا بنا کے اسکے منہ میں ڈالا پھر گھڑی دیکھتی بولی ---

انکی وین آنے میں پانچ منٹ باقی تھے--

شاہ اسکو ناشتہ کرائیں میں عیشی کو دیکھ لوں"--"

شازیب کو وہاں آتا دیکھ کے رشی نے کہا اور خود عیشی اور مشی کے مشترکہ کمرے میں چلی گئ---

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

آہہ میرا پیارا بچہ "--"

شازیب نے مشی کو دیکھا جو آنکھیں بند کیئے آہستہ آہستہ منہ ہلا کے نوالا چبا رہی تھی۔۔۔ پھر اسکے سر پہ پیار کرتے اسکے پاس بیٹھ گیا اور چھوٹے چھوٹے نوالے بنا کے اسکے منہ میں ڈالنے لگا۔۔۔ مشی بھی مزید لاڈ دیکھانے لگی اور سر شازیب کے بازو پہ رکھ لیا۔۔۔

----------------

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

افففف عیشی کیا کروں میں تمھارا"۔۔"

کمرے میں آتے ہی رشی سر پکڑ کے بولی۔۔ کیونکہ عیشی میڈم شوز پہنتے پہنتے وہی جھکی ہوئی نیند پوری کرنے لگی جبکہ بال کھلے ہوئے تھے ابھی۔۔۔

ہماہ ان تینوں کا لنچ اور پانی کی بوتل تیار کردو"۔۔۔"

عیشی کے شوز بند کرتے رشی نے ہماہ کو آواز دی اور ہیئر برش لے اسکے بال بنانے لگی۔۔ جبکہ عیشی مسلسل اونگ رہی تھی۔۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

چلو چلو جلدی"۔۔۔"

اسکو تیار کرتے رشی نے ان دونوں کے بیگز اٹھائے اور باہر لائی۔۔۔

یہ لو عیشی جلدی کرو"---"

کرسی پہ بٹھاتے ہی رشی نے اسکے منہ میں نوالا ڈالا اور دودھ کا گلاس شازیب کو پکڑایا-- جو مشی کے نا نا کرنے پہ بھی اسے پلانے لگا---

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

ہماری وین چلی گئ"--"

ضرار اندھر آتا بولا تو رشی تپ گئ---

یہ آج ان دونوں کی وجہ سے ہوا کب سے اٹھا رہی تھی مگر مجال ہے جو سنے "۔۔"

رشی نے غصے سے کہا جبکہ وین کے جانے کا سن کے عیشی اور مشی کی نیند اڑن چھو ہوگئ تھی اور خوشی سے ایک دوسرے کو دیکھنے لگی۔۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

رشی آنی میں جا رہا ہوں کالج انکو میں چھوڑ دوں گا"۔۔"

ان دونوں کی چمکتی آنکھیں دیکھ کے ہمدان نے کہا پھر ہاتھ صاف کرتا کھڑا ہوا۔۔

رشی بھی انکے لنچ اور بیگز لے کے باہر ائ --- جہاں ہمدان بائیک سٹارٹ کر رہا تھا۔۔

عیشی اور مشی نے گھور کے ہمدان کو دیکھا پھر آہستہ آہستہ باہر آئ---

"اللہ کی امان میں بیٹا دھیان سے جانا"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

رشی کے پیچھے پیچھے زرتاشہ بھی باہر آگئ --- تینوں کو ہمدان کے بائیک پہ بٹھاتے رشی نے انکے لنچ باکس اور پانی بائیک کے ساتھ لگائے پھر ان تینوں کو بیگز پہنا کے دعا دی---

وہ بھی اللہ حافظ کہتے باہر نکل گئے۔۔ تو رشی اور زرتاشہ نے آیت الکرسی پڑھ کے پھونکی پھر واپس اندھر چلی گئ۔۔۔

***********

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

اہہہ"۔۔۔"

ٹریفک سے بائیک نکالتے ہمدان کو جمپ نظر نا آیا پاس جاتے ہی اسنے زور سے بریک لگائ جس سے عیشی مشی اور ضرار تینوں پیچھے ہوئے۔۔۔ عیشی نے ہمدان

کی شرٹ مٹھیوں میں دبائی ہوئی تھی جو اچانک پیچھے جانے کی وجہ سے بازو سے تھوڑی سی پھٹ گئی۔۔۔ تو عیشی کی ہلکی سی چیخ نکلی اس نے ہاتھ منہ پہ رکھ کہ پیچھے مڑ کے ضرار اور مشی کو دیکھا جو پوری آنکھیں کھول کے حیرت سے اسی کو دیکھ رہے تھے۔۔۔ ٹریفک کے شور کی وجہ سے ہمدان کو معلوم نا ہوا۔۔

تم لوگ ٹھیک ہو؟ "۔۔"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

ہمدان نے بائیک سائیڈ پہ کرتے پیچھے مڑ کے پوچھا۔۔۔

جی "۔۔"

تینوں نے یک زبان جواب دیا تو پرسکون ہو کے ہمدان دوبارہ بائیک چلانے لگا مگر اس دفعہ سپیڈ قدرے کم تھی---

ضرار نے عیشی کے کندھے پہ ہاتھ رکھ کے اسکو ریلیکس ہونے کا اشارہ کیا پھر اپنی پینٹ کی جیب سے سنی پلاسٹ نکال کے اسکو دیا---

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

عیشی نے حیرانی سے اسے دیکھا پھر اسکا اشارہ سمجھتے سنی پلاسٹ لے لیا۔۔ اور اسکو کھولتے ہی ہمدان کی شرٹ پہ لگایا جہاں سے بازو پھٹا تھا--- اس سے پھٹی ہوئی شرٹ چھپ گئ۔۔ تو عیشی نے ضرار کو تھم اپ کیا اور پرسکون ہو کے بیٹھ گئ

---

انکے سکول کے پاس پہنچ کے ہمدان نے انکو اتارا اور لنچ باکس پکڑا کے اندھر بھیجا
--جب وہ سکول کے اندھر چلے گئے تو اس نے دوبارہ بائیک سٹارٹ کی اور کالج
چلا گیا---

*************

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

ہاہاہاہاہا دیکھوں سرمد ہمدان کو"---"

کالج پہنچتے ہی ہمدان اپنے دوست علی سے ملا۔۔ مگر جب علی کی نظر اسکے بازو پہ پڑھی جہاں سنی پلاسٹ لگا تھا تو وہ ہنسنے لگا اور اسکے دوسرے دوست کو اشارہ کر کے بتایا۔۔۔

"کیا"۔۔"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

ان دونوں کو ہنستا دیکھ کے ہمدان نے سوالیہ نظروں سے پوچھا۔۔۔

"ارے میرے یار تجھے بازو پہ چوٹ لگی تھی تو ہاف بازو شرٹ پہن آتے یہ ایسے کیوں کیا ہاہاہاہاہا "۔۔

سرمد نے بھی ہنستے ہوئے کہا۔۔

کیا بول رہے ہو مجھے کچھ سمجھ نہیں آرہا "۔۔۔"

ہمدان نے سنجیدگی سے کہا۔۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

ارے چھوڑ نا سرمد اس نے سوچا ایسے کسی کو معلوم نہیں ہوگا اس لیئے سنی"

پلاسٹ شرٹ کے بازو پہ لگا آیا "۔۔

علی نے کہا پھر سرمد اور علی دوبارہ ہنسنے لگے ---

جبکہ سنی پلاسٹ کا سن کے ہمدان حیران ہوا اور اس نے شرٹ کا بازو موڑ کے دیکھا جہاں سنی پلاسٹ لگا تھا --

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

ہاہاہاہا یہ کیا ہاہاہا "--"

ہمدان نے سنی پلاسٹ اتارا تو اسنے دیکھا کہ شرٹ پھٹی ہوئ تھی --- جس کو دیکھ کے سرمد اور علی پیٹ پہ ہاتھ رکھ کے ہنسنے لگے جبکہ ہمدان ابھی بھی حیران کھڑا تھا ---

یار علی کتنا معصوم ہے ہمارا دوست اس نے سوچا چوٹ لگے تو سنی پلاسٹ" لگانے سے زخم بھر جاتا ہے اسی طرح اسکی شرٹ کا بازو بھی جڑ جائے گا ہاہاہاہاہاہا

"---

سرمد نے کہا پھر دونوں تالی مار کے ہنسنے لگے جس پہ ہمدان جی بھر کے شرمندہ ہوا--

"چپ کرو "--

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

ہمدان نے دونوں کو سنجیدگی سے کہا تو دونوں نے منہ پہ انگلی رکھ لی جبکہ آنکھیں ابھی بھی ہنس رہی تھی---

یہ عیشی لوگ"---"

ہمدان سوچتا ہوا ابھی اتنا ہی بولا تھا کہ سرمد اور علی کا دوبارہ قہقہہ بلند ہوا--

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

تو نا سوچ بھائی ہم سمجھ گئے ہیں آج تو آفتوں کے ٹولے کو ساتھ لایا ہے"--"

علی نے ہنستے ہوئے کہا۔۔۔ ہمدان اکثر ضرار عیشی مشی کی شرارتوں کا ذکر ان سے کرتا رہتا تھا جس کی وجہ سے وہ ان تینوں کو جانتے تھے ۔۔۔

چلو کلاس شروع ہونے والی ہے"۔۔۔"

ہمدان نے انکو چپ کرانے کے لیئے کھڑے ہوتے ہوئے کہا اور کلاس میں چلا گیا ۔۔۔ علی اور سرمد بھی ہنستے ہوئے اسکے پیچھے چلے گئے۔۔۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

**************

یہ کس نے کیا؟"--"

ہمدان نے لائن میں کھڑے ضرار عیشی اور مشی سے پوچھا---

گھر آتے ہی وہ تینوں اسے گارڈن میں مل گئے تھے جہاں وہ پودوں سے تتلیاں پکڑنے کی کوشش کر رہے تھے--

ہمدان نے تینوں کو پاس بلایا اور اپنی شرٹ کے پھٹے بازو کی طرف اشارہ کرکے پوچھا--

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

ہمیں کیا پتا؟"--"

عیشی ہاتھ جھاڑتے بولی تو ہمدان نے اسے دیکھا۔۔۔ اسے معلوم تھا جتنی ڈھٹائ سے وہ بول رہی تھی یہ کام اسی کا تھا۔۔۔

اب ہم آپ کے ساتھ تو ہوتے نہیں جو ہمیں معلوم ہو آپ کس کس سے پنگے لیتے مارکٹائ کرتے ہیں"۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

اسکو مسلسل اپنی طرف دیکھتے پا کے عیشی نے کمال مہارت سے بات اس پہ الٹ دی تو ہمدان بس سر جھٹک کے رہ گیا۔۔۔ اسے معلوم تھا وہ لوگ کبھی نہیں مانے گے اس لیئے بحث بیکار ہے۔۔

ہمدان سر نفی میں ہلاتا اندھر چلا گیا تو تینوں نے تالی مار کے یس کہا اور دوبارہ تتلیاں پکڑنے لگے----

****************

دن یو ہی گزرتے گئے پیپرز کی وجہ سے وہ تینوں بزی ہو گئے جس کی وجہ سے گھر میں کچھ سکون تھا---

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

آخری پیپر دے کے آتے ہی وہ دوبارہ اپنی ٹون میں واپس آئے--مگر جان تب اٹکی جب خبر ملی کے رزلٹ لینے عارب ہماہ اور رشی جائے گے مطلب پورے سکول کے سامنے بے عزتی---- اب انکو بس یہ فکر تھی کہ ان کو کیسے روکا جائے---

مگر جہاں عیشی ہو وہاں فکر کا کیا کام--- اس نے سوچ لیا تھا کہ انکو کیسے روکنا

ہے ----

*************

مشی یار کل رزلٹ ہے اگر رشی ماما اور پاپا چلے گئے تو ہم پھنس جائیں گے ----

ضرار نے کمرے میں چکر کاٹتے کہا جبکہ عیشی اور مشی دونوں سکون سے بیٹھی لیز

کھا رہی تھی ساتھ کارٹون دیکھ رہی تھی---

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

ہاں تم ٹھیک کہہ رہے ہو-----

مشی نے بھی پریشانی سے کہا جبکہ عیشی ان دونوں کو دیکھ کے مسکرا رہی تھی---

تمھیں کیا ہوا ایسے کیوں ہنس رہی ہو؟---

ضرار نے عیشی سے کہا تو وہ لیز کا پیکٹ میز پہ رکھتی ان دونوں کے پاس آئی جو اسے سوالیہ نظروں سے دیکھ رہے تھے---

میں نے سب بندوبست کر لیا ہے ہمارا رزلٹ لینے دانی بھائی جائیں گے تم دونوں پریشان نا ہو---

عیشی کا ان دونوں کو پتا تھا وہ ان سب میں ماسٹر مائنڈ تھی اکثر پلانز اسی کے ہوتے تھے---

visit for more novels: www.urdunovelbank.com

اس نے اپنا پلان ڈسکس کیا تو ضرار اور مشی بھی ہنس پڑے---

وہ تینوں ایک ہی سکول میں پڑتے تھے جبکہ امان منال اور خنان دوسرے سکول میں تھے اور ہمدان کالج جاتا تھا--- اسکا کالج میں پہلا سال تھا----

-------------------------------------

ماما آج سکول کون جائے گا؟--

ضرار عیشی اور مشی کچن میں ناشتہ کرنے آئے تو ضرار نے پوچھا---

کچن میں ہماہ زرتاشہ اور رشی ناشتہ بنا رہی تھی---

تمھارے پاپا جائیں گے--

ہماہ نے مصروف انداز میں کہا تو تینوں نے شکر ادا کیا کے صرف ایک ہی ہے اسے سنبھال لے گے---

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

السلام علیکم--- سب باری باری کچن میں آتے سلام کرنے لگے اور اپنی اپنی جگہ سنبھال لی---

عارب کے بیٹھتے ہی ضرار عیشی اور مشی ایک دوسرے کی طرف دیکھ کے مسکرانے لگے مگر کسی نے نوٹ نہیں کیا---

ہارن کی آواز پہ وہ تینوں جلدی سے اٹھ گئے انکے ساتھ ہی منال خنان اور امان بھی اپنی وین کے لیئے باہر آگئے اور ہمدان بھی بائک کی چابی لیتا سبکو اللہ حافظ کہتا نکل گیا اب میز پہ صرف بڑھے موجود تھے۔۔۔

عارب تم بچوں کو رزلٹ لے کے مارکٹ چلے جانا کچھ سامان منگوانا ہے۔۔۔

زری نے کہا تو عارب نے اثبات میں سر ہلایا اور ناشتہ ختم کرکے گاڑھی کی چابی لے کے اٹھنے لگا۔۔۔ مگر یہ کیا۔۔۔۔ وہ کرسی سے چپک گیا بار بار کوشش کرنے پہ بھی نا اٹھ سکا تو بچارگی سے سب کی طرف دیکھا جو دبی دبی ہنسی ہنس رہے تھے سوائے رشی کے جو سر پکڑے بیٹھی تھی۔۔۔اور لو بچوں سے پنگا کل کہہ جو رہے تھے میں رزلٹ لینے آوں گا اچھا نا آیا تو سب کے سامنے مرغا بناوں گا۔۔۔ رشی نے دانت پیس کے کہا تو سبکا فلک شگاف قہقہہ بلند ہوا۔۔

آنے دو آج انکو واپس اچھے سے خبر لیتا ہوں۔۔عارب نے غصے سے کہا تو عازب ہنسنے لگا۔۔۔

ہر بار تم یہی کہتے ہو مگر ہر بار بچے تمھاری خبر لے لیتے ہیں۔۔۔

عازب نے ہنستے ہوئے کہا تو عارب نے بچارا سا منہ بنایا۔۔۔

اب معلوم ہوا کتنا تنگ کرتے تھے تم اور رشی مجھے ۔۔۔

ریا نے جلتی پہ تیل ڈالا تو رشی اور عارب دونوں نے سر پکڑ لیا۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

اچھا تم رہنے دو میں چلا جاوں گا۔۔۔

شازیب نے کہا اور اٹھنے لگا۔۔۔

رکے آپکے ساتھ میں بھی جاوں گی۔۔

رشی نے جلدی سے کہا اور پانچ منٹ کا کہتی تیار ہونے چلی گئ۔۔۔

شازیب بھی باہر نکل گیا تاکہ گاڑھی سٹارٹ کر سکے۔۔۔

مگر پانچ منٹ بعد منہ لٹکائے واپس آگیا۔۔۔

کیا ہوا؟۔۔

عازب نے پوچھا۔۔۔

بچے آپکی میری اور عارب تینوں کی گاڑی کا ٹائر پینچر کر گئے ہیں۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

شازیب نے بچارا سا منہ بنا کے کہا تو ریا اور عازب نے قہقہہ لگایا۔۔۔

پھر یہ طے پایا کہ ہمدان کو کال کردے وہ لے آئے گا رزلٹ کیونکہ اسکا کالج سکول کے پاس ہی ہے۔۔۔۔

♡♡♡♡

تمھیں لگتا ہے پلان کام کرے گا۔۔۔

ضرار بینچ پہ بیٹھا بولا تو عیشی نے زور زور سے اثبات میں سر ہلایا۔۔۔

اچھا بتاو پھر بچنا کیسے ہے گھر جا کے؟

ضرار نے پوچھا تو عیشی نے اگلا پلان بتایا جس پہ ضرار اور مشی واہ کر اٹھے۔۔۔

تب ہی انہیں گیٹ سے ہمدان آتا دیکھاٸ دیا تو ضرار اور مشی نے عیشی کو داد دی اور تینوں بھاگ کے ہمدان کے پاس آئے۔۔۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

♡♡♡♡

السلام علیکم۔۔۔"

میرا نام ہمدان عازب شاہ ہے۔۔میں ضرار شاہ۔عیشال شاہ۔اور مشال شاہ۔۔کا کزن ہوں۔جوائنٹ فیملی سسٹم کی وجہ سے آپ بھائی بھی سمجھ سکتی ہیں۔۔یہ "میرا کارڈ۔۔

پیرنٹ ٹیچر میٹنگ میں جب میم نے عیشال شاہ اور مشال شاہ کا رول نمبر بول کے انکے پیرنٹس کو بلایا تو ہمدان انکے پاس گیا اور اپنا تعارف کروایا۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

اوہ تو کیا آپ انکے پیرنٹس کو کال پہ لے سکتے ہیں تاکہ ہم انکی کارکردگی سے باخبر کر سکیں"۔۔

کلاس ٹیچر کے ساتھ موجود پرنسپل کی بات سن کے ضرار عیشی مشی کو جھٹکا لگا اور وہ سر نا میں ہلاتے ہمدان کو دیکھنے لگے جو انہیں ہی دیکھ رہا تھا۔۔

"جی ضرور ---"

ہمدان مسکرا کے بولا ۔۔تو عیشی مشی ضرار نے دل میں خوب صلواتوں سے نوازا اسکو۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

السلام علیکم چاچو میں عیشی اور مشی کے سکول میں ہوں ۔۔ انکے پرنسپل "چاہتے ہیں آپ کال پہ رہے تاکہ وہ آگاہ کر سکے---

ہمدان نے شازیب کو کال ملاتے ہی کہا -- اسے لائن پہ رہنے کا کہہ کے ہمدان نے ہماہ کو کال کی اور اسے بھی لائن پہ رہنے کا کہا---

عیشی مشی اور ضرار کا دل خوشی سے اچھلنے کو کیا -- اس وقت تینوں چاہتے تھے ہمدان کو ہک کر لے ---ہمدان نے بھی ایک مسکراتی نظر ان پہ ڈالی اور موبائل میز پہ رکھتے ٹیچر کو بولنے کا کہا---

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

السلام علیکم -- میں مشال شاہ اور عیشال شاہ کی کلاس ٹیچر ہوں اور آج بچوں" کی فرسٹ ٹرم کی کارکردگی سے انکے پیرنٹس کو آگاہ کرنے کے لیئے یہ میٹنگ رکھی گئ ہے--- سب سے پہلے میں انکی تعلیمی کارکردگی بتا دوں جو پیپرز میں بالکل بھی

اچھی نہیں تھی--دو دو پیپرز میں فیل ہیں اور جن میں پاس ہیں وہ بھی انتہائی گندے نمبر لیئے ہیں مارجن پہ پاس ہوئی ہیں--ایسے ہی رہا تو فائنل میں یہ لوگ پاس نہیں ہو سکتی--- دوسرا انکی باقی ایکٹیوٹیز کی بات کی جائے تو مشال شاہ ان میں بہت بہتر ہے پینٹنگ بہت زبردست کرتی ہیں اور باقی بھی مگر عیشال شاہ ہر الٹے کام میں سب سے پہلے پائی جاتی ہیں---ابھی پیپر میں سوال تھا چیلنج کسے کہتے ہیں انہوں نے پیپر حل کرنے کی بجائے خالی چھوڑ دیا اور لاسٹ پیپر پہ لکھا--چیلنج کرتی ہوں پاس کر کے دیکھائے"--

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

میم بول رہی تھی جبکہ وہ تینوں سر جھکائے کھڑے تھے-- میم کی آخری بات پہ ہمدان نے سر اٹھا کے حیرت سے عیشی کو دیکھا --- اب تک وہ بچارہ یہاں آنے پہ پچھتا رہا تھا---

ہاں تو میم آپ نے کونسا چیلنج پورا کیا"۔۔"

عیشی نے منہ بنا کے کہا تو ہمدان نے اسے چھپ رہنے کا اشارہ کیا۔۔۔

باقی یہی کہوں گی انکو بہت محنت کی ضرورت ہے ورنہ مجبوراً ہمیں انکو سکول سے"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"نکالنا پڑھے گا۔۔۔

میم بول کے چپ ہوئ تو ہمدان نے جھکا ہوا سر اٹھا کے موبائل دیکھا جیسے

دوسری جانب مکمل خاموشی تھی وہ سمجھا کال کٹ گئ ہے۔۔۔

"جی میں کوشش کروں گا آپکو اب شکایت کا موقع نا ملے---"

ہمدان نے کہا پھر ضرار کی کلاس ٹیچر اسکا رزلٹ کارڈ اٹھا کے وہاں آئی---

میں ضرار عارب شاہ کی کلاس ٹیچر ہوں بہت افسوس سے کہنا پڑھ رہا ہے اس کی" حالت بھی عیشال اور مشال سے مختلف نہیں-- بس اتنا کہنا چاہوں گی بڑھے بھائی ہونے کے ناطے ان پہ توجہ دے اور ان تینوں کی پارٹنر شپ توڑے ورنہ "تینوں نے نہیں پڑھنا--

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

ضرار کی میم کی بات پہ تینوں نے صدمے سے پہلے میم کو دیکھا پھر ہمدان کو جو ان تینوں کی رپورٹ کارڈ لے کے میم کے رجسٹر پہ سائن کر رہا تھا۔۔۔

اچھی کرائ تم لوگوں نے افف میرے کانوں سے ابھی تک دھواں نکل رہا ہے" اتنی بے عزتی تو میری زندگی میں نہیں ہوئ"۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

ہمدان انکی رپورٹکارڈز اٹھاتا انکو لے کے باہر آیا اور سنجیدگی سے کہتا موبائل دیکھنے لگا جس پہ شازیب اور ہماہ ابھی بھی لائن پہ تھے بالکل خاموش ۔۔۔

دیکھائے دانی بھائ"۔۔ "

مشی اسکا ہاتھ پکڑ کے نیچے کرتی جھانک جھانک کے دیکھتے ہوئے بولی۔۔

کیا؟"۔۔"

ہمدان نے نا سمجھی سے اسے دیکھ کے پوچھا۔۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

دھواں"۔۔"

مشی تجسس سے بولی تو ہمدان نے سر پیٹا وہ بھی کن پاگلوں کے سامنے اپنا رونا رو رہا تھا۔۔۔

ہیلو چاچو"۔۔"

اس کی بات اگنور کرتا اس نے موبائل لاؤڈسپیکر پہ لگا کے کہا۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

آج تم گھر آو ضرار تمھاری دھولائی کرتا ہوں ۔۔۔"

عارب کی آواز سن کے ضرار اپنی جگہ سے اچھلا مطلب وہ ہماہ کے پاس تھا۔۔

اور تم دونوں بھی"۔۔"

رہی سہی کسر رشی کی آواز نے نکال دی سب نے بے بسی سے ہمدان کو دیکھا جس نے کندھے آچکا دیئے کے اب میں کیا کر سکتا ہوں۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

آہہہہہ"۔۔"

چلتے چلتے مشی کا پاوں پلر سے اٹکا تو وہ لڑکھڑا کے نیچے گری۔۔

اس کو گرتا دیکھ کے ہمدان اور ضرار بھاگ کے اس کے پاس آئے جو الٹی زمین پہ پڑھی تھی۔۔۔ عیشی تو مشی کو دیکھ کے ساکت کھڑی رہی۔۔۔

بھائئئئئ خون "۔۔"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

مشی کو جیسے ہی ہمدان نے سیدھا کیا اسکے ماتھے سے نکلتی خون کی لکیر دیکھ کے ضرار چیخ کے بولا۔۔۔ اسکی آواز سن کے مشی رونے لگی کیونکہ اسے خون سے ڈر لگتا تھا۔۔۔ عیشی بھی زور زور سے رونے لگی مشی کو دیکھ کے ۔۔۔

ایک تو یہ عجیب مخلوق ہے لگتی ایک کو ہے روتی دوسری اس سے زیادہ"

"ہے---

ضرار بیزاری سے بولا مگر ہمدان نے اس کی بات اگنور کردی--- جیب سے رومال نکال کے مشی کے تھامے پہ رکھا--- پھر تینوں کو لے کے سکول کے پاس ہی ایک کلینک پہ لایا جہاں سے مشی کو پٹی کرائی--- زخم زیادہ گہرا نہیں تھا مگر ڈر سے وہ رونے لگی تھی---

اور کچھ چاہیئے یا بس"--"

visit for more novels: www.urdunovelbank.com

ان دونوں کو روتا دیکھ کے ہمدان انہیں شاپ پہ لے آیا خوب ساری چیزیں دلائ جس سے دونوں کا رونا بند ہوا مگر چہرے ابھی بھی سرخ ہوئے تھے اور ہچکی بھی بندی ہوئ تھی--

نہیں بس"--"

عیشی آنکھیں مسلتی بولی تو ہمدان مسکرانے لگا پھر تینوں کو بائیک پہ بٹھایا اور واپس لے آیا---

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

************

"السلام علیکم "۔۔

اندھر آتے ہی ہمدان نے سلام کیا اور ان کے بیگز کرسی پہ رکھے۔۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"وعلیکم السلام یہ کیا ہوا اسے؟"۔۔

رشی اور ہماہ عارب شازیب ریا جو وہی بیٹھے ان کا انتظار کر رہے تھے۔۔ان کو دیکھ کے رشی غصے سے اٹھی مگر مشی کے سر پہ پٹی دیکھ کے اسکے دل کو کچھ ہوا۔۔ زرد چہرا۔۔ ایک گال پہ خون کے ہلکے ہلکے دھبے تھے اور کپڑوں پہ بھی خون لگا تھا۔۔۔

"وہ سکول سے نکلتے ہوئے گر گئی تھی۔"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

ہمدان نے آہستہ سے کہا پھر ریا کے پاس جا کے بیٹھ گیا ۔۔ رشی اور عارب جو انکی اچھی خاصی کرنے کا سوچ رہے تھے مشی کو دیکھ کے سارا غصہ غائب ہوگیا۔۔۔

میرا بچہ زیادہ درد ہورہا ہے کیا"--"

شازیب نے اسے گود میں اٹھایا اور ماتھے پہ بندھی پٹی پہ پیار کیا--- تو اس نے منہ بنا کے تھوڑی شازیب کے کندھے پہ رکھ لی --

مشی منہ ادھر کرو"--"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

رشی پانی کا گلاس ہمدان کو پکڑا کے مشی کا منہ سامنے کرتے ہوئے بولی--اور پھر ہاتھ میں پکڑی گیلی روئی سے پٹی سے باہر والی جگہ سے خون صاف کرنے لگی---

بھائی یہ لیں دودھ پکائے مشی کو"--"

ہماہ نے ہلدی ملا دودھ شازیب کو پکڑاتے ہوئے کہا--- مشی نا نا کرنے لگی مگر شازیب نے پیار سے اسکو پلا دیا---

مشی کی حالت پہ سب بہت پریشان ہو گئے تھے--

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

دوسرے دونوں کہا ہیں"--"

جب مشی کی حالت کچھ بہتر ہوئی تو عارب نے پوچھا-- ہمدان نے بھی سر اٹھا کے آس پاس دیکھا مگر وہ دونوں غائب تھے--

ادھر ادھر دیکھتے عارب کی نظر سامنے والی کھڑکی پہ گئ جس کے آگے پردہ پڑھا تھا

مگر نیچے سے ضرار کے پاوں نظر آرہے تھے۔۔

ہمم "۔۔"

عارب نے سر ہلا کے کہا ۔۔شازیب مشی کو صوفے پہ بٹھا کے کال سننے چلا گیا۔۔

رشی اور ہماہ بھی کچن میں چلی گئ۔۔ تو ہمدان علیشی کو ڈھونڈنے باہر نکل گیا۔۔۔

ریا مشی کو گود میں لے کے بیٹھ گئ اور اسے کیک کھلانے لگی۔۔

اہہہہہ "۔۔۔"

visit for more novels: www.urdunovelbank.com

عارب آہستہ سے اٹھا اور ضرار کے کان سے پکڑ کے باہر لایا۔۔

عارب میں سمجھا دوں گی پلیز"۔۔"

ضرار کی چیخ پہ ہماہ کچن سے باہر آتی التجائی لہجے میں بولی۔۔

ہماہ واپس جاو"۔۔"

visit for more novels.
www.urdunovelbank.com

عارب نے سنجیدگی سے کہا تو ہماہ ریا کی طرف بے بسی سے دیکھتی واپس چلی گئ--

مرغا بنو"--"

عارب نے صوفے پہ بیٹھتے تھوڑے سخت لہجے میں کہا--

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"چاچو ضرار ابھی چھوٹا ہے یہ مغرا نہیں بن سکتا مغری بنا دے--"

مشی کیک کا پیس منہ میں ڈالتی بولی تو ضرار نے کھا جانے والی نظروں سے دیکھا--

تم چپ کرو ڑکی دشمن"۔۔"

ضرار میں نے کہا مرغا بنو"۔۔"

ضرار کو مشی سے لڑتا دیکھ کے عارب نے غصے سے کہا تو ضرار منہ بناتا مرغا بن گیا۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

ہی ہی ہی ہی چاچو انا چھوٹا مغڑا"۔۔"

مشی منہ پہ ہاتھ رکھتے ہنس کے بولی تو عارب اور ریا کو نا چاہتے ہوئے بھی ہنسی آگئی مگر وہ دونوں چھپا گئے۔۔ مگر ضرار نے گردن اٹھا کے مشی کو گھورا جو مزے سے کیک کھا رہی تھی۔۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

کو کڑ کووو و ککڑکرکووووو کو کڑ کووو"۔۔"

پانچ منٹ مرغا بننے کے بعد ضرار مرغے والی آواز نکالنے لگا۔۔

یہ کیا کر رہے ہو"۔۔"

عارب نے غصے سے پوچھا۔۔

"ابھی مرغا بنایا ہے تو آوازیں تو نکلے گی نا کو کڑ کووو ۔۔"

ضرار گردن اونچی کر کے بولا پھر مرغے کی آوازیں نکالنے لگا۔۔

تم مغڑا نہیں مغڑی بنے ہو"۔۔"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

مشی نے کیک سے بھرے ہوئے منہ سے بمشکل کہا۔۔

خبردار جو اب کہا کہ انڈا دو"۔۔"

ضرار منہ بنا کے بولا تو ریا کا قہقہہ بلند ہوا وہی کچن میں کھڑی ہماہ اور رشی بھی منہ پہ ہاتھ رکھ کے ہنسنے لگی۔۔

بس کرو عارب بچے کے ساتھ کوئ ایسا کرتا ہے"۔"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

عارب نے دوبارا ضرار کا کان پکڑتے کھڑا کیا تو ریا بولی۔۔

"یہ اولاد نہیں عذاب ہے آنی "۔۔"

عارب ریا کو دیکھ کے بولا۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

ہاں تو اپنا بھول گئے"۔۔"

ریا نے طنزیہ کہا تو عارب نے ضرار کا کان چھوڑ کے بے بسی ریا کو دیکھا۔۔

پاپا اسے عذاب نہیں مکافات عمل کہتے ہیں "--"

ضرار کان ملتا بولا تو عارب اس کی طرف بڑھا مگر تب تک ضرار اندھر سے لاک لگا چکا تھا--

مگر اس کی بات سے ریا کا قہقہہ بلند ہوا وہی سیڑھیوں سے اترتا شازیب بھی زور سے ہنسا پھر کچن کی طرف دیکھا جہاں

رشی بے بس سا منہ بنائے کھڑی تھی---

اس کو دیکھ کے شازیب کو مزید ہنسی آئ--

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

************

"تم یہاں کیوں بیٹھی ہو؟"--"

ہمدان باہر آیا تو عیشی کو ویسے ہی بائیک پہ بیٹھا دیکھ کے بولا--

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"اندھر گئ تو ماما مارے گی نا"--"

عیشی نے ہاتھ مسلتے ہوئے کہا تو ہمدان کو حیرت ہوئی کیونکہ عیشی بہت کم رشی کو ماما کہتی تھی۔۔

یہ تو بہت اچھا ہوگا"۔۔"

ہمدان اس کے پاس بیٹھتا اسے تنگ کرتے ہوئے بولا۔۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

کیا اچھا ہوگا ہاں"۔۔"

عیشی دونوں ہاتھ کمر پہ رکھ کے غصے سے بولی--

ہاں بالکل"--"

ہمدان ہنسی دباتا دوبارہ سنجیدگی سے بولا--

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

دانی بھائی"--"

عیشی بائیک پہ کھڑی ہو کے ہمدان کے پاس آتے بہت پیار سے بولی تو ہمدان سمجھ گیا دوبارہ قربانی کا بکرا بنانے لگی ہے--

پلیز بچا لے نا"--"

اسکی سوالیہ نظریں دیکھ کے عیشی التجائی لہجے میں بولی--

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

نو وے"--"

ہمدان نے ہاتھ کھڑے کیئے ---

"پکا"

عیشی منہ بنا کے بولی--

"ہاں پکا"

ہمدان بھی اسی کے انداز میں بولا--

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

آہہہہہہ"--"

عیشی نے بائیک پہ کھڑے ہوتے ہمدان کے دونوں کان پکڑ لیئے---

بولے بچاؤں گا ورنہ میں بائیک سے چھلانگ لگانے لگی ہوں وہ بھی آپکے کان پکڑے ہوئے"--

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

عیشی نے چلینجگ انداز میں کہا تو ہمدان نے مزید تنگ کرنے کا ارادہ ترک کیا اور ہار مان لی ورنہ اسکا کیا پتا واقع ایسا کر جاتی--

اوہھہ شونا بچہ"۔۔"

اس کے مانتے ہی عیشی نے دونوں بازو اسکے کندھے سے ٹکائے اور گال کھنچتے ہوئے بولی۔۔۔

پہلے تو ہمدان اسکی حرکت پہ حیران ہوا بچی خود تھی بول اسے رہی تھی پھر مسکرا کے سر جھٹکا اور اسے لے کے اندھر آیا۔۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

**************

اردو ناول اور سٹوریز کی سب سے بڑی ویب سائٹ

www.urdunovelbank.com




Urdu Novel Bank website

جہاں ملے آپ کو نئے اور اچھے معیاری ناول تمام کیٹگری میں۔۔۔

گوگل پر ٹائپ کریں

Urdu Novel Bank

اور ویب سائٹ سے ڈاؤنلوڈ کریں ہزاروں مکمل ناول مفت میں

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"آہہہ"

عیشی جیسے ہی ہمدان کے ساتھ ہال کے دروازے پہ پہنچی اسکا استقبال جوتی نے کیا-- جو سیدھی جا کے اسکے دائیں کندھے پہ لگی---

آنی رکے میری بات تو سنیں "--"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

ابھی عیشی سنبھلی نہیں تھی کہ پاس آتے ہی رشی نے اسکا کان پکڑنا چاہا مگر وہ بھاگ کے ہمدان کے پیچھے ہوئی--- اب دونوں ماں بیٹی ہمدان کے آس پاس چکر کاٹ رہی تھی---

ہمدان کی بات کو اگنور کر کے رشی نے بھاگنا جاری رکھا۔۔

چھوٹی بہن سانس تو لینے دے کیا مرچیں کاٹتے ہاتھ ناک پہ لگ گیا کیا"۔۔"

عیشی نے ہمدان کے آس پاس بھاگتے رشی سے کہا جس نے دوسری جوتی بھی اتار کے اسے ماری۔۔ مگر راستے میں ہی ہمدان نے پکڑ لی۔۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

ہٹ جاو دانی آج اسے نہیں چھوڑو گی میں ۔۔ناک کٹوا دی اس نے"۔۔"

رشی ہمدان کے بازو سے پکڑ کے سائیڈ پہ کرتی ہوئ بولی۔۔۔ تو عیشی بھاگ کے صوفے کے پاس پہنچ گئ۔۔

یقین جانئے چھوٹی بہن آپکی ناک صحیح سلامت ساتھ لگی ہوئ ہے۔۔ اگر پھر بھی کٹی ہوئ لگ رہی ہے تو میں پاپا سے کہہ کے پلاسٹک کی لگوا دوں گی۔۔ آپ نے سانس ہی لینی ہے ناتب تک منہ سے لے لیں"۔۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

عیشی آنکھیں ٹمٹاتی بولی تو رشی نے صوفے کا کشن اٹھا کے اسکے سر پہ مارا اور دوبارہ پکڑنے بھاگی۔۔

عیشی بھی سر ملتی آگے آگے بھاگ رہی تھی۔۔

بہت ہی کوئی گندھی اولاد ہو تم عیشی "--"

رشی نے تھک کے کھڑے ہوتے کہا---

گستاخی معاف چھوٹی بہن مگر ریا بہن کہتی ہیں کہ جیسی ماں ویسی بیٹی "--"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

عیشی نے رشی کو مزید تپایا تو وہ -- جھاڑو لے کے اسکے پیچھے بھاگی --مگر عیشی نے ریا کے کمرے میں جاتے ہی کمرہ لاک کر لیا--- جہاں مشی سوئ ہوئ تھی اور ریا نماز پڑھ رہی تھی---

آپ فکر نا کریں آنی میں وعدہ کرتا ہوں میں بہت زیادہ محنت کراوں گا اسے اور" اب پڑھائی میں کوئی لاڈ نہیں"۔۔

رشی عیشی کے کمرے میں جاتے ہی سر پکڑ کے بیٹھ گئی ۔۔ تب ہی ہمدان اس کے پاس آیا اور اسکے کندھے پہ ہاتھ رکھ کے اختراماً گویا ہوا۔۔۔ اسکی بات سن کے رشی نے آہستہ سے سر ہلایا۔۔اور کچن میں چلی گئی ۔۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

بلی"۔۔۔"

ہمدان بھی بند دروازے کو دیکھتا مسکرا کے بولا۔۔ پھر سر مسلتا کچن میں گیا تاکہ چائے پی لے۔۔۔ ان لوگوں کے کارناموں نے سر درد کر دیا تھا۔۔۔

♡♡♡♡♡♡♡

ریا بہن یہ کب اٹھے گی؟"۔۔"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

عیشی منہ ہاتھ دھو کے آئ۔۔ تب تک ریا نماز پڑھ چکی تھی اور تلاوت کر رہی تھی۔۔۔

"اسے سونے دو عیشی جاگ گئ تو درد ہوگا اسے دوا لے کے سوئ ہے--"

ریا نے اسکو مشی کے بال سہلاتے دیکھ کے کہا--

آووو میلا شونا بچہ"--"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

ریا کی بات سن کے عیشی کے ہاتھ رکے -- ایک پل اسنے غور سے سوئ ہوئ مشی کو دیکھا-- پھر اسکی پٹی پہ آہستہ سے پیار کرکے بولی--- اور مشی کا ہاتھ پکڑ کے اسی کے تکیے پہ سر رکھے منہ اسکی سائیڈ کرکے لیٹ گئ---

اسکی بات سن کے پہلے تو ریا خیران ہوئ۔۔ پھر ہلکے سے مسکرا دی۔۔۔ وہ جانتی تھی عیشی مشی دو جسم ایک جان ہیں۔۔ یہ عام جڑواں بچوں کی طرح آپس میں کبھی نہیں لڑی تھی۔۔۔ مگر دوسروں کو چین سے رہنے نہیں دیتی تھی۔۔۔

ریا تلاوت کرکے اٹھی اور دعا مانگ کے ان دونوں پہ پھونکا جو دونوں سو گئ تھی۔۔

ریا دونوں پہ کمفرٹر سیٹ کرکے۔۔۔باہر آگئ۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

نانو مشی اور عیشی کہاں ہیں؟"۔۔"

ریا لان میں بیٹھی تھی جب اس کے پاس ضرار آیا اور ادھر ادھر دیکھتا ہوا بولا۔۔

شام کا وقت ہو رہا تھا اور آج گھر میں غیر معمولی خاموشی سب نے نوٹ کی تھی۔۔

میرے کمرے میں سو رہی ہیں"۔۔"

ریا کا جواب سن کے ضرار کو جھٹکا لگا مطلب وہ دونوں اور سکون سے سوجائیں

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

ناممکن۔۔۔

وہ ریا کو کوئی بھی جواب دیئے بغیر ریا کے کمرے میں چلا گیا۔۔

اچھا مجھے مار پڑھوا کر خود سو رہی ہیں دونوں ابھی بتاتا ہوں"۔۔"

دروازہ کھولا اور ان دونوں کو سوتا دیکھ کے وہ دانت پیستا بولا۔۔۔ پھر واپس کچن میں جا کے دراز سے شاپر نکالا اور واپس کمرے میں آیا۔۔ چپکے سے دروازہ بند کر کے وہ چیلنجنگ انداز میں منہ پہ ہاتھ پھیرتا واشروم میں گھس گیا۔۔۔ شاپر پانی سے بھر سے وہ شرارتی مسکراہٹ سجائے آہستہ سے بیڈ کے پاس گیا۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

اب آئے گا مزہ"۔۔"

ضرار زبان اوپر والے ہونٹ پہ رکھ کے آنکھوں شرارت لیئے سوچ کے مسکرایا۔۔۔

مگر جیسے ہی شاپر ان پہ الٹنے لگا اسے کچھ گھڑبڑ کا احساس ہوا۔۔۔

اوہ نو"۔۔"

ان دونوں کے حد سے زیادہ سرخ چہرے دیکھ کے وہ ٹھٹکا پھر۔۔ شاپر ایک ہاتھ میں پکڑ کے دوسرے ہاتھ سے دونوں کے گال چیک کیئے جو انگارے کی طرح تپ رہے تھے۔۔ ضرار نے پریشانی سے دونوں کو ہلایا مگر وہ ایسے ہی بے سدھ پڑھی تھی۔۔۔

ضرار بھاگ کے باہر نکلا اور شاپر ڈسٹ بن میں پھینک کے لان میں آیا جہاں ریا اور شازیب بیٹھے کوئ بات کر رہے تھے۔۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

شاہ پاپا وہ مشی اور عیشی نہیں اٹھ رہی اور دونوں کے منہ بھی سرخ ہوگئے ہیں" اور گرم بھی"---

ضرار نے گھبرائے ہوئے لہجے میں کہا تو شازیب اور ریا بھی پریشان ہوگئے اور جلدی سے کمرے میں آئے جہاں وہ دونوں ابھی بھی ویسی ہی پڑھی تھی---

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

عیشی مشی بیٹا آنکھیں کھولیں"---"

شازیب نے دونوں کو ہلایا مگر وہ ویسے ہی بے جان گڑیا کی طرح پڑھی تھی---

بھائی کیا ہوا؟"۔۔۔"

ان سب کو جلدی سے کمرے میں آتے دیکھ کے عارب بھی پیچھے آگیا اور شازیب سے پوچھا جو پریشانی میں عیشی اور مشی کو جھنجھوڑ رہا تھا۔۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

عابی ڈاکٹر ریحان کو بلاو جلدی ان دونوں کی طبیعت بہت خراب ہے"۔۔۔"

شازیب نے پریشانی سے کہا پھر عیشی اور مشی کے ماتھے پہ بوسہ دیا۔۔

جی"--"

عارب نے جلدی سے کہا اور باہر نکل گیا--ریحان انکا فیملی ڈاکٹر تھا--

زری بچے پانی اور پٹیاں لے آو"---"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

زرتاشہ کو بھی پریشانی میں وہاں آتے دیکھ کے ریا نے کہا-- پھر بیڈ کی دوسری سائیڈ سے انکے پاس بیٹھ گئ اور عیشی کا سر اٹھا کے گود میں رکھ لیا---

کیا ہوا انہیں "۔۔"

زری پٹیاں اور پانی کا باول لے کے آئ تو اس کے پیچھے رشی بھی بھاگ کے کمرے میں آئ اور دونوں کے پاس بیٹھتی پریشانی سے بولی۔۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

کچھ نہیں ہوا بیٹا بس تھوڑا بخار ہوگیا ہے تم تو جانتی ہو بچپن سے ایسی ہیں" دونوں ایک کو کچھ ہو تو دوسری بھی بیمار ہو جاتی ہے۔"۔۔

ریا نے رشی کی آنکھوں میں آنسو دیکھے تو پیار سے سمجھایا۔۔۔پھر ریا اور زری دونوں کی گردن منہ پہ گیلی پٹیاں رکھنے لگی۔۔ اور ہماہ رشی کو گلے لگا کے سہارہ دینے لگی۔۔ جو دونوں کو ہوش میں نا آتا دیکھ کے رونے لگی تھی۔۔۔

رشی کی دیکھا دیکھی ضرار بھی رونے لگا وہ بھی آواز سے تو سب نے حیران ہو کے اسے دیکھا۔۔ جو ڈھیٹوں کا سردار تھا ابھی کیسے رو رہا تھا۔۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

کچھ نہیں ہوا بیٹے وہ ٹھیک ہیں"۔۔"

شازیب نے اسے گود میں بٹھا کے کہا۔۔۔

بھائی ڈاکٹر آگئے ہیں "۔۔۔"

عارب نے کچھ دیر بعد آکے کہا پھر انکے کہنے پہ ڈاکٹر کو اندھر لے آیا تمام خواتین دوسرے کمرے میں چلی گئ وہاں شازیب عارب خنان امان اور ضرار تھے عیشی اور مشی کے پاس۔۔۔

شاہ صاحب فکر کی کوئ بات نہیں ہے چوٹ کی وجہ سے بخار ہوگیا ہے اس بچی" کو میں نے انجیکشن لگا دیا ہے تھوڑی دیر میں انہیں ہوش آجائے گا انکی خوراک صحیح رکھیں خون کی کمی پوری کرنے کے لیئے۔۔ اور دوسری بچی کے بخار کی کچھ سمجھ نہیں آئ شاید گرمی میں کوئ ٹھنڈی چیز کھانے سے انکو ٹھنڈ لگ گئ ہے۔۔ انکی بھی دوائ لکھ دی ہے یہ بخار کا سیرپ ہے کھانے کے بعد دونوں کو دو دو چمچ

پلا دیں۔۔ اور بچی کے زخم کے لیئے کچھ جرمز کیلر لکھیں ہیں جب تک سٹریچ نہیں اترتے تب تک زخم اس سے دھونا ہے تاکہ خراب نا ہو"۔۔۔

ڈاکٹر نے چیک اپ کے بعد دونوں کو انجیکشن لگائے پھر پیشہ ورانہ انداز میں مسکرا کے تفصیل بتائی۔۔۔ ڈاکٹر کی بات سن کے سب پرسکون ہوگئے۔۔۔ پھر شازیب نے ڈاکٹر کا شکریہ ادا کیا اور عارب ڈاکٹر کو باہر چھوڑنے چلا گیا۔۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

پاپا لائیں ہم دوائی لے آتے ہیں"۔۔"

امان نے شازیب سے پرچی اور پیسے لیئے اور خنان کو لے کے باہر چلا گیا۔۔۔ تب ہی ریا رشی زرتاشہ اور ہماہ اندھر آئ۔۔۔

کیا کہا ڈاکٹر نے۔۔؟"۔۔"

رشی نے پریشان انداز میں شازیب سے پوچھا جو بیڈ کے درمیان میں بیٹھا تھا اور عیشی مشی کے سر اپنی گود میں رکھے ہلکے ہلکے انداز میں سر دبا رہا تھا۔۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

کہتا ہے کوئ ٹینشن کی بات نہیں ہے ۔۔ رات تک ٹھیک ہوجائے گیں"۔۔"

شازیب کے بتاتے ہی رشی بیڈ کے پاوں والی سائیڈ بیٹھ گئ اور آہستہ آہستہ مشی کے دبانے لگی۔۔

♡♡♡♡♡♡♡

کیا ہوگیا میری شہزادیوں کو؟"۔۔۔"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

مغرب کے ٹائم عازب گھر آیا تو زری نے اسے عیشی مشی کا بتایا۔۔۔ وہ ریا کے کمرے میں انکو دیکھنے آگیا جہاں اب وہ دونوں ہوش میں تھی۔۔ عیشی شازیب کی

دائیں طرف سینے پہ سر رکھ کے لیٹی تھی اور مشی بائیں طرف۔۔ شازیب دونوں کے بالوں کو سہلا رہا تھا ساتھ کوئ سٹوری سنا رہا تھا۔۔

بڑے پاپا مجھے چوٹ لگ گئ"۔۔"

مشی نے منہ بنا کے کہا تو عازب نے بیڈ پہ بیٹھ کے پیار سے اسے گود میں اٹھایا اور سر پہ پیار کیا۔۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

اور میری دوسری شہزادی کو کیا ہوا؟"۔۔"

عازب نے عیشی کی طرف دیکھتے پیار سے پوچھا جو ابھی شازیب کے بیٹھتے ہی گود میں بیٹھ گئ اور کندھے پہ سر رکھ لیا۔۔

چھوٹی بہن نے جوتا اور کشن مارا تو مجھے بخار ہوگیا"۔۔"

عیشی معصوم منہ بنا کے بال پیچھے کرتی بولی تو عازب نے بمشکل ہنسی روکی۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

دونوں بہنوں کے منہ سرخ ہوئے تھے۔۔

یہ بھی بتاو نا مارا کیوں"۔۔۔"

دروازے سے آتی رشی عیشی کی بات سن کے بولی اور ہاتھ میں پکڑا سوپ کا باول سائیڈ ٹیبل پہ رکھا۔۔ اسکے پیچھے ضرار تھا جس نے دوسرا سوپ کا باول اٹھایا ہوا تھا۔۔ اس نے بھی اپنا باول رشی کے باول کے ساتھ رکھا۔۔

کیونکہ صبح سے مارا نہیں تھا تو سکون نہیں ملا"۔۔"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

عیشی نے منہ بنا کے کہا تو رشی نے دانت پیسے کہ اس آفت کی پڑیا کو ابھی بھی آرام نہیں ۔۔۔

اچھا اچھا لڑنا بند کرو۔۔ عازب شازیب بچیوں کو سوپ پلا کے باہر لاو سب کے "لیئے ایک سرپرائز ہے میرے پاس"۔۔

ریا نے جلدی سے کہا اور رشی کو لے کے باہر چلی گئی۔۔۔عازب اور شازیب نے دونوں کو سوپ پلایا جو پہلے منہ بنا رہی تھی اب سرپرائز کے چکر میں جلدی جلدی پینے لگی۔۔۔

visit for more novels: www.urdunovelbank.com

سوپ پلا کے منہ صاف کرتے دونوں کو اٹھا کے عازب اور شازیب باہر آ گئے جہاں گھر کے سب لوگ اکھٹے تھے سوائے ہمدان کے وہ اکیڈمی گیا تھا۔۔۔

کیا سرپرائز ہے آنی؟"--"

جب سب ہال میں آگئے تو عارب نے پوچھا--

"سرپرائز تو بچوں کے لیئے ہے"

ریا نے مسکرا کے کہا تو بچے بھی تجسس سے دیکھنے لگے--

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

کیا سرپرائز ہے نانو جلدی بتائیں نا؟"۔۔"

اماں نے بھی تجسس سے پوچھا۔۔

سرپرائز یہ ہے کہ کل شام آپ لوگوں کے نانا ابو آرہے ہیں پاکستان"۔۔۔"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

ریا نے مسکراتے ہوئے کہا تو سب کے چہرے خوشی سے چمک اٹھے ۔۔۔ احرار صاحب کافی وقت سے باہر تھے۔۔ عیشی مشی دو سال کی تھی جب رشی کے دادا ابو کی وفات ہوگئ۔۔ انکے جانے کے تین ماہ بعد احرار صاحب باہر چلے گئے۔۔۔

نانا ابو کیسے ہوتے ہیں؟"--"

مشی نے الجھ کے سوال کیا تو سب ہنسنے لگے--

جیسے ہمدان اور منال لوگوں کے نانا ابو ہیں"--"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

ریا نے پیار سے کہا--

جن سے آپ کال پہ بات کرتی ہیں"--"

عازب نے اسے گود میں بٹھاتے ہوئے کہا۔۔

وہ تو انکل ہیں ینگ سے اور ریا بہن کہہ رہی ہیں کہ نانا ابو دانی بھائی لوگوں کے " نانا ابو جیسے ہوتے ہیں"۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

مشی نے منہ بناتے سوال کیا تو سب ہنسنے لگے ۔۔ رشی نے سر پکڑا ۔۔۔ کہ ان کو سمجھانا بھینس کے آگے بین بجانے کے مترادف ہے اگر یہ دونوں نا سمجھنا چاہیں۔۔۔

اور مجھے بھی کچھ بتانا ہے سب کو"---"

ہماہ سب کو جوس دیتی بولی--

کیا؟"--"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

اب کی باری سوال ضرار نے کیا تھا---

کل صبح منال واپس آ رہی ہے اب وہ یہاں ہی رہے گی ہمارے ساتھ۔۔ وہ"

شام میں سب اکھٹے ائیر پورٹ جائیں گے"۔۔۔

ہماہ نے مسکراتے ہوئے کہا تو سب بچوں نے یاہووو کیا۔۔۔

واووو بہت مزہ آئے گا ہم ایک ساتھ کھیلا کرے گے اور منوں آپی کے ساتھ"

پارک بھی جایا کریں گے"۔۔

عیشی خوشی سے بولی تو سب مسکرانے لگے۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

ہاں اور تم لوگوں کی شرارتوں کے مزید سپورٹرز آرہیں ہیں"۔۔"

امان نے دونوں کو آنکھیں دیکھاتے ہوئے کہا تو عیشی نے اسے زبان دیکھائ۔۔ مگر وہ بچارہ کچھ نا کر سکا کیونکہ عیشی شازیب کی گود میں تھی۔۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

مشی عیشی چلو یہ دودھ پیو دونوں مجھے تم لوگوں کو دوائ پلانی ہے"۔۔"

کھانا کھانے کے بعد جب سب لوگ اپنے اپنے کمرے میں چلے گئے تو رشی دونوں کو انکے کمرے میں لے کے آئ اور دودھ کے گلاس دونوں کو پکڑائے جو برے برے منہ بنا رہی تھی---

چھوٹی بہن یہ نہیں اچھا ہوتا"--"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

عیشی نے معصومیت سے کہا تو رشی نے اسے گھورا اور آنکھوں سے دودھ پینے کا اشارہ کیا-- خود سیرپ کی بوتل ہلانے لگی--

چھوٹی بہن زبردستی دودھ پلایا جائے تو پیٹ میں کیڑے پڑھ جاتے ہیں"--"

مشی نے بھی بہانہ بنایا تو رشی نے سیرپ کی بوتل پٹخنے والے انداز میں سائیڈ ٹیبل پر رکھی اور غصے سے دونوں کے پاس آئ۔۔

کیڑے تو تم دونوں میں ویسے بھی پائے جاتے ہیں جو سکون سے بیٹھنے نہیں" دیتے۔۔ اب جلدی سے ختم کرو اسکو ورنہ میں نے زبردستی پلانا ہے"۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

رشی نے دونوں کے گلاس انکے منہ کے ساتھ لگاتے ہوئے کہا تو دونوں بچارا سا منہ بنا کے پینے لگی کیونکہ اس وقت ان دونوں کا کوئ سپورٹر وہاں موجود نہیں تھا۔۔۔

چھوٹی بہن پانی دیں آہہہ"--"

عیشی نے آدھا گلاس دودھ کا پی کے برا سا منہ بناتے چیخ کے پانی مانگا تو رشی کو حیرانی ہوئی کہ یہ کیسی عوام ہے جو دودھ میں بھی پانی مانگ رہی ہے--

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

عیشی ڈرامے مت کرو اور جلدی ختم کرو اسے"--"

رشی نے آنکھیں دیکھاتے ہوئے کہا تو عیشی نے معصوم منہ بناتے دوبارا گلاس منہ سے لگایا--

چلو اب یہ سیرپ لو "--"

ان دونوں کے دودھ ختم کرتے ہی رشی نے کہا---

چھوٹی بہن اتنی کڑوی دوائی"--"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

عیشی سیرپ پیتے ہی ساری زبان باہر نکالتے برے برے منہ بنانے لگی---

چپ کرو عیشی ۔۔ چلو مشی منہ کھولو"۔۔۔"

رشی نے عیشی کو گھورتے ہوئے کہا تو وہ منہ بنا کے چپ ہوگئی ۔۔

پھوووووو"۔۔"

رشی نے جیسے ہی سیرپ سے بھرا چمچ مشی کے منہ میں ڈالا تو فوارے کی صورت ساری دوائی مشی کے منہ سے فرش پہ آ کے گری۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

ہاہاہاہاہاہاہاہاہ"--"

رشی صدمے میں فرش اور مشی کو دیکھ رہی تھی تب ہی عیشی کا قہقہہ پورے کمرے میں گھونجا--

چپ بالکل چپ عذاب ہو تم لوگ میری زندگی کا"---"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

رشی نے غصے سے انگلی دیکھاتے کہا--

اور مشی کو پکڑ کے واشروم لے گئ کیونکہ کچھ دوائ اسکے کپڑوں پہ بھی گری تھی---

آہھھہ"--"

رشی جیسے ہی مشی کے کپڑے بدل کے باہر لائی اس نے زور زور سے رونا شروع کر دیا---

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

آلے آلے میلا شونا بچہ مالا چھوٹی بہن نے چپ ہم نانا ابو کو بتائیں گے"--"

رشی مشی کے رونے پہ اسے حیرانی سے دیکھ رہی تھی تب ہی عیشی نے مشی کو بازو سے پکڑ کے بیڈ پہ لٹایا اور ماتھے پہ پیار کرتی اسے بہلانے لگی--- رشی نے

حیران ہوکے اس آفت کی پرکالا کو دیکھا۔۔پھر انکو انکے حال پہ چھوڑی فرش صاف کرنے لگی۔۔ اپنے کام سے فارغ ہوئ تب تک وہ دونوں سو چکی تھی۔۔۔ معصوم شکلیں دیکھ کے رشی کو بے حد پیار آیا۔۔ دونوں کے ماتھے چوم کے کمفرٹر سیٹ کرتی باہر چلی گئ۔۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

ہمیں نہیں پتا ہمیں نئے کپڑے چاہیئے"۔۔"

صبح صبح ہر طرف گہما گہمی تھی-- عارب اور ہماہ منال کو لینے چلے گئے تھے-- زری اور رشی کچن میں کھانا بنانے میں مصروف تھیں مہمانوں کے لیئے-- ریا کمروں کی صفائی کروانے میں مصروف تھی-- تو وہاں عیشی اور مشی نیا مسلہ اٹھائے کھڑی تھی--

بیٹا ابھی تو لیئے ہیں آپ کے کپڑے وہی پہن لے شام میں جانا ہے ویسے بھی"--

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

زری ٹرائفل پہ ڈرائی فروٹس سجھاتی ہوئی بولی--

نہیں نہیں نہیں نانا ابو پہلی بار آ رہے ہیں کیا سوچیں گے ہمیں پرانے کپڑوں میں دیکھ کے"۔۔

عیشی دونوں ہاتھ کمر پہ رکھ کے بولی تو رشی نے گھور کے اسے دیکھا۔۔

پرانے کہاں سے ہوگئے ابھی تک پہنے تو ہے نہیں تم دونوں نے"۔۔"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

رشی نے چھری شیلف پہ پٹختے ہوئے دونوں کی کلاس لی ۔۔۔

تو چھوٹی بہن ہو تو پرانے ہی گئے نا"--"

عیشی ناک چڑاتی بولی تو رشی نے غصے کا گھونٹ بھرا--

جاو یہاں سے مجھے بہت کام ہیں غصہ نا دلاو"---"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

رشی دوبارا کام کرتے بولی---

تو ہمیں شاپنگ کون کرائے گا؟"--"

مشی نے معصومیت سے پوچھا تو رشی غصے سے پیچھے مڑی ---

چلو بچوں آو میرے ساتھ"--"

رشی کے ان تک پہنچنے سے پہلے ہی ریا وہاں آئ اور دونوں کو ساتھ لے گئ---

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

ریا بہن کپڑے"--"

ریا کے کمرے میں آتے ہی پھر دونوں کی سوئ وہی اٹک گئ۔۔۔

چلو میں تم لوگوں کو کہانی سناتی ہوں"۔۔"

بیڈ پہ دونوں کو بٹھا کے پاس بیٹھتے ریا نے انکا دھیان ہٹانے کے لیئے کہا۔۔ تب ہی ضرار بھی وہاں آگیا۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

اچھا تو ایک دفعہ کا ذکر ہے ایک شہر میں ایک آدمی رہتا تھا"۔۔"

ریا نے بولنا شروع کیا تو تینوں خاموش ہو گئے ۔۔۔

وہ زیادہ امیر نا تھا ایک دوکان تھی اسکی"۔۔"

انکو خاموش دیکھ کے ریا نے سکھ کا سانس لیا اور کہانی آگے بڑائی مگر یہی عیشی کی زبان پھر پھسلی۔۔

کیا اسکی کپڑوں کی دوکان تھی ریا بہن؟"۔۔"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

عیشی نے تجسس سے پوچھا تو ریا نے سر پیٹا۔۔

"نہیں اسکی روئی بیچنے کی دوکان تھی۔۔"

ریا نے کپڑوں کا ذکر نکالنے کے لیئے ٹال کے کہا۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

کیا اس روئی سے کپڑے بنتے تھے؟"۔۔"

مشی نے سوال کیا تو ریا بچاری تپ گئی۔۔

مجھے نہیں پتا چپ کر کے کہانی سنو"۔"

ریا نے تھوڑا غصے سے کہا تو دونوں چپ ہوگئ۔۔

ہاں تو اس کی ایک بیٹی تھی جسے امیر ہونے کا بہت شوق تھا تاکہ وہ زیادہ"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

سارے پیسوں سے ساری پسند کی چیزیں خرید لے"۔۔

ریا نے مسکراتے ہوئے کہا۔۔

کپڑے بھی خرید سکے ہے نا"۔۔"

اب کی بار سوال ضرار نے کیا تو ریا نے بے بسی سے ان تین جنوں کی دم کو دیکھا جن کی سوئی کپڑوں سے آگے جا ہی نہیں رہی تھی۔۔

ہاں اب چپ کر کے سنو"۔۔"

ریا نے ہار مانتے ہوئے کہا تو تینوں کے چہرے خوشی سے چمکے۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

تو ایک دن وہ جنگل میں گئ جو شہر کے راستے میں آتا تھا۔۔ اور راستہ بھول گئ۔۔" اچانک تیز بارش شروع ہوگئ اور وہ ڈر کے رونے لگی۔۔ تب وہاں ایک نورانی چہرے والے بابا جی آئے"۔۔

"توکیا بابا جی شہر کپڑے لینے گئے تھے؟"۔۔۔"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

عیشی نے ریا کی بات کاٹ کے سوال کیا تو ریا کا چہرہ غصے سے سرخ ہونے لگا۔۔۔

گستاخی مت کرو وہ بہت بڑے بابا جی تھے"۔۔۔"

ریا نے تھوڑا جھڑک کے کہا۔۔۔

کیا ٹرک میں بیٹھ کے آئے تھے"۔۔"

اب کی بار سوال ضرار نے کیا تو ریا نے اسے گھور کے چپ کرنے کو کہا۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

بھئی وہ بہت نیک تھے انکی دعائیں قبول ہوتی تھی"۔۔"

ریا نے سمجھاتے ہوئے کہا۔۔

کیا اب بھی ایسے بابا جی ہیں کیا"۔۔"

عیشی نے سوال کیا تو ریا نے ناسمجھی سے اسے دیکھا۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

وہ مجھے بھی دعا کرانی ہے نا کہ کپڑے مل جائیں "۔۔"

اب کی بار ریا کی برداشت ختم ہوگئ اور تینوں کو ڈانٹ کے بیڈ سے نیچے اتارا۔۔ تب ہی دروازے پہ کھڑے ہمدان نے زور دار قہقہہ لگایا جو کب سے انکی کہانی سن رہا تھا۔۔۔

"رہنے دے دادو میں انکو لے کے جا رہا ہوں چاچو نے کہا ہے انکو شاپنگ کرا دوں"۔۔

ہمدان نے شازیب کا بتاتے ہوئے کہا تو تینوں خوشی سے اچھلے اور جلدی جلدی جوتے پہن کے ہمدان کے ساتھ چل پڑھے ۔۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

توبہ ہے رشی اور عارب کے بچے ان سے بھی چار ہاتھ آگے ہیں "---"

ریا نے سر پکڑ کے کہا--

"بھائی یہ والے کپڑے چاہیے

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

عیشی نے ایک سوٹ پکڑ کے کھینچتے ہوئے کہا جو پہلے ہی ایک اور کسٹمر پسند کر چکے تھے اور ان کے ساتھ موجود بچی عیشی سے بھی زیادہ ضدی تھی--

نہیں یہ میرے ہیں"--"

عیشی کے ہاتھ سے شرٹ کھینچتے ہوئے اس بچی نے غصے سے گھورتے ہوئے کہا---

مشی اور ضرار اپنے کپڑے لے چکے تھے بس عیشی نے ہی رولا ڈالا ہوا تھا--

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

تمہارا نام نہیں لکھا وا"--"

عیشی نے شرٹ واپس کھینچتے ہوئے کہا-- جبکہ شاپ کیپر ہمدان اور اس بچی کے والد ساکت کھڑے دونوں کو دیکھ رہے تھے---

وہ تو تمکا بھی نہیں لکھا"۔۔"

وہ بچی بھی ہار ماننے کو تیار نا تھی سو دوبارا شرٹ کھینچ کے بولی۔۔۔

تم"۔۔"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

عیشی نے غصے سے انگلی اٹھا کے کہا اور پھر ادھر ادھر دیکھا۔۔ ہمدان تب ہی سمجھ گیا اب بھاگنے کے لیئے تیار ہو جاو۔۔۔

لو لو پہنو اب"--"

شرٹ کا بازو کھینچ کے اتارتے عیشی نے شرٹ اسکی طرف پھینکتے ہوئے کہا-- جو آنکھیں پھاڑے شرٹ کو دیکھ رہی تھی--

اس سے پہلے کسی کو سمجھ آتی ہمدان نے عیشی کو کندھے پہ ڈالا اور دوڑ لگا دی کیونکہ شاپ کیپر اسے ہی خون خوار نظروں سے دیکھ رہا تھا---اور اسکے پاس ان اتنے ہی پیسے بچے تھے جس میں عیشی کے کپڑے آتے -- شاپ کیپر نے انکے پیچھے بندے بھگائے مگر تب تک ہمدان بائیک روڈ پہ لا چکا تھا اور فل سپیڈ سے آگے بڑھا دی---

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

اہہہہ میرے کپڑے"---"

عیشی چیختی رہی مگر ہمدان نے اسکی بات نا سنی اور بائیک چلاتا رہا آخر عیشی کا صبر ختم ہوا اور اس نے ہمدان کی کمر پہ مکے برسانا شروع کر دیئے--

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

کیا ہو گیا ہے باکسر بننے کے لیئے میری ہی کمر ملی ہے کیا---؟"--"

ہمدان نے تھوڑا آگے جاتے ہی بائیک روک کے کمر سہلاتے ہوئے کہا--

باکسر کے کچھ لگتے میرے کپڑے کیا سگنل سے لے گے"۔۔"

عیشی نے بائیک سے اتر کے دونوں ہاتھ کمر پہ رکھ کے ناک چڑا کے کہا۔۔

توکس نے کہا تھا ہر جگہ لڑائی کریں عیشی میڈم۔۔ جیسی آپ کی حرکتیں ہیں نا"
آپکو آن لائن چیزیں منگا کے دینی چاہیئے ایسی خطرناک چیزیں پبلک پلیز کے لیئے
نہیں"۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

ہمدان نے بھی بدلے میں بائیک پہ بیٹھتے ہی دونوں ہاتھ کمر پہ رکھ کے عیشی کی نقل اتارتے ہوئے کہا تو مشی اور ضرار نے زور دار قہقہہ لگایا۔۔ جس سے عیشی مزید تپ گئ۔۔

جائیں مجھے جانا ہی نہیں آپ کے ساتھ"۔۔"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

عیشی نے غصے سے کہا اور فٹ پاتھ پہ چلنے لگی۔۔

آلے آلے میلا شونا بچہ نلاج ہوگیا تیا"۔۔"

ہمدان نے بائیک ساتھ ساتھ چلاتے عیشی کی ہی ایکٹنگ کرتے ہوئے کہا جو اکثر ایسے بولتی تھی--

ہنننن"--"

عیشی نے رک کے ایک نظر انکو دیکھا پھر زور سے سر جھٹکتے ہننن کیا اور دونوں بازو سینے پہ باندھ کے منہ پھلائے آگے چل پڑھی--

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

ہمدان اسکی ناک کو دیکھ کے مسکرایا جو غصے سے سرخ ہوگئ تھی-- پھر بائیک پاس لاتے کھینچ کے اسے بائیک پہ ڈال لیا-- وہ سارا راستہ غصے سے دھمکیاں دیتی رہی مگر وہ کان بند کیئے بائیک چلاتا رہا-- آخر ایک شاپ پہ بائیک روک کے

ہمدان نے ویسے ہی اسکو کپڑے لے کے دیئے جیسے پہلے والی شاپ پہ پھاڑ کے آئی تھی۔۔ مگر عیشی کا منہ پھر بھی بنا رہا۔۔ اسکا موڈ ٹھیک کرنے کے لیئے ہمدان نے آئس کریم کھلائی اور کافی ٹائم باہر گزار کے لنچ کے ٹائم گھر پہنچے جہاں سب مہمان آچکے تھے۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

" السلام علیکم منو آپی "

منال کو دیکھتے ہی ضرار عیشی اور مشی نے اسکو سلام کیا اور بھاگتے ہوتے اسکے پاس آئے۔۔۔اس سے ملنے کے بعد باقی سب سے بھی ملے۔۔

"منو آپی آپ میرے ساتھ کھیلے گی نا۔"

عیشی نے ایکسائٹنگ ہوتے ہوئے پوچھا۔۔

نہیں میرے ساتھ"۔۔"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

منال کے بولنے سے پہلے ضرار نے جواب دیا اور منال کا بازو پکڑ کے ساتھ بیٹھ گیا

--

چھوڑے انہیں آپ بتائیں آپکو کونسی سٹوری پسند ہے"--"

عیشی اور ضرار کو لڑتا دیکھ کے منو مسکرا رہی تھی جب مشی نے سوال کیا--

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

مجھے آہم "--"

چھوڑے سٹوری آپ بتائیں مووی کونسی پسند ہے"--"

مشی کے سوال پہ ابھی منال کچھ بولتی ضرار جلدی سے بات کاٹ کے بولا --

ان دونوں کو چھوڑیں ان کے شوق ہی فضول ہیں آپ بتائیں آپکو کارٹون کونسے" پسند ہیں-- مجھے تو لیڈی بگ-- ماشا اینڈ دی بیئر -- ٹام اینڈ جیری اور"--

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

فضول کارٹون سارے منو آپی آپ پیٹر پین دیکھو بہت مزے کے ہیں"--"

منال بت بنی ان تین آفت کی پڑیوں کو دیکھ رہی تھی جو ایک دوسرے کی سننے کی بجائے اپنی ہی سنائ جا رہے تھے-- عیشی کی کارٹون والی بات مشی نے کاٹی تو اسے تو آگ ہی لگ گئ--

ہاں ہاں یہ اس لیئے لیڈی بگ کارٹون کو برا بول رہی ہے اسکی شکل جو کلوئ" سے ملتی ہے (کلوئ لیڈی بگ کارٹون میں ایک کارٹون کردار ہے)--"--

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

عیشی نے ہنہن کرکے بات کی تو مشی صدمے سے شیشے کے پاس گئ اور ہر اینگل سے اپنا جائزہ لینے لگی کہ کہاں سے وہ کلوئ لگ رہی ہے (کلوئ کارٹون کا نیگٹیو کریکٹر ہے)-- منال تو بت بنی ان تینوں کی حرکتیں دیکھ رہی تھی-- جبکہ

ضرار کبھی غور سے عیشی کو اور کبھی مشی کو دیکھتا جن میں صرف آنکھوں کے کلر کا فرق تھا۔۔اور عیشی کو نچلے لب کے ساتھ دائیں سائیڈ کوئ بھی بات کرنے سے ڈمپل پڑھتا تھا۔۔ آنکھیں ایک کی سرمئ تھی اور دوسری کی سنہری۔۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

بس کرو کیوں میری بیٹی کو تنگ کر رہے ہو تم تینوں چلو کھانا کھاو چل کے۔۔ پھر" تیار بھی ہونا ہے کچھ دیر بعد ائیر پورٹ جانا ہے"۔۔

ریا نے کمرے میں آتے ہی منال کے ماتھے پہ پیار کیا پھر ان تینوں کو ڈانٹا جو لڑنے میں مصروف تھے۔۔

ریا کی بات سن کے سب نے باری باری ہاتھ دھوئے پھر باہر آگئے --جہاں رشی زری اور ہماہ کھانا لگا رہی تھیں--

انکے بچے چاہے جتنے مرضی شرارتی ہو کچھ معاملوں میں بالکل کوئی چھوٹ نہیں تھی--

جیسے کھانے سے پہلے ہاتھ دھونا-- بسمہ اللہ پڑھنا--دائیں ہاتھ سے کھانا کھانا--

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

♡♡♡♡♡♡

کھانا کھانے کے بعد سب بڑھے کاموں میں لگ گئے-- مشی کے سر میں درد ہو نے لگا چوٹ کا تو رشی نے اسے سیرپ پلایا-- جس سے وہ جلد ہی سو گئی-- اسکے

سوتے ہی عیشی بھی اسکے پاس بیٹھے پاوں بیڈ سے نیچے کیئے سر مشی کے تکیے پہ ٹکائے بیٹھنے والے انداز میں سوگئ۔۔ گھر میں ہر کوئ کسی نا کسی کام میں مصروف تھا۔۔

آنی مجھے ٹیپ چاہیئے آپکے پاس ہوگی"۔۔"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

ہمدان نے رشی کے پاس آکے پوچھا جو کچن میں دھلے ہوئے برتن سمیٹ رہی تھی۔۔

بھی مجھے دوبارا انجیکشن لگا تو پھر ایسے ہی ہوجائے گا۔۔ آپکو اس لیئے بتا رہی ہوں

کیونکہ آپ مجھے شکل سے غریب لگ رہے ہیں کیا آپ چاہتے ہیں کہ آپ جیل

جائیں۔۔ میرے گھر والے تو انجیکشن لگوائیں گے کیونکہ روڈ پہ گری ہوں۔۔ جبکہ

کچھ بھی ہوا تو سزا آپکو ملے گی"۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

جب شاہ حنان ہمدان اور ضرار کی بازووں پہ پٹی کرا رہے تھے۔۔ تب ایک نرس

انجیکشن لے کے عیشی کے پاس آئ تو عیشی نے معصوم شکل بنا کے سرگوشی

کی۔۔ نرس نے اسے غور سے دیکھا تو اسے یہ سب سچ لگا۔۔ اور اس ہسپتال میں

پہلے بھی ایک ایسا کیس ہو چکا تھا جس میں ڈاکٹر کو جیل جانا پڑا۔۔ جس کی وجہ سے وہ مزید ڈری اور عیشی سے پوچھا اب کیا کرے۔۔ تب ہی عیشی نے آس پاس دیکھ کے سب سے نظریں بچا کے نرس کو اشارہ کیا کہ انجیکشن ڈسٹ بن میں پھینک دو۔۔ نرس نے ایسا ہی کیا اور ڈاکٹر کو کہا کہ لگا دیا ہے۔۔ سب نے حیرانی سے عیشی کو دیکھا کہ وہ اور خاموشی سے انجیکشن لگوا لے نا ممکن۔۔ مگر عیشی کی شکل دیکھ کے اندازہ لگایا شاید تکلیف زیادہ ہے اس لیئے نہیں بولی۔۔ پھر ڈاکٹر نے تینوں کو دوائیاں دی اور کچھ دن آرام کرنے کا کہا۔۔ فیس دیتے ہی حنان اور شاہ ان تینوں کو گھر لے آئے جہاں سب انکا ویٹ کر رہے تھے۔۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"عیشی بہت برا ہوا ہے منو آپی خط کا جواب لکھے گی"

جب تینوں گھر آئے تو تینو کو انکے کمروں میں پہنچا دیا گیا۔۔ رات کھانے کے بعد عیشی لیٹی تھی جب مشی نے پریشانی سے بتایا تو عیشی کی پوری آنکھیں کھل گئ۔۔ ساتھ ہی کمرے میں آتا امان بھی مشی کی بات سن کے رک گیا۔۔ اور دروازے پہ کھڑا ہوگیا تاکہ اپنی بہنوں کا کارنامہ جان سکے ۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"تمھیں کس نے کہا؟"

عیشی نے پریشانی سے پوچھا ۔۔

آج منو آپی شزا آپی سے کال پہ بات کر رہی تھی تب میں نے سنا۔۔ شزا آپی" نے ہی انہیں فورس کیا کہ جواب دو"۔۔

مشی نے انگلیاں مروڑتے ہوئے کہا۔۔

یہ کونسے خط کی بات ہو رہی ہے؟"۔۔"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

مشی کی بات سن کے عیشی سوچنے لگی۔۔ اس سے پہلے کہ وہ اگلا پلان بتاتی امان اندھر آتا ہوا بولا تو دونوں نے گھبرا کے اسے دیکھا۔۔

کچھ نہیں بھائی "--"

عیشی خود کو نارمل کرتی بولی--

سچ سچ بتاو کیا کیا ہے تم دونوں نے؟"--"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

امان نے سخت گھوری سے نوازتے ہوئے کہا--

مان بھائی وہ"--"

عیشی نے مشی کو چپ رہنے کا اشارہ کیا مگر وہ نظرانداز کرتی سب بتانے لگی تو عیشی نے دانت پیسے اور آہستہ سے امان کی طرف دیکھا جس کے غصے کے اتار چڑاو بتا رہے تھے کہ خیر نہیں اب

بھائی ہم نہیں چاہتے تھے کہ دونوں کے ساتھ غلط ہو اس لیئے یہ کیا"--"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

مشی کی بات ختم ہوئی تو امان خاموشی سے دونوں کو گھور رہا تھا--جب عیشی ممنناتے ہوئے بولی---

تم دونوں کب بڑھی ہوگی معلوم بھی ہے کیا کر آئ ہو اُفف ۔۔ عیشی مشی کیا" کھاتی ہو دونوں ایک پل سکون نہیں ہے اور نا دوسروں کو لینے دیتی ہو"۔۔

امان سخت غصے میں بولا۔۔

سوری بھائ"۔۔"

دونوں نے سر جھکائے ہوئے کہا تو امان نے دونوں کو باری باری دیکھا۔۔ پھر کمرے میں چکر کاٹنے لگا۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

اب تم دونوں کچھ نہیں کرو گی میں خود دیکھ لوں گا اس معاملے کو خبر دار جو اب "کچھ کیا تو۔۔وعدہ کرو مجھ سے "۔۔

امان نے دونوں کو وارن کیا تو دونوں مان گئ۔۔ انکو گڈنائٹ کہتا وہ باہر نکلا اب جو کرنا تھا اسے ہی کرنا تھا۔۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

صبح صبح مشی بھی ضد پہ اڑی تھی کہ عیشی کالج نہیں جائے گی تو میں بھی نہیں جاوں گی۔۔ تب ہی امان کمرے میں آیا جہاں مشی کو رشی ڈانٹ رہی تھی۔۔

مشی جلدی تیار ہوجاو میں چھوڑ دیتا ہوں "--"

امان نے سنجیدگی سے کہا تو مشی منہ بناتی تیار ہونے لگی تو رشی نے سکون کا سانس لیا اور کھانا بنانے چلی گئ-- امان بھی موبائل پہ کچھ ٹائپ کرتا باہر نکل گیا-- اور عیشی کو بول گیا کہ مشی کو جلدی باہر بھینجنا-- عیشی بیڈ کراون سے ٹیک لگا کے بیٹھے سب کو دیکھ رہی تھی انجیکشن نا لگوانے کی وجہ سے اب اسکا جسم دکھ رہا تھا--

کیسی طبیعت ہے اب عیشی؟ "--"

ہمدان کمرے میں آتا بولا تو عیشی نے حیرانی سے اسے دیکھا جسکا اکسیڈنٹ ساتھ ہی ہوا تھا اور وہ یو گھوم رہا تھا۔۔

"میں ٹھیک دانی بھائی آپ کیسے ہیں اور آرام کیوں نہیں کیا؟"۔۔

"میری طبیعت اب ٹھیک ہے مگر رشی آنی بتا رہی تھی تمھیں درد ہے"۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

ہمدان نے پوچھا تو عیشی نے معصوم شکل بنا کے سر ہاں میں ہلایا۔۔

اور نا لگواو انجیکشن "۔۔"

ہمدان نے اسکی آنکھوں میں دیکھ کے کہا تو عیشی کو جھٹکا لگا یعنی وہ جانتا تھا۔۔

عیشی نے منت بھرے لہجے میں اسکو چپ رہنے کا کہا پھر واشروم کے بند دروازے کو دیکھا کہ مشی نا سن لے۔۔ پھر کچھ باتوں کے بعد ہمدان نے اسے شام میں ریڈی رہنے کا کہا تاکہ دوبارا چیک اپ کرا سکے اور کمرے سے نکل گیا۔۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"بھائی اندھر چھوڑ کے آئے آپ نے وعدہ کیا تھا"

امان جب بائیک پہ مشی کو لے کے کالج کے باہر پہنچا تو مشی نے ضدی لہجے میں کہا۔۔ امان بھی بائیک اندھر لے گیا اور اسے کلرک روم کے پاس اتارا۔۔

بائیک واپس موڑتے ہی کانچ کے ٹکڑے پہ ٹائر آنے کی وجہ سے ٹائر سے ہوا نکل گئ تو امان نے غصے سے بائیک کی ٹینکی پہ ہاتھ مارا اور ادھر ادھر مدد طلب نظروں سے دیکھا جب تھوڑا دور اسے ایک لڑکی سکوٹی پہ آتی نظر آئ۔۔ امان بائیک سے اتر کر بائیک ساتھ لیئے اسکی جانب بڑھا جو اب اپنی سکوٹی پارکنگ ایریا میں کھڑی کر کے ہیلمٹ اتار رہی تھی۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

ایکسکیوز می "۔۔"

اسکی امان کی طرف کمر تھی جب امان نے پیچھے سے بلایا۔۔ مگر جیسے ہی وہ پلٹی دونوں کو جھٹکا لگا۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"تم۔۔ تم میرا پیچھا کر رہے تھے"

نازلی نے سامنے امان کو دیکھا تو غصے سے بولی ۔۔

او میڈم جا کے شیشہ دیکھو آئی بڑھی شہزادی جو کوئی پیچھا کرے گا"۔۔"

امان اپنا مسلہ بھول کے اس سے لڑنے لگا۔۔

تم سے بہتر ہی ہے"۔۔"

نازلی نے بھی اسی کے انداز میں جواب دیا تو اچانک نظر امان کے بائیک کے ٹائر پہ پڑھی ۔۔ تو واپس مڑ کے اس نے سکوٹی کی سیٹ کے نیچے سے چھوٹا سا پمپ نکال کے امان کی طرف بڑھایا۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

پہلے امان نے اسے دیکھا مگر پھر وقتی طور پہ اسی سے کام چلانے کے لیئے پمپ لے کے ٹائر میں ہوا بھرنے لگا۔۔تو نازلی اسے دیکھنے لگی ۔۔ خوبصورت گندمی رنگت ۔۔ براون بال۔۔ہلکی ہلکی داڑھی بلاشبہ اور خوبصورت تھا۔۔۔

نازلی مسکرانے لگی۔۔کیونکہ پمپ اتنا چھوٹا تھا کہ امان کو مشکل ہو رہی تھی۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

ویسے شکل تو اچھی خاصی ہے بس زبان سے لگتا ہے بچپن میں کسی نے توے" پہ بٹھا دیا تھا"۔۔

نازلی پلر کے ساتھ ٹیک لگا کے بولی

یہ جو تم بے عزتی والی عزت کر رہی ہو نا سب سمجھتا ہوں میں لائن نا مارو مجھ پہ"
--"

وہ جو پہلے ہی تپا ہوا تھا نازلی کی بات سن کے مزید تپ گیا اور سیدھا کھڑا ہو کے
بولا--

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

ہاہاہاہاہا ماں صدقے کتنی خوش فہمی ہے کہ کوئی تم جیسے چقندر پہ بھی لائن"
مارے گا-- جہاں تک میری سوچ جاتی ہے تم کو تو لوگ بس ایک ہی چیز مار سکتے
ہیں اور اسے میری زبان میں دھکا کہتے ہیں"--

زوردار قہقہہ لگاتے نازلی طنزیہ بولی اور ساتھ ہی امان کے ہاتھ سے پمپ چھین لیا۔۔

تم نا انتہائی درجے کی بتمیز لڑکی ہو جسے بات کرنے کی بھی بتمیز نہیں ہے اکیس" توپوں کی سلامی تمھارے گھر والوں کو جو تمھیں برداشت کر رہے ہیں"۔۔

اسکے اس طرح پمپ چھیننے پہ امان نے گھور کے دیکھا اور غصے سے بولا۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

ہاں تم تو جیسے بڑھے تمیز دار ہو ابھی تبلیغ والوں کے ساتھ سے واپس" آئے ہو ہر وقت تسبیح پڑھتے رہتے ہو۔۔ فرض کے علاوہ نوافل ادا کرتے ہوں۔۔ اور سال میں تین تین بار عمرہ کرتے ہو ہیں نا"۔۔

پمپ سکوٹی کی سیٹ کے نیچے رکھتی نازلی بھی اسی کے انداز میں بولی--

"یہ اتنی کینچی کی طرح زبان چلتی ہے تمہاری -- تمہارے گھر والوں نے یہ نہیں سکھایا کہ ایسی لڑکیاں گھر نہیں بسا سکتی-- ساس دوسرے دن گھر سے نکال دے گی"--

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

امان ایک ہاتھ نچا کے بولا تو سیٹ لاک کرتے نازلی کے ہاتھ رکے اور دونوں ہاتھ کمر پہ رکھ کے وہ امان کی طرف مڑی--

تمھیں بڑھا پتا ہے ساس کب گھر سے نکالے گی۔۔ اور شکر ادا کرو تم عورت نہیں" ہو ورنہ میں تمھاری ہی بہو بنتی اور تمھیں دن میں تارے دیکھاتی"۔۔

امان کی طرح نازلی بھی ایک ہاتھ نچا کے بولی تو امان کو مزید غصہ آیا

" لا حولا ولا ۔۔۔ پاگل عورت اور یہ تم تم کیا لگا رکھا ہے آپ نہیں کہنا آتا"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

اسکی بات سن کے امان دانت پیس کے بولا۔۔۔

کیوں تم مسجد کے امام ہو جو تمھیں آپ کہوں "۔"

نازلی طنزیہ بولی تو امان نے گھور کے اسے دیکھا۔۔

"میں بھی کیوں اس پاگل سے بحث کر رہا ہوں افففف"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

بائیک سٹینڈ سے ہٹاتے امان چڑ کے بولا۔۔

ہاں ہاں جاو میں کونسا تمھارے پاوں پڑھی ہوں کہ بات کرو"۔۔"

اسکو بائیک لے جاتا دیکھ کے نازلی نے ہانک لگائ۔۔

پاگل عورت"۔۔"

تھوڑا آگے جاکے امان نے پیچھے اسکو دیکھتے کہا۔

تم"۔۔"

نازلی بھی جھٹ سے بولی

♡♡♡♡♡♡♡

"عیشی کہاں ہے؟"

نہیں آئ"۔"

"کیوں؟"

کل گر گئ تھی بائیک سے تو چوٹ لگی ڈاکٹر نے منع کر دیا چلنے سے"۔-"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

نازلی جب کالج آئ تو مشی لیز کھا رہی تھی سلام کے بعد نازلی نے عیشی کا پوچھا تو لیز کھاتے ہی مشی نے جواب دیا جس سے وہ اٹک گئ۔۔ نازلی پہ آج انکشاف ہوا کہ

مشی اٹک جاتی ہے بجائے عیشی کا پوچھنے کے وہ منہ کھولے مشی کی بات سمجھنے کی کوشش کرنے لگی۔۔

ایشے آنکھیں پھاڑ پھاڑ کے کیا ڈیکھ رہی ہو پہلے کبھی نہیں ڈیکھا کیا"۔۔"

مرچوں سے سی سی کرتے مشی نے نازلی کی طرف دیکھا جو بت بنے اسے گھور رہی تھی۔۔ اسکے ہاتھ سے پانی کی بوتل لیتے مشی ڈھکن کھولتے بولی تو نازلی ہوش کی دنیا میں لوٹی۔۔

تم ہکلی ہو؟"۔۔"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

اے ے تو ہکلی تیڑا خانڈان ہکلہ تیڑی ڈوشتیں ہکلی ۔۔۔اویی نہیں بس خانڈان"

تک بش بہت ہے"۔۔

پانی پیتے جب مشی نے نازلی کی بات سنی تو بوتل بینچ پہ پٹخ کے بولی مگر دوستوں

سے یاد آیا دوست تو وہ ہے تو فوراً سیدھی ہوئ۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

بریک فری لڑکی "۔۔"

ابھی نازلی پہلے جھٹکے سے ہی نہیں نکلی تھی کہ مشی نے اسے خاندان یاد کرا دیا

۔ نازلی نے اسے دیکھ کے سرگوشی کی۔۔

کچھ کہا؟"۔۔"

دوبارہ منہ میں لیز ڈالتے مشی نے اسکی بڑبڑاہٹ سن کے پوچھا تو نازلی نے سر نا میں ہلایا۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

چلو کلاس کا ٹائم ہو گیا ہے"۔۔"

مشی کو ندیدوں کی طرح کھاتے دیکھ کے نازلی نے کہا تو سر ہلاتے ہی مشی نے پیکٹ میں بچے لیز ایک بار ہی منہ میں ڈالے اور ہاتھ جھاڑتی کھڑی ہوگئ نازلی نے اس شگوفے کو دیکھا اور افسوس سے سر جھٹکا۔۔

چلو مطالعہ پاکستان کی ٹیچر چھوڑے گی نہیں لیٹ ہوئے تو"۔۔"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

مشکل سے منہ ہلاتے مشی نے کہا نازلی بھی بیگ سیٹ کرتی اسکے ساتھ کلاس کی طرف چل پڑھی۔۔۔

"یہ دیکھو میں کیا لائی ہوں؟"۔۔

کلاس کے دوران سب سے لاسٹ پہ بیٹھی نازلی نے مشی کو سرگوشی کی اور پھر بیگ کھول کے دیکھایا۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"اااا"۔۔

"شیپی پھٹی سپیکر نقلی ہے منہ بند کرو"۔۔

نازلی نے چھپکلی دیکھائ تو مشی نے چیخ ماری تب ہی نازلی اسکے منہ پہ ہاتھ رکھے دانت پیس کے بولی ۔

مشال شاہ سٹینڈ اپ "--"

مطالعہ پاکستان کی ٹیچر نے مشی کی چیخ سنی تو لیکچر چھوڑ کے اسکی طرف متوجہ ہوئ اور اسے کھڑا کیا --

" جی کیا مسلہ ہے آپکو؟"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

اسکے کھڑے ہوتے ہی ٹیچر نے گھور کے پوچھا تو مشی نے نازلی کو دیکھا۔اس نے سر نا میں ہلایا تو مشی نے معصوم سی شکل بنا کے ٹیچر کو دیکھا اور پھر سر نفی میں ہلایا جس سے ٹیچر کو مزید غصہ آیا۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"بتائیں کیا پڑھا رہی تھی میں"۔۔"

ٹیچر نے غصے سے پوچھا تو مشی نے نچلا ہونٹ چبایا۔۔

"میم سبق"

مشی نے معصومیت سے جواب دیا تو پوری کلاس نے قہقہہ لگایا مگر جلد ہی میم کی گھوری پہ سب خاموش ہوگئ۔۔

" سیدھا جواب دیں مشال شاہ"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

میم نے ماتھے پہ بل ڈالے اونچی آواز میں کہا تو مشی نے سر ہاں میں ہلایا۔۔

بتائیں مینار پاکستان کس نے بنایا تھا؟"۔۔"

میم کا سوال سن کے مشی گال پہ انگلی رکھ کے سوچنے لگی پھر ایک دم خوشی سے اچھلی۔۔

آگیا یاد۔۔۔ میم مستری اور مزدوروں نے"۔۔"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

مشی دانت دیکھاتی بولی اور ایک بار پھر سبکا قہقہہ بلند ہوا۔۔

سٹاپ اٹ نون سینس"۔۔"

میم چیخ کے بولی تو سب خاموش ہوگی اور مشی آنکھیں ٹمٹماتے میم کو دیکھنے لگی۔۔

جبکہ نازلی ابھی بھی منہ پہ ہاتھ رکھ کے ہنس رہی تھی۔۔

"مس نازلی سٹینڈ اپ"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

میم نے نازلی کو دیکھ کے کہا تو منہ بسورتے آہستہ سے وہ بھی کھڑی ہوگئ۔۔

آپ بتائیں مجھے کریٹون کیوں زمین پہ آیا تھا؟"۔۔"

نازلی کے تو وہم وگماں میں بھی نہیں تھی یہ بات--

میم یہ کریٹون ہوتا کیا ہے؟"--"

نازلی نے بھی معصوم شکل بنا کے سوال کے بدلے سوال کیا تو میم نے سر پکڑ لیا جبکہ اب کی بار سب ہنس ہنس کے لوٹ پوٹ ہوگئے۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

بے وقوف کریٹون ہوتا نہیں وہ تھا-- مریخ کا باشندہ تھا وہ"--"

میم نے بتایا تو نازلی نے ہونٹ او کی شکل میں گول کر کے سر سمجھنے والے انداز میں ہلایا۔۔

میم وہاں رہ رہ کے تھک گیا ہوگا تب آیا ہوگا اب دیکھے نا زمین کے فارغ لوگ" بھی تھک جاتے ہیں تو مریخ پہ چلے جاتے ہیں حالانکہ زمین پہ بھی پیاری پیاری جگہیں ہیں۔۔ اور آپ میری بات مان لے یہ مریخ والوں کو زمین پہ آنے کا آئیڈیا انھوں نے ہی دیا ہوگا اب دیکھیں نا جہاں بھی جاتے ہیں میزبانوں کو دعوت دیتے ہیں ۔۔۔کہ آپ بھی آئیں نا کبھی ہمارے گھر"۔۔

visit for more novels: www.urdunovelbank.com

نازلی ایک ہاتھ کمر پہ رکھ کے سمجھانے والے انداز میں بولی تو دوبارا سبکا قہقہہ بلند ہوا۔۔ جبکہ میم کی یہی بس ہوگئ۔۔

"سٹاپ اٹ ۔۔ جنگل میں گزار کے آئیں ہیں آپ لوگ دس سال خبر دار جو اب کچھ بھی الٹا سیدھا بولا تو پیچھے چلے جاو دونوں اور ہاتھ اوپر کر کے کھڑے ہوجاو ۔۔ پورا پیریڈ ایسے ہی کھڑے رہو گے تو سب سمجھ آجائے گا کتنے بیس کا سو ہوتا ہے"۔۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

میم غصے سے بولی تو دونوں نے سزا کا سن کے آنکھیں پھاڑی۔۔

میم پانچ"--"

مشی فٹ سے بولی تو میم نے نا سمجھی سے اسے دیکھا--

کیا پانچ؟"--"

میم نے پوچھا--

میم پانچ بیس کا سو ہوتا ہے"--"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

مشی دانت دکھا کے بولی تو میم نے دانت پیسے اور بنا کوئی جواب دیئے ہاتھ سے پیچھے جانے کا اشارہ کیا۔۔ منہ بناتے دونوں لاسٹ میں گئ اور دونوں ہاتھ اوپر کر کے کھڑی ہوگئ۔۔ میم نے ایک نظر انکو دیکھا اور دوبارا لیکچر دینے لگی۔۔ جبکہ یہ دونوں میم کو کوستی ۔۔ بدلہ لینے کے لیئے پلان بنانے لگی۔۔ اچانک نازلی کی آنکھیں چمکی اور اس نے ایک پلان مشی کو بتایا۔۔ تو مشی انکار نا کر سکی کہ نازلی کا اور عیشی کا دماغ شیطان سے بھی دو ہاتھ آگے ہے۔۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

میم سوری"۔۔"

کلاس ختم ہوتے ہی جب سب لڑکیاں کلاس سے نکل گئ تو نازلی اور مشی میم کے پاس پہنچی اور سوری کیا مگر میم نے سوری اکسیپٹ نا کی۔۔

میم ہم آئندہ یاد کر کے آیا کریں گی پکا "۔۔"

نازلی کے اشارے پہ مشی فوراً بولی تب ہی پیپرز اکھٹے کرتے میم کے ہاتھ دو سیکنڈ کے لیئے رکے اور میم نے سر اٹھا کے دونوں کو طنزیہ نظروں سے دیکھا جیسے کہہ رہی ہو واقع۔۔ تب ہی نازلی نے پلان پر کام کیا اور ہاتھ میں پکڑی چھپکلی میم کے بیگ میں ڈال دی جو سائیڈ پہ کرسی کے ساتھ لگا تھا مگر زپ کھلی تھی۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

تم دونوں اگلے دو دن میرے آنے سے پہلے ہی لاسٹ پہ جا کے ہاتھ اوپر کر کے کھڑی ہوجایا کرو گی ۔۔ اوکے"۔۔

انگلی اٹھا کے دونوں کو وارن کرتے میم نے کہا اور پیپرز اٹھا کے ایک ہاتھ سے بیگ کی سٹرپ اتاری اور ویسے ہی بازو میں ڈالے باہر نکل گئ تب ہی نازلی نے دونوں ہاتھ ہوا میں اٹھائے یس کیا اور مشی کو تالی بجائ جو باتوں باتوں میں میم کا فون اٹھا کے ڈائز کے ساتھ نیچے کر چکی تھی۔۔ پھر دونوں نے اپنے اپنے بیگز اٹھائے اور ریلنگ سے جھک کے میم کو دیکھا جو سیڑھیاں اتر رہی تھی۔۔ پھر دونوں نے میم کے پیچھے دوڑ لگا دی۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

میم۔۔۔۔ میم۔۔۔۔ رکے پلیززززز۔۔ یہ آپکا فون کلاس میں رہ گیا تھا"۔۔"

جیسے ہی میم گراؤنڈ میں پہنچی جہاں بریک ٹائم ہونے کی وجہ سے کافی رش تھا۔۔ مشی بھاگتی ہوئی آوازیں دیتی آئی اسکے ساتھ ہی نازلی بھی بھاگتی ہوئی میم کے پاس پہنچی ۔۔ پاس آتے ہی دونوں کا سانس پھولا ہوا تھا۔۔ تھوڑی دیر سانس بحال کرتے مشی نے ہاتھ میں پکڑا فون میم کو پکڑایا جو سوالیہ نظروں سے دونوں کو دیکھ رہی تھی۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

مشی کے فون پکڑاتے ہی میم نے سر ہلایا اور فون بیگ میں ڈالا۔۔ مگر تب ہی کوئی چیز اچھل کے انکے ہاتھ کے ساتھ لگی۔۔ تو میم نے اسے پکڑ کے باہر نکالا۔۔

آہہہہ آہہہہہ آہہہہہ"--"

ہاتھ میں پکڑی چھپکلی کو اصلی سمجھ کے میم نے زور سے نیچے پھینکا اور چینختی ہوئی دور بھاگی تب ہی انکا بیگ اور پیپرز زمین پہ گرے اور ہوا کی وجہ سے پیپرز ادھر ادھر بکھر گئے-- انکی دیکھا دیکھی مشی اور نازلی بھی چینخی تاکہ میم کو ان پہ شک نا ہو-- اور باقی طلباء رہے پاکستانی-- بنا دیکھے ہی چینخ وپکار شروع کر دی--

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

تب ہی گارڈ بھاگتا ہوا وہاں آیا--

کیا ہوا میم؟ "--"

گارڈ نے ٹیچر سے پوچھا جسکی رنگت زرد پڑھ چکی تھی۔۔

چھپکلی"۔۔"

میم نے اتنے ہنگامے پہ تھوڑا شرمندگی سے چھپکلی کی طرف اشارہ کرتے ہوئے کہا ۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

میم یہ نقلی ہے کسی نے مذاق کیا ہے آپکے ساتھ "۔۔"

چھپکلی دیکھتے ہی گارڈ نے اسے ہاتھ میں اٹھایا اور ہنستے ہوئے کہا-- اس پہ سارے سٹوڈنٹس بھی دبی دبی ہنسی ہنسنے لگے تو میم جی بھر کے شرمندہ ہوئی-- اور سارے پیپرز اکھٹے کرتی اٹھا کے سٹاف روم میں چلی گئ--

ہاہاہاہاہاہا "--"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

میم کے جاتے ہی مشی اور نازلی نے ایک دوسرے کو دیکھ کے قہقہہ لگایا اور بازو مسلتے کینٹین کی طرف چلی گئ--جو چالیس منٹ اوپر کرے کرے اکڑ گئے تھے-- کچھ دنوں میں ہی ان تینوں آفتوں نے جونیئرز تو جونیئرز سینیئرز اور ٹیچرز کو بھی تگنی کا ناچ نچا کے رکھا ہوا تھا-- جسکا بہت جلد حساب ہونے والا تھا--

♡♡♡♡♡♡♡

کیا!!!!! نہیں نہیں نہیں کہہ دو یہ جھوٹ ہے مذاق ہے پلیززززززز"۔۔"

امان نے معاملہ سلجھانے کے لیئے سب کچھ حنان کو بتانے کا فیصلہ کیا۔۔ اور پریکٹس گراونڈ میں بریک کے دوران حنان کو عیشی مشی کے خط کے بارے میں بتایا جسے سن کے حنان کو زبردست جھٹکا لگا اور وہ اٹھ کے بوکھلایا ہوا ادھر ادھر چکر کاٹتے دونوں ہاتھ بالوں میں پھسائے بولا تو امان نے اسکی لڑکیوں جیسی ایکٹنگ دیکھ کے بیزار سا منہ بنایا۔۔۔

visit for more novels: www.urdunovelbank.com

آرام سے بیٹھوں حانی ایسے تمھارے چکر کاٹنے سے حقیقت بدل نہیں جائے گی" الٹا میرا دماغ ہی گھومنے لگے گا۔۔ تمھیں لٹو بنا دیکھ کے۔۔ اور مرد بنو یار عیشی مشی سے ہی کچھ سیکھ لو"۔۔

امان نے اسے ڈانٹا تو حنان نے بے بسی سے امان کو دیکھا۔۔

مان یار تو سمجھ کیوں نہیں رہا میں اس کے سامنے ایک لفظ نہیں بول سکو گا"۔۔"

حنان نے روتی شکل بنا کے کہا تو امان نے اسے گھورا۔۔

visit for more novels: www.urdunovelbank.com

شرم کرلے اگر وہ ہاں کر دیتی ہے تو اس میں کیا ہے"--"

بات منو کی نہیں ہے یار بات گھر والوں کی ہے -- منو ہاں کر بھی دے تو گھر والوں کو کیسے مناوں گا-- جبکہ تم جانتے ہو اسکا رشتہ آیا ہوا ہے-- وہ بھی ایسے لڑکے کا جو ویل سیٹلڈ ہے--ہر خوشی دے سکتا ہے منو کو--- ایسے میں چاچو اسکا رشتہ مجھے کیوں دینے لگے جو ابھی تک ایک پیسہ خود نہیں کما سکتا-- باپ کے پیسوں پہ پل رہا ہوں-- اور منو کو کیا دے سکتا ہوں میں-- یہ پیار محبت سب تب ہوتا ہے جب انسان کے پاس کوئ ڈھنگ کا کام کرنے کا ہنر ہو-- منو کے بہت سے خواب ہونگے-- جو شاید میں پورے نا کر سکوں-- ایسے میں خود کو اسکا مجرم سمجھوں گا-- اسی لیئے میں نے سوچ لیا تھا میں پیچھے ہٹ جاوں گا-- تاکہ وہ جی سکے اپنی خوشی سے -- ایسے میں عیشی مشی نے مجھے پھنسا دیا--"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

حنان غیر مرئ نقطے کو تکتے گہرے لہجے میں بول رہا تھا جب امان نے اسے افسوس سے دیکھا۔۔۔

تو اتنا بزدل ہوگا میں نے سوچا نہیں تھا۔۔ اور اگر اتنی ہی اسکی پروا تھی تو کی ہی" کیوں محبت ۔۔ اب اگر کرلی ہے تو مرد بن کے نباتے خود کو اس قابل بنا کے اسکے خواب پورے کرسکے۔۔ اور اس کے لیئے ایک سیسہ پلائ دیوار بن کے کھڑا ہو سکے تاکہ کوئ مصیبت اس تک پہنچنے کی بجائے پہلے تیرا سامنا کرے۔۔ اور تو۔۔تو بزدلوں کی طرح اسے کسی اور کے حوالے کر رہا ہے۔۔ کیا کمی ہے تجھ میں اللہ کا دیا سب کچھ ہے ہاتھ پاوں صحیح سلامت جسم دماغ ۔۔ سب کچھ تو بھی کما سکتا ہے

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

پورے کر سکتا ہے اسکے خواب۔۔ ذنبیل آسمان سے اتری مخلوق نہیں ہے نا ہی اسکے پاس کوئی جن بھوت ہے جو اسکی مدد کر رہا ہے۔۔ وہ بھی محنت کر کے ہی کما رہا ہے۔۔"۔۔

امان نے ترش لہجے میں آئینہ دکھایا تو حنان نے سر جھکا لیا۔۔ امان ایک نظر اسکو دیکھتا وہاں سے اٹھ گیا۔۔ اسے امید تھی حنان سمجھ جائے گا۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"چلو اٹھو جلدی"۔۔"

عیشی آرام سے بیڈ پہ لیٹی ٹام اینڈ جیری دیکھ رہی تھی-- جب ہمدان کمرے میں آیا اور بیڈ سے ریموٹ اٹھا کے ٹی وی بند کرتا بولا--

کہاں"--"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

عیشی نے سوالیہ نظروں سے اسے دیکھ کے پوچھا--

ڈاکٹر کے پاس"--"

موبائل پہ کچھ ٹائپ کرتے ہمدان نے مصروف سے انداز میں کہا تو عیشی کو جھٹکا لگا۔۔

دانی بھائی اب میں بالکل ٹھیک ہوں یہ دیکھ چل بھی سکتی ہوں "۔۔"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

ہمدان کو ٹالنے کے لیئے شدید تکلیف کے باوجود عیشی مسکرا کے بولی اور ساتھ چل کے بھی دیکھایا جس کی وجہ سے اکڑا ہوا جسم شدید دکھا۔۔۔

کوئی بہانہ نہیں چلے گا عیشی میں ویٹ کر رہا ہوں پانچ منٹ میں باہر آو ورنہ" بچپن کی طرح ابھی بھی اٹھا کے ڈاکٹر کے پاس لے جاوں گا اور ایک کی جگہ دو انجیکشن لگواوں گا ساتھ میں ڈرپ فری"۔۔

موبائل جیب میں ڈالتے ہمدان نے وارننگ والے لہجے میں کہا تو عیشی نے تھوک نگلا۔۔ اور آنکھوں کے سامنے دو دو ٹیکے اور ڈرپ گھوم گئ۔۔ جسکی وجہ سے مزید بحث کرنے کی بجائے چپ چاپ اٹھ کے الماری سے کپڑے نکالنے لگی۔۔۔
ہمدان نے جب دیکھا کہ دھمکی کام کر گئ ہے تو مسکراتا ہوا باہر نکل گیا۔۔ وہ اسکی رگ رگ سے واقف تھا۔۔ جو کسی کے کہنے پہ نہیں اٹھ رہی تھی ہمدان جانتا تھا اسے کیسے لے کے جانا ہے۔۔۔

visit for more novels: www.urdunovelbank.com

*************

دانی بھائ وعدہ کریں واپسی پہ آپ مجھے آئسکریم چاکلیٹس اور کوکومو لے کے "
دیں گے؟"۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

پانچ منٹ بعد عیشی باہر آئ تو ہمدان کو عارب کی گاڑی کی چابی انگلی میں گھوماتے اپنا انتظار کرتے پایا۔۔تو فوراً شرط رکھی۔۔ ہمدان بھی اچھے بچوں کی طرح مان گیا تو عیشی خوشی سے گاڑی میں بیٹھی ۔۔ ہمدان بھی گاڑی سٹارٹ کر کے ہسپتال کی طرف روانہ ہوا۔۔۔

بھائی انجیکشن نہیں گلوانا پلیززززز"--"

عیشی منہ بناتے بولی-- مگر ہمدان ان سنی کرکے گاڑی چلاتا رہا---

دااااااا نیییییییی بھائئئئئئئئ"--"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

جب عیشی نے دیکھا کہ ہمدان اسکی نہیں سن رہا تو اسکے کان کے پاس ہوتے ہی چیخ کے بولی جس کی وجہ سے ہمدان نے بے اختیار کان پہ ہاتھ رکھا ورنہ آج تو پکا

کان کا پردہ پھٹ جاتا۔۔ پھر گھور کے عیشی کو دیکھا جو ناک منہ چڑائے اسی کو گھور رہی تھی۔۔۔

عیشی چپ چاپ انجیکشن لگواو گی ورنہ ڈرپ کو یاد رکھنا اور آئسکریم چاکلیٹس اور" کوکومو کو تو بالکل بھول جانا"۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

ہمدان نے سنجیدگی سے کہا تو عیشی نے آنکھیں پھاڑ کے اسکو دیکھا۔۔ وہ بھلا کب ایسے بولتا تھا۔۔ وہ تو ہمیشہ اسکی سائیڈ لیتا تھا۔۔۔ عیشی بھی منہ پھلا کے بیٹھ گئ ۔۔ جبکہ دماغ میں ایک جنگ چل رہی تھی کہ انجیکشن سے کیسے بچنا ہے۔۔ ہمدان نے اسکا

پھولا ہوا منہ دیکھا تو ہنسی دبائی۔۔ یہ اس کے لیئے ضروری تھا ورنہ وہ کبھی بھی انجیکشن نا لگواتی۔۔

♡♡♡♡♡♡♡

ہمدان جیسے ہی ہسپتال پہنچا تو امان کا فون آیا وہ اس سے بات کرنا چاہتا۔۔

ٹھیک ہے میں گھر آتا ہوں پھر ملتے ہیں"۔۔"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

ہمدان نے کہہ کے فون بند کیا ۔۔اور عیشی کی طرف متوجہ ہوا جو برے برے منہ بنا کے اسے منانے کی کوشش کر رہی تھی ۔۔

دانی بھائ انجیکشن نہیں نا پلیززززز پھر وعدہ آپکو تنگ نہیں کروں گی"۔۔"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

عیشی نے معصوم سی شکل بنا کے ہمدان کو منانے کی کوشش کی مگر اسنے ایک نا سنی اور ڈاکٹر کے پاس لے گیا۔۔

ڈاکٹر مجھے انجیکشن مت لگانا ورنہ اچھا نہیں ہوگا"۔۔"

چیک اپ کے بعد ڈاکٹر کو انجیکشن بھرتا دیکھ کے عیشی انگلی اٹھائے وارن کرتی بولی تو ہمدان نے آنکھوں کے اشارے سے اسے خاموش رہنے کا کہا جو ویسے ہی اگنور کر رہی تھی جیسے پہلے ہمدان کر رہا تھا۔۔۔

آہہہ بتمیز ڈاکٹر۔ اللہ کرے گنجے ہوجاو موٹے بھوت"۔۔"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

عیشی جیسے ہی ہمدان کی طرف متوجہ ہوئی ڈاکٹر نے بازو پہ انجیکشن لگا دیا۔۔ عیشی چیخ کے بولی مگر اس سے بھی جب درد کم نا ہوا تو ٹیبل پہ پڑھا پانی کا گلاس ڈاکٹر کے منہ پہ پھینکا۔۔ ہمدان منہ کھولے اسے دیکھ رہا تھا مگر اسکی حرکت پہ جھٹکا کھا

کے کھڑا ہوا۔۔ ڈاکٹر آنکھیں بند کیئے سمجھنے کی کوشش کر رہا تھا جب ہمدان نے

ٹیبل پہ پیسے رکھے۔۔ اور عیشی کا ہاتھ پکڑے آہستہ سے باہر نکلا۔۔

پکڑو اس لڑکی کو"۔۔"

باہر نکلتے ہی ڈاکٹر کی کرک آواز آیٔ تو ہمدان نے مڑ کے دو موٹے موٹے گارڈز کو

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

اپنی طرف آتے دیکھا تو عیشی کا ہاتھ پکڑے ہی باہر کی طرف دوڑ لگایٔ ۔۔۔

۔(یہ بنت ِحوا کا ناول ہے اس میں وہی ہیرو آگے سے لڑتا جو فائٹر ہوتا۔۔ مگر

ہمدان بچارہ ہمارا معصوم+شریف+عام سا ہیرو ہے سو اسنے بھاگنے میں ہی

عافیت جانی آخر کو ایکسپرٹ تھا بھاگنے میں)۔

عیشی تم نے قسم کھا رکھی ہے مجھے بھگانے کی"۔۔"

گاڑی میں بیٹھتے ہی ہمدان نے گاڑی سٹارٹ کر کے روڈ پہ لاتے کہا تو عیشی منہ موڑ گئی جسکا مطلب تھا کہ نہیں سننی بات بس وعدہ پورا کرو۔۔ ہمدان بھی اسکا سرخ چہرہ دیکھ کے مسکراہٹ دباتا ڈرائیونگ کرتا رہا۔۔ سب سے پہلے اس کا ارادہ آئسکریم لینے کا تھا۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

♡♡♡♡♡♡♡

رکو منو مجھے تم سے بات کرنی ہے"۔۔"

حنان منال سے بات کرنے گھر آیا تو اسے معلوم ہوا وہ چھت پہ ہے جب وہاں گیا تو وہ چھت پہ ٹہل رہی تھی اسکو دیکھتے ہی جانے لگی تو حنان نے راستہ روک کے کہا۔۔

دیکھو منو آہم وہ اہہ وہ خط میں نے نہیں لکھا"۔۔"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

منال کو روک کے حنان کو سمجھ نا آیا کیسے بات کرے اسی لیئے فوراً بولا تو منال اسکی طرف دیکھنے لگی۔۔ دل کو تھوڑا درد ہوا تھا۔۔

دراصل وہ خط عیشی مشی نے لکھا تھا تم جانتی ہو عیشی رائٹنگ کاپی کرنا جانتی" ہے تو اس نے میری طرف سے لکھا۔۔ یہ ایک پرینک تھا ان دونوں کا۔۔ اور اب تمھیں اس لیئے نہیں بتا رہی کہ تم ناراض ہوجاوگی باقی ایسا کچھ نہیں ہے۔۔"۔۔

حنان ادھر ادھر دیکھتے جو منہ میں آیا بولتا گیا یہ سوچے بغیر کے منو دکھ سے اسے دیکھ رہی تھی ۔۔اسکے پیچھے آیا امان بھی دروازے میں کھڑا اسکی بات سن کے غصے سے اسے گھور رہا تھا۔۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

منال نے ایک نظر حنان کو دیکھا جو سر جھکائے کھڑا تھا پھر تیزی سے نیچے بھاگی۔۔ دروازے میں امان کو کھڑا دیکھا جو دکھ سے اسے دیکھ رہا تھا۔۔ منو سے آنسو روکنا محال ہوگیا تو فوراً نیچے بھاگی۔۔

اس کے جاتے ہی حنان نے ایک نظر مڑ کے اسے دیکھا مگر امان کو کھڑا دیکھ کے نچلا لب چبانے لگا۔۔ تو امان نے اسے تھم ڈاون کر کے لوزر کا اشارہ دیا اور نیچے چلا گیا۔۔ حنان نے منہ کھولے امان کا اشارہ دیکھا اور نظر پھیر کے ساتھ والے گھر کو دیکھا جس پہ ایک بچہ کھڑا تھا اس نے بھی امان کی دیکھا دیکھی حنان کو تھم ڈاون کا اشارہ کیا تو حنان کے حیرت سے دیکھا پھر ایک بار آنکھیں رگڑ کے دیکھا تو وہ بچہ بھی امان کے سٹائل میں مڑا اور نیچے چلا گیا۔۔ اسکے بعد حنان نے نظریں گھما کے ادھر ادھر پرندوں اور درختوں کو دیکھا تو اسے ایسے لگا ہر چیز اسے لوزر کہہ رہی ہے۔۔ تنگ آکے وہ بھی نیچے آگیا اور کمرے میں بند ہوگیا۔۔۔

Visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

ارے ہمدان آپ یہاں"۔۔"

سارہ آئسکریم پالر سے باہر نکلی تو سامنے ہمدان کو دیکھ کے حیران ہوئ اور خوشی سے بولی۔۔

میں بھی ہوں انکے ساتھ سارہ آپی"۔۔"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

عیشی ہمدان کے پیچھے سے نکلی اور دانت دیکھاتی بولی تو اس وقت سارہ کو زہر لگی ایک تو ہمدان کے ساتھ اور دوسرا اسکو آپی بولا۔۔

ہاں ہم لوگ یہاں آئسکریم لینے آئے تھے"۔۔"

سارہ دل میں جلتی کڑتی بظاہر مسکرا کے عیشی سے ملی تو ہمدان نے اسے اپنے آنے کی وجہ بتائ۔۔

پھر مروتاً اسکو لفٹ آفر کی جسے سارہ نے فوراً قبول کیا تو عیشی برے برے منہ بنانے لگی۔۔ جسے دیکھ کے ہمدان نے ہنسی دبائ۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"ارےےےےےےے سارہ آپیییییی یہ میری جگہ ہے۔۔"

سارہ نے گاڑی کے پاس آتے جیسے ہی فرنٹ ڈور اوپن کیا عیشی بھاگ کے سامنے آئ اور مسکرا کے ایک ایک لفظ چبا کے بولی تو سارہ نے اسکو غصے سے گھورا۔۔ اور پیچھے بیٹھ گئ ۔۔ ہمدان نے ہنسی روکنے کے لیئے نچلا ہونٹ دانتوں میں دبایا اور سن گلاسس لگا کے ڈرائیونگ سیٹ سنبھالی ۔۔۔۔

سارا راستہ خاموشی سے کٹا ۔۔ سارہ کے گھر کے پاس آتے ہی وہ گاڑی سے نکلی اور ہمدان کو اندھر آنے کا کہا۔۔ مگر اسنے لیٹ ہونے کا بہانہ کیا اور گاڑی گھر کی طرف موڑ لی۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

تم نے سارہ کو آگے کیوں نہیں بیٹھنے دیا جبکہ جانتی ہو وہ میری شاید ہونے والی بیوی ہو"۔۔

ہمدان نے جان بوجھ کے عیشی کو چھیڑا۔۔۔

چاہے تو وہ ہونے والی بیوی ہو یا کبھی نا ہونے والی مسٹر ہمدان یاور شاہ یہ جگہ" میری ہے اور یہ مجھ سے کوئی نہیں چھین سکتا۔۔آپ بھی نہیں اور آپکی وہ ہوتی سوتی سارہ شارہ بھی نہیں"۔۔

visit for more novels: www.urdunovelbank.com

ہمدان کی بات سن کے عیشی نے گھور کے ہمدان کو دیکھا اور ایک انگلی اٹھا کے ہمدان کے منہ کے پاس لے جاکہ وارن کرنے والے انداز میں بولی۔۔ کچھ پل تو ہمدان بھی اسکا یہ انداز دیکھ کے حیران ہوا مگر بظاہر ڈرنے کی ایکٹنگ کرتے ہوئے چپ ہوگیا۔۔ جبکہ عیشی کا ایسے حق جتانا اسے اچھا لگا تھا۔۔ بیشک یہ اور وے سے تھا۔۔ گھر کے پاس آتے ہی عیشی نے آئسکریم کا ڈبہ اٹھایا اور ٹھاہ کرکے گاڑی کا دروازہ بند کرتی اندھر چلی گئ تو ہمدان کھل کے مسکرایا۔۔

مگر امان کا یاد آتے ہی وہ گاڑی سے نکلا اور امان کو کال کرنے لگا تاکہ پوچھ سکے کیا بات کرنی تھی اسے۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

آج تو بہت ہی مزہ آیا میم کے ساتھ جو کیا واہ واہ"۔۔"

نازلی اور مشی چھٹی کے ٹائم دونوں باہر نکلی تو نازلی ہاتھ ہوا میں بلند کرتی مزے سے بولی تو مشی بھی ہنسنے لگی۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

ائے ے ے ے اس چقندر کو کس نے بھیجا"۔۔"

مشی نے ہنستے ہوئے جیسے ہی منہ موڑا سامنے ضرار کو بائیک لیئے کھڑا دیکھ کے برے برے منہ بناتے ہوئے بولی تو اپنی سکوٹی کے پاس جاتی نازلی نے رک کے

اسے دیکھا پھر اسکی نظروں کے تعاقب میں سامنے دیکھا جہاں ایک لڑکا سن گلاس لگائے۔۔ پینٹ شرٹ میں رف بال لیئے کھڑا تھا۔۔ دیکھنے میں صحیح تھا مگر مشی اسے چقندر کیوں بول رہی تھی۔۔ مشی نے نازلی کو الجن کا شکار دیکھا تو بتایا کہ یہ میرا کزن ہے۔۔ نازلی نے او کہتے سر ہلایا تب ہی ضرار نے مشی کو دیکھ کے ہاتھ سے آنے کا اشارہ کیا تو مشی نازلی کو اللہ حافظ کہتی ضرار کے پاس آئ۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"یہ لڑکی کون تھی؟"۔۔"

بائیک سٹارٹ کرتے ضرار نے پوچھا تو مشی نے گھور کے اسے دیکھا۔۔

خبردار جو اب اس پہ بھی لائن ماری تو اپنی ان چھچھوری حرکتوں سے باز آجاو ورنہ"

"عارب چاچو سے کہہ کے بیلٹ سے پٹائی کراوں گی۔۔۔

مشی انگلی سے وارن کرتی بولی تو ضرار حیران ہوا کہ کونسی چھچھوری حرکت۔۔

توبہ پوچھنا بھی گناہ ہے"۔۔"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

ضرار چڑ کے بولا تو مشی نے زور سے ہاں بولا۔۔پھر بائیک پہ بیٹھ کے ہینڈل کو پکڑا

تو ضرار بائیک روڈ پہ لایا۔۔۔

ضرار کے بچے آہستہ چلو بائیک قسم کھاتی ہوں میں گری نا تو تمھیں بھی ساتھ ہی گراوں گی"۔۔

ضرار نے جیسے ہی بائیک تھوڑی تیز کی تو مشی اسکے بال پکڑتی بولی جسے اس نے بڑی مشکل سے چھڑایا۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

واہ وہ کیا شعر تھا۔۔۔ ہاں۔۔یاد آگیا۔۔۔ ہم تو ڈوبے صنم ساتھ تمھیں بھی لے ڈوبے گے۔'

ضرار ہنسی روک کے بولا۔۔

شکل دیکھی ہے ٹوٹے ڈونگے کے اوپر والے حصے صنم تم جیسا نہیں ہوتا"۔۔"

مشی چڑ کے بولی۔۔

ہاں جتنی تم ہو تمھارا صنم تو چین سے آرڈر پہ بنوانا پڑھے گا دو فٹ کی مینڈک'۔۔"

سامنے بھی ضرار تھا اینٹ کا جواب دینا پتھر سے جانتا تھا۔۔۔

visit for more novels
www.urdunovelbank.com

چپ کر کے بائیک چلاتے ہو یا توڑوں کک"--"

ضرار کی بات سن کے مشی کو آگ ہی لگ گئ اور پیر کک پہ رکھ کے بولی تو ضرار نے اپنے جوگرز کی نوک سے اسکا پیر کک سے ہٹایا اور چپ کر کے بائیک چلانے لگا--

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

♡♡♡♡♡♡

ہاں بولو کیا بات ہے؟"--"

ہمدان نے امان کو کال کی تو اس نے بتایا کے لان میں ہی ہے-- ہمدان اسکے پاس آتا بولا--

بھائی کہی اور جاکے بات کریں؟"--"

امان نے ادھر ادھر دیکھتے ہوئے کہا تو ہمدان نے سنجیدگی سے اسے دیکھا پھر ساتھ لیئے گارڈن میں آگیا--

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

اب بتاو کیا بات ہے"--"

سیمنٹ کے بنے بنچ پہ بیٹھتے ہمدان نے پوچھا۔۔ تو امان نے دماغ میں چھڑی جنگ کو ایک سائیڈ دھکیلا اور گہرا سانس لے کے ہمدان کو حنان کے بارے میں شارٹلی سب بتا دیا۔۔۔

ہمممم "۔"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

ہمدان منہ پہ ہاتھ کی مٹھی بنا کے رکھے اسکی بات سنتا رہا اور جب وہ خاموش ہوا تو ہمدان نے کچھ سوچتے ہوئے سر ہلایا۔۔

تم پریشان مت ہو سب ٹھیک ہوجائے گا مگر حنان کو عقل آنا بہت ضروری

ہے--

ہمدان کھڑا ہوتا بولا پھر امان کا کندھا تھپتھپایا تو اس نے سر ہلایا--

ہمدان کے جاتے ہی امان سامنے گھنے درختوں کو دیکھنے لگا-- اسے

اپنا آپ ہلکا محسوس ہو رہا تھا--

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

♡♡♡♡♡♡♡

شاہ ہاوس

ہم سب بڑوں نے ایک فیصلہ کیا ہے جو آپ سبکو بتانا ہے"۔"

شام چائے کے لیئے ریا نے سب گھر والوں کو اکٹھا کیا۔۔ جب سب آگئے تو احرار صاحب نے کہا۔۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

رکے نانا جی"۔۔"

عیشی سیڑھیوں سے چیخ کے بولی تو سب نے اسے دیکھا۔۔

کیا ہوا بچے؟"۔۔"

عیشی تیز تیز سیڑھیاں اترنے لگی تو احرار صاحب نے پوچھا۔۔۔

"وہ وہاں آپکی آواز نہیں آنی تھی نا۔"

عیشی معصومیت سے بولی تو سب نے سر پکڑا۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

اب سب آگئے ہیں نانا جی اب بتائیں"--"

عیشی کے بیٹھتے ہی امان نے پوچھا--

گھر میں منال کا رشتہ آیا تھا اور سب نے غور کیا تو ہمیں مناسب لگا اور منال" بچے کو بھی کوئی اعتراض نہیں ہیں ہے تو ہم نے ہاں کردی سنڈے کو منال کی منگنی ہے آپ میں سے جس نے جو کرنا ہے دوستوں کو بلانا یا کوئی اور پلان ہے تو آزادی ہے کر سکتے ہیں فنکشن گھر میں ہی ہے مجھے کوئی بدمزگی نہیں چاہیئے"--

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

احرار صاحب نے اپنا فیصلہ سنایا تو ضرار نے آنکھیں پھاڑے عیشی مشی کو دیکھا جبکہ انکی حالت بھی مختلف نا تھی وہ دونوں امان کو گھور رہی تھی جو دکھ کے ہمدان کو دیکھ رہا تھا۔۔ جبکہ ہمدان ایسے ریلیکس تھا جیسے کچھ ہوا ہی نہیں ہو۔۔۔ منال کی آنکھیں پانیوں بھری تھی جسے دیکھ کے حنان نے سر جھکا لیا۔۔۔

سب سے پہلے منال اٹھ کے کمرے میں گئ۔۔اسکے پیچھے ہی ضرار بھی عیشی مشی کو گھورتا منال کے کمرے میں چلا گیا۔۔۔ بڑھے سب فنکشن کا ڈسکس کرنے لگے تو حنان اٹھ کے گھر سے نکل گیا۔۔ جبکہ عیشی مشی خطرناک تیور لیئے ابھی بھی امان کو گھور رہی تھی۔۔۔

کچھ دیر بعد ہمدان فون سنتا باہر نکلا تو امان بھی فوراً اسکے پیچھے باہر آگیا۔۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

آپ نے تو کہا تھا سب ٹھیک کردے گے پھر یہ کیا ہے؟ "۔"

ہمدان جیسے ہی فون سن کے واپس مڑا تو امان اسکا راستہ روک کے بولا ہمدان نے سکون سے بازو سینے پہ باندھے۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

میں نے کل تمھاری بات سنی اور اس پہ بہت سوچا جو حنان نے کیا یعنی خود منو" کو انکار اسکے بعد میں حنان کو منو کے قابل نہیں سمجھتا۔۔۔ کیونکہ منو میری بہن ہے اور میں نہیں چاہتا کہ اپنی بہن کو کسی ایسے سے بیاہوں جو اسکی حفاظت نا کر سکے۔۔۔"

ہمدان سکون سے بولا تو امان نے بے بسی سے لب کاٹے ہمدان کی بات بھی ٹھیک تھی مگر دوسری طرف اسکا دوست بھائی تھا۔۔ وہ ہمدان جتنا سخت دل نہیں بن سکتا تھا۔۔۔

امان کے پیچھے آتی عیشی مشی نے بھی ہمدان کی بات سن لی تھی اور روتی صورت بنا کے ایک دوسرے کو دیکھا۔۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

بھائی وہ بہت محبت کرتا ہے منو سے"۔۔"

امان نے اپنی طرف سے ایک اور کوشش کی مگر ہمدان کی سنجیدہ نظریں دیکھ کے گڑبڑا گیا۔۔۔

ہنن محبت۔۔ اسکو محبت نہیں کہتے اور اگر محبت کرتا تو سٹینڈ لیتا۔۔ تمھیں کیا لگتا ہے وہ گھر بات کرتا تو اسکی بات نا مانی جاتی۔۔ جبکہ اچھے سے جانتے ہو ہمارے پیرنٹس فرینڈلی ہیں۔۔ وہ تھا ہی بزدل اور یہی اسکی سزا ہے۔۔ خیر ابھی منگنی میں پورے پانچ دن ہیں۔۔باقی کام میں دیکھ لوں گا۔۔ خواتین کو کچھ شاپنگ کرنی ہوگی وہ تم کرا دینا۔۔۔"

ہمدان سکون سے کہتا چلا گیا تو امان نے انگلیاں بالوں میں پھنسائی۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

آپ نے تو کہا تھا آپ سب دیکھ لے گے۔۔ بجائے خود کچھ کرنے کے دانی" بھائی کو بتا دیا۔۔ انکا تو کام بن گیا ہے سبکو رلانا۔۔میں خود ہی دیکھ لیتی ہوں۔۔ یہ منگنی کسی صورت نہیں ہونے دوں گی۔"۔۔

عیشی امان کے سامنے جاتے دونوں ہاتھ کمر پہ رکھ کے بولی تو امان نے حیرت سے بہن کو دیکھا اسنے تو ایسے کبھی بات نہیں کی تھی۔۔۔مگر آج منو اور حنان کے لیئے وہ بھائی سے لڑھ رہی تھی۔۔ اور کل انجیکشن والی بات پہ ہمدان سے بھی اچھی خاصی ناراض تھی۔۔۔

visit for more novels: www.urdunovelbank.com

تم کچھ نہیں کرو گی عیشی خدا کا واسطہ ہے یہ ان دونوں کا اپنا فیصلہ ہے -- یہ" ایسے ہی ہونا ہے تم دور رہو اس سے"--

امان نے اسے حنان والی بات بتائ پھر ہاتھ جوڑ کے کچھ بھی الٹا سیدھا کرنے سے روکا--- تو عیشی نے دکھ سے اسے دیکھا اور پاوں پٹختی اندھر چلی گئ-- اسکے پیچھے ہی مشی بھی پاوں پٹخ کے امان کو دیکھتے اندھر چلی گئ تو امان نے حیرت سے دونوں نمونیوں کو دیکھا جو ایک دوسرے کو کاپی کرنا اپنا فرض سمجھتی تھی---

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

اردو ناول اور سٹوریز کی سب سے بڑی ویب سائٹ

www.urdunovelbank.com




Urdu Novel Bank website

جہاں ملے آپ کو نئے اور اچھے معیاری ناول تمام کیٹگری میں۔۔۔

گوگل پر ٹائپ کریں

Urdu Novel Bank

اور ویب سائٹ سے ڈاؤنلوڈ کریں ہزاروں مکمل ناول مفت میں

آپی "--"

منو کمرے میں آئ اور دروازہ بند کرتی بیڈ کے کونے پہ بیٹھ کے رونے لگی اور ہاتھ منہ پہ دبا کے رکھے سسکی کو روکا-- تب ہی ایک دم سے دروازہ کھولتا ضرار اندھر آیا اور منو کو دیکھ کے بولا تو اسنے جلدی سے آنسو صاف کیئے ۔ اور مسکرا کے ضرار کو دیکھا جو سنجیدگی سے اسے دیکھ رہا تھا---

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

اس سے پہلے کے منو کچھ بولتی پاس آتے ہی ضرار نے منو کو گلے لگایا-- ان دونوں بہن بھائ میں ایسا رشتہ نا تھا-- مگر آج ضرار نے اچانک اسے گلے لگایا تو وہ خود کو روک نا سکی اور بھائ کے گلے لگ کے پھوٹ پھوٹ کے رونے لگی--

بسس بہت ہوا میں ایسا کوئی فیصلہ نہیں ہونے دوں گا جس سے میری بہن کی" آنکھوں میں آنسو آئے۔۔ میں ابھی جا کے دادا جی سے بات کرتا ہوں ۔۔یہ منگنی " نہیں ہوگی۔۔ آپکی شادی وہاں ہی ہوگی جہاں آپکا دل چاہے گا۔۔

ضرار منال کے آنسو صاف کیۓ۔۔ اسکی آنکھیں بھی سرخ ہو رہی تھی۔۔ اپنے آپ کو رونے سے روکتا وہ منال کا چہرہ ہاتھ کے پیالوں میں لییۓ بولا۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

نہیں ضاری میں خوش ہوں ماما نے مجھ سے پوچھا تھا۔۔ میں نے خود یہ فیصلہ" کیا ہے۔ بس تم سب سے دور جانے کا سوچ کے میرا دل بھر آیا"۔۔

منال نے جلدی سے ضرار کو روکا اور آنکھیں صاف کرتی مسکرا کے بولی۔۔ تو ضرار نے دکھ سے بہن کو دیکھا۔۔ وہ کچھ نہیں بولا کہ سب جانتا ہے کیونکہ وہ بہن کا بھرم نہیں توڑنا چاہتا تھا۔۔

دروازے سے سر اندھر کیئے عیشی مشی نے بھی اپنے آنسو صاف کیئے اور آہستہ سے دروازہ بند کرتی اپنے کمرے میں آگئ۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

رات کھانے پہ سب موجود تھے بڑھے سب تو نارمل تھے مگر بچے سارے بے چین تھے۔۔ منو کو ضرار زبردستی کھانے پہ لے آیا تھا۔۔ اسکو دیکھ کے حنان نے سر جھکا لیا تھا۔۔ جسے ہمدان اور امان دونوں نے محسوس کیا تھا۔۔ جبکہ عیشی مشی کو حنان پہ بہت غصہ تھا۔۔

ارے حنان بھائی وہ دیگچی پکڑائے ذرہ "۔۔"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

منال کے بیٹھتے عیشی حنان کو دیکھ کے بولی۔جو آخری کرسی پہ بیٹھا تھا اور پچھلے ٹیبل پہ دیگچی پڑھی تھی جس میں ہماہ نے سالن بنایا تھا۔۔

کیوں؟"--"

سب نے حیران ہو کے عیشی کو دیکھا اور حنان نے بھی حیرت سے پوچھا--

ارے ے ے کیا آپ نے دن کو نانا جی کی بات نہیں سنی سنڈے کو آپکی بہن" کی منگنی ہے اور آج منو آپی دیگچی چاٹے گی تاکہ سنڈے کو بارش ہو موسم اچھا رہے-- ورنہ اتنی گرمی میں کہا خاک انجوائے ہو گا"--

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

عیشی کافی جتا کے مسکراتے ہوئے بولی۔۔ جبکہ اسکے بھائی کہنے پہ منال نے حنان کو دیکھا جو بت بنا بیٹھا تھا ۔۔ اور ہمدان حنان کی شکل دیکھ کے ہنسی روک رہا تھا۔۔

حنان تو خیالوں کی دنیا میں کھو گیا جہاں دو چھوٹے چھوٹے بچے اسے ماموں ماموں کہتے اسکے ساتھ چمٹ رہے تھے۔ اور منال اور ذنبیل ساتھ کھڑے مسکرا رہے تھے کہ ان سے ملو حنان یہ تمھارے بھانجے ہیں ۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

ارے دے بھی اب"۔۔"

عیشی اونچا سا بولی تو حنان خیالوں سے باہر نکلا اور گلہ تر کرتے ہوئے برا سا منہ بنا کے دیگچی عیشی کو پکڑائ -- جبکہ باقی سب سر پکڑے بیٹھے تھے کہ اب کونسا نیا کیڑا عیشی کے دماغ میں گھس گیا ہے--

"بس کرو عیشی یہ سب فرسودہ ہے آرام سے کھانا کھاو اور منو کو بھی کھانے دو"--

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

رشی عیشی کو ڈانٹ کے بولی مگر عیشی ان سنا کرکے منو کی پلیٹ سائیڈ پہ کرتی دیگچی رکھ کے آنکھوں کے اشارے سے بولی کے کھاو---

"بس بہت ہوگیا عیشی "--

منو بے بسی سے سبکو دیکھ رہی تھی جب رشی غصے سے بولی اور دیگچی منو کے منہ کے آگے سے اٹھائی ۔۔ عیشی نے کچھ بولنا چاہا مگر رشی نے ہاتھ اٹھا کے روک دیا اور دیگچی کچن میں رکھ آئی۔۔ تو منو نے سکون کا سانس لیا ۔ اور باقی سب نے کھانا شروع کیا۔۔۔ جبکہ عیشی برے برے منہ بنانے لگی۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

آج جمعرات ہے تو میں سوچ رہی ہوں آج ہی منو کو لے جاتے ہیں اور شاپنگ" کرآتے ہیں۔ کل جمعہ ہے اور جمعہ کے دن باہر جانا بہت ہی مشکل ہو جاتا

ہے--- پھر ہفتے کو مہمان آنا شروع ہوجائیں گے دعوت بھی دینی ہوگی-- تو ٹائم نہی ملے گا"--

ناشتے کے وقت رشی نے کہا تو سب نے اتفاق کیا--- اور عیشی مشی کو بھی اسی لیئے کالج سے روک لیا گیا-- اب امان اور ہمدان نے انکو شاپنگ پہ لے کے جانا تھا--

ضرار اور عارب گھر پینٹ کرا رہے تھے اور کھانے وغیرہ کے انتظامات شاہ اور عازب کے ذمے تھے جبکہ ڈیکوریشن ساری حنان نے کروانی تھی اسی سلسلے میں وہ باہر گیا تھا--

احرار صاحب مہمانوں کی لسٹ بنا رہے تھے---

*********

آہم عیشی ادھر آو یار یہ شرٹ پریس کردو ماما کو بولا بھی تھا دوسری کردی انہوں نے"۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

ناشتے کے بعد سب اپنے اپنے کاموں میں مصروف ہوگئے تو ہمدان شرٹ اٹھائے نیچے آیا اور ادھر ادھر زری کو ڈھونڈنے لگا مگر وہ کہی نظر نا آئ ۔۔ کچھ دیر بعد اسے کچن سے باہر آتی عیشی دکھی تو وہ شرٹ لیئے اسکے پاس آیا اور شرٹ دیکھاتے بیزار سا بولا۔۔۔

خوش ہوگئے اب آپ۔۔ مل گیا سکون دو معصوم لوگوں کے دل توڑ کے۔۔۔ اب" جشن منائیں۔۔ بہت خوشی ہوتی ہے نا دوسروں کو رلا کے ۔۔ اللہ کرے وہ میسنی سارہ آپکو بھی نا ملے پھر پتا چلے گا یہ دکھ ہنننن۔۔۔ اور اور یہ شرٹ جاکے اس میک اپ کی فیکٹری کو کہے پریس کر کے دے"۔۔

عیشی تو کل سے ہمدان پہ شدید غصہ تھی اور جیسے ہی موقع ملا پھٹ پڑھی۔۔ جبکہ ہمدان منہ کھولے اسکو دیکھ رہا تھا۔۔ جو ایک ہاتھ کمر پہ رکھے دوسرا اسکے سامنے نچا نچا کے بول رہی تھی۔۔۔ اور آخر میں جاتے ہوئے مڑی اور ہمدان کے ہاتھ سے شرٹ لے کے ایک نظر دیکھی پھر اسکے ہاتھ میں پٹختے ہوئے وہاں سے چلی گئ۔۔

اور ہمدان ابھی بھی منہ کھولے اسکو جاتا دیکھتا رہا۔۔پھر جب وہ کمرے میں جا کے بند ہوگئ تو سر نفی میں ہلاتا مسکراتا ہوا دوبارا زری کو ڈھونڈنے لگا۔۔۔

♡♡♡♡♡♡♡♡

نانا جی ہم نے اپنی فرینڈ کو بھی بلانا ہے آپ اسکا نام بھی لکھیں اور ہمارے" ساتھ دعوت دینے جائیں گے"۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

احرار صاحب لسٹ بنا رہے تھے جب مشی آ کے پاس بیٹھی اور لسٹ دیکھتی بولی۔۔۔

ٹھیک ہے آپ چلی جانا بچے"۔۔"

احرار صاحب مسکرا کے بولے تو مشی بھی خوش ہوگئ۔۔

مگر کس کے ساتھ جاوں گی"۔۔"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

خوشی میں اچانک مشی کو یاد آیا اور وہ منہ بنا کے بولی ۔۔

کہاں جانا ہے بھئ "--"

عازب کمرے میں آتا بولا تو مشی اسے دیکھ کے مسکرانے لگی --

بڑھے پاپا ہماری کالج فرینڈ ہے نازلی اسکو بھی بلانا ہے مگر دعوت دینے کس کے "
ساتھ جاوں "--

مشی نے اپنی پریشانی بتائ--

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

تو اس میں کیا ہے تمھاری تائ جائیں گی دعوت دینے اپنی کچھ فرینڈز کو تم بھی" ساتھ چلی جانا ہمدان گاڑی میں لے جائے گا تم لوگ بھی دعوت دے آنا--"--

عازب نے حل بتایا تو مشی خوشی سے سر ہلانے لگی--

میں بھی جاوں گی"--"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

عیشی کمرے میں آتی بولی اور احرار صاحب کے ساتھ بیٹھ گئ--احرار صاحب نے مسکرا کے اپنے دائیں بائیں جانب بیٹھیں اپنی لاڈلی بیٹی کی بچیوں کو دیکھا اور دونوں

کو پیار کیا۔۔ تو دونوں بچوں کی طرح مسکرانے لگی۔۔ اس وقت دونوں کی بالکل معصوم بچیاں لگ رہی تھی۔۔۔

شاپنگ پہ بھی عیشی نے ہمدان سے بات نہیں کی اور منال نے بھی بے دلی سے شاپنگ کی جبکہ باقی سب نے خوب دل لگا کے ہر چیز خریدی۔۔ اور رات کے وقت تھک ہار کے واپس آئے۔۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

اگلے دن جمعہ تھا اور گھر میں سب مصروف تھے۔۔

*****

رکے ذنبیل بھائی مجھے آپ سے بات کرنی ہے"--"

ذنبیل ہمدان نے ملنے اسکے گھر آیا تو عیشی نے اسے اکیلے دیکھ کے آواز دی اور اسے لے کے گارڈن میں آگئی--

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"کیا بات کرنی تھی؟"

گارڈن میں آتے ہی سیمنٹ کے بنے بینچ پہ بیٹھتے ذنبیل نے پوچھا جبکہ عیشی ادھر ادھر دیکھ کے کنفرم کر رہی تھی کہ کوئی دیکھ تو نہیں رہا---

"آپکو بتانا تھا آپکے ساتھ دھوکہ ہو رہا ہے"

عیشی کچھ سوچ کے جلدی سے بولی تو ذنبیل نے آنکھیں چھوٹی کر کے غور سے اسے دیکھا۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"کونسا دھوکہ"

ذنبیل نے پوچھا تو عیشی نے خود کو تیار کیا۔۔

منال آپی نارمل نہیں ہیں مین وہ نارمل بیہیو نہیں کر سکتی۔۔۔ کبھی وہ خاموش" ہو جاتی ہیں کبھی نارمل نہیں رہتی۔۔ یہاں تک کے بیمار بھی ہوجاتی ہیں۔۔ اور آپکا تو بزنس ہے آپکو تو لوگوں سے ملنا ہوتا ہے فیملی پارٹیز ہوتی ہیں ایسے میں آپکو "مسلہ ہوگا

عیشی نے ایسے اعتماد سے جھوٹ بولا کہ ذنبیل تو کیا شیطان بھی حیران رہ گیا۔۔

ذنبیل صدمے سے اسے دیکھ رہا تھا۔۔ اور عیشی دل ہی دل میں خوش ہو رہی تھی کہ اب تو ذنبیل پکا شادی سے انکار کردے گا۔۔

visit for more novels: www.urdunovelbank.com

عیشی تم یہاں کھڑی ہو آدھے گھنٹے سے تمھیں ڈھونڈ رہی ہوں جلدی چلو تیار"

"نہیں ہونا کیا جمعے کی نماز کے بعد نازلی کے گھر دعوت دینے جانا ہے

مشی وہاں آتی بولی تو عیشی ذنبیل کو بائے کہتی مشی کے ساتھ اندھر چلی گئ۔۔

جبکہ ذنبیل ابھی تک عیشی کی باتوں پہ حیران سا کھڑا تھا۔۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

تم رو رہے ہو"۔۔"

مشی ضرار کو کھانے کے لیئے بلانے آئ تو وہ ٹیرس پہ کھڑا تھا۔۔جب مشی کو لگا کہ وہ رو رہا ہے تو سامنے آتی وہ حیرانی سے بولی۔۔ضرار نے فوراً اپنی آنکھیں صاف کی۔۔۔

نہیں تو پاگل میں کیوں رونے لگا"۔۔"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

ضرار نے زبردستی مسکراتے ہوئے کہا۔۔

"مجھے پتا ہے منو آپی کے جانے کا سوچ کہ تم سیڈ ہو"

مشی ریلنگ پہ ہاتھ رکھ کے بولی تو ضرار نے بغور اسے دیکھا۔۔

شکر ہے مشی تم ببل چباتے ہوئے نہیں اٹکتی ورنہ مجھے لگا تھا تم یہ بات بھی"

ایسے ہی کھو گی۔۔۔آہہم۔۔۔

مجھے پتا ہے منو آپی کے جانے کا شوچ کے ٹم شیڈ ہو"۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

مشی کو اسکی بات سے ہٹانے کے لیئے ضرار نے کھنکار کے گلہ صاف کرتے

اسکی نقل اتاری اور

ہنسی دبائی کیونکہ مشی ببل چبا رہی تھی۔۔

تم ہو ہی بتمیز+ڈفر+لوفر۔۔بہت مزہ آئے اگر گرو یہاں سے تمھارے دماغ کے"

ڈھیلے پرزے صحیح ہو جائیں اسی بہانے"۔۔

مشی ضرار کو دیکھ کے بولی تو اس نے دل میں ہی شکر ادا کیا کہ وہ اپنی بات سے

ہٹ گئ ہے ورنہ اسنے جان نہیں چھوڑنی تھی۔۔

ہاں گرتے ہوئے تمھیں بھی ساتھ لے جاوں گا تاکہ تمھاری یہ ہلکی سٹپنی ٹائٹ"

ہو جائے۔"

visit for more novels: www.urdunovelbank.com

ضرار نے نچلا لب دانتوں میں دبا مسکراہٹ دباتے کہا تو مشی نے غصے سے اسے مکا مارا۔۔

تمھیں پتا ہے تم ہو ہی ایک نمبڑ کے فضول انسان ضڑاڑ کے بچے جاو مڑو میڑے" کو نہیں پتا"۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

غصے میں مشی کی زبان پھسل گئ تو ضرار نے زوردار قہقہہ لگایا۔۔اسکے ہسنے پہ مشی غصے سے اسکو مکا مارتی وہاں سے چلی گئ

۔ جبکہ ضرار دیر تک ہنستا رہا۔۔ اب اسکا موڈ فریش ہو چکا تھا۔۔ پہلے والی اداسی دور دور تک نظر نہیں آرہی تھی۔۔۔

چلیں آنی ہم تیار ہوگئے ہیں"۔۔"

جمعہ کی نماز کے بعد زری تیار ہو کے ہال میں آئی تبھی عیشی مشی وہاں آئی اور عیشی دوپٹہ سیٹ کرتی بولی۔۔ زری نے مسکرا کے اسے دیکھا اور ان دونوں کے ساتھ باہر آئی جہاں ہمدان گاڑی کے پاس کھڑا انکا ویٹ کر رہا تھا۔۔

visit for more novels: www.urdunovelbank.com

تم نے تو کہا تھا کہ فرنٹ سیٹ تم سے کوئی نہیں چھین سکتا"۔۔"

گاڑی کے پاس آتے ہی عیشی نے فرنٹ ڈور اوپن کر کے زری کو بیٹھنے کا کہا جب وہ بیٹھ گئ تو عیشی گھوم کے دوسری سائیڈ آئ اور جیسے ہی بیٹھنے لگی ۔ہمدان نے اسکے پاس جھکتے اسے یاد دلایا۔۔ مشی بھی گاڑی میں بیٹھ چکی تھی۔۔

ہاں کہا تھا۔۔ مگر پھر میں نے سوچا کہ فرنٹ سیٹ میں صرف اپنے ہیرو کے" ساتھ بیٹھوں گی۔۔ بس ہر ایک کے ساتھ نہیں"۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

عیشی نے آنکھیں گھوما کے ناراضگی کا احساس دلاتے ہوئے کہا تو ہمدان نے مسکراہٹ دبائ اور سمجھنے والے انداز میں سر ہلایا۔۔ عیشی کے بیٹھتے ہی ہمدان

نے دروازہ بند کیا تو عیشی نے اسے گھورا اور دروازہ کھول کے خود بند کیا۔ ہمدان نے ہنستے ہوئے سر نفی میں ہلایا کہ اسکا کچھ نہیں ہو سکتا۔۔ پھر ڈرائیونگ سیٹ سنبھالی ۔۔اور گاڑی سٹارٹ کر کے گھر سے باہر نکالی۔۔

انکا پلان پہلے شزا کے گھر جانے کا تھا اسے انوائٹ کر کے نازلی کے گھر جانا تھا۔۔۔ شزا کے گھر زری ہی گئ تھی۔۔ عیشی مشی گاڑی میں ہی رہی۔۔ ہمدان عیشی سے بات کرنے کی کوشش کرتا مگر وہ اگنور کر رہی تھی۔۔ اسے سخت غصہ تھا ہمدان پہ کیونکہ اسکی وجہ سے حنان اور منال دونوں سیڈ تھے۔۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

اب اس طرح بیٹھنے سے کیا ہوگا جب موقع تھا تب تو بھیگی بلی بن گئے تھے"۔۔

امان کام کر کر کے تھک ہار کے جب چھت پہ آیا تو حنان یہاں کھڑا ڈوبتے سورج کو دیکھ رہا تھا۔۔۔جب سے حنان نے منال کو خط والی سچائی بتائی تھی اسکے بعد سے امان آج حنان سے بات کر رہا تھا۔۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

یار مان تو تو میرے زخموں پہ نمک نا چھڑک آگے تیری بہن کم ہے کیا جو آتے جاتے مجھے احساس دلاتی ہے کہ منو بہن ہے میری۔۔ اب تو میرا دماغ بھی اسکو بہن سمجھنے لگا ہے"۔۔

حنان منہ بنا کے بولا تو اسکی شکل دیکھ کے امان کو دکھ ہوا مگر اسکا لہجہ دیکھ کے ہنسی آئ۔۔

ہاں تو اچھا ہے نا جتنی جلدی قبول کرلو۔۔تاکہ کل کو اپنے بھانجے بھانجیوں کے" اچانک ماموکہنے پہ دورہ نا پڑھے تمھیں"۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

امان نے ہنسی چھپا کے سنجیدگی سے کہا تو حنان نے روتی صورت بنا کے اسے دیکھا۔۔۔

ہاہاہاہاہا مزاق کر رہا ہوں یار -- موڈ صحیح کرلو جو ہوتا ہے بہتری کے لیئے ہوتا ہے"--

امان نے اسکا کندھا تھپتھپاتے ہوئے کہا تو حنان نے سر ہلا کے دوبارا ڈوبتے سورج کو دیکھا اب جہاں سورج کی جگہ سرخی پھیل گئ تھی---

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"السلام علیکم آنٹی میں عیشال شاہ ہوں نازلی کی دوست--اسنے آپکو بتایا ہوگا ہمارا"--

نازلی کے گھر آتے ہی عیشی نے بیل دی تو ایک خوبصورت ہی عورت دروازہ کھولنے آئی ۔۔ عیشی نے اپنا تعارف کرایا۔۔ جبکہ زری مشی اور ہمدان ابھی پیچھے تھے۔۔

وعلیکم السلام بیٹا مجھے بتایا ہے نازلی نے آو آپ اندھر اکیلی آئی ہو کیا؟"۔۔"

سلام کا جواب دیتے ہی انہوں نے مسکرا کے اسے ویلکم کیا پھر اس سے پوچھا

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

تب ہی زری مشی اور ہمدان بھی آگئے۔۔

السلام علیکم بریرہ تم یہاں۔۔ کب واپس آئی یورپ سے"۔۔"

سامنے آتے ہی زری نے بریرہ کو دیکھا تو حیرت سے پوچھا پھر خوشی سے گلے ملی-- بریرہ کی حالت بھی کچھ مختلف نا تھی--

"وعلیکم السلام زرتاشہ میں کچھ سال پہلے ہی واپس آئ تھی--واو یہ تمھاری بیٹیاں ہیں"--

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

بریرہ خوشی سے اسے ملی اور انہیں اندھر آنے کا کہا ساتھ ہی بتایا-- جبکہ ہمدان مشی اور عیشی حیرانی سے ان دونوں خواتین کو دیکھ رہے تھے--

نہیں یہ رشی کی بیٹیاں ہیں عیشال شاہ اور مشال شاہ -- اور یہ میرا بیٹا ہے"

ہمدان شاہ -- بچوں ان سے ملو یہ آپکی پھپھو بھی ہیں اور خالہ بھی-- بریرہ--یہ

عازب کے ماموں کی بیٹی ہیں"--

زرتاشہ نے ان سب کا آپس میں تعارف کرایا--تو سب خوشی سے ایک دوسرے کو

ملے--

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

" ما شاہ اللہ بہت پیارا بیٹا ہے آپکا -- اور رشی کی بیٹیاں بالکل رشی جیسی ہیں--"

بریرہ خوشی سے ملی تو عیشی مشی مسکرا دی--

"السلام علیکم۔۔"

۔۔بریرہ نے انہیں ڈرائینگ روم میں بٹھایا تب ہی وہاں نازلی آئ اور سبکو سلام کیا۔۔ زری سے ملنے کے بعد وہ تینوں گلے ملی ۔۔ نازلی انکو اپنے گھر دیکھ کے بہت خوش ہوئ تھی۔۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

یہ میں بیٹی ہے نازلی۔۔"۔۔"

بریرہ نے اپنی بیٹی کا تعارف کرایا تو زری مسکرا کے اس سے ملی۔۔ زری کو نازلی بہت اچھی لگی معصوم سی ۔۔ کیونکہ ابھی اسنے صرف اسکی شکل ہی دیکھی تھی حرکتیں نہیں۔۔۔

"السلام علیکم۔"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

کچھ دیر بعد بریرہ کی ملازمہ چائے اور دیگر لوازمات کی ٹرالی لے کے آگئ تو نازلی نے سبکو سرو کیا۔۔ تب ہی وہاں خازق آگیا اور سبکو سلام کیا۔۔اسکو دیکھ کے عیشی کا منہ کھل گیا وہ بالکل ہیرو جیسا تھا۔ خوبصورت ہینڈسم۔۔

یہ میرا بڑا بیٹا ہے خازق۔۔ابھی اسکی ایجوکیشن کمپلیٹ ہوئی ہے اور اس نے"
آرمی جوائن کی ہے۔۔۔ اور بیٹا ان سے ملو یہ رشتے میں تمھاری خالہ ہی لگتی ہیں۔۔
"عازب ماموکی بیوی ہیں یہ

www.urdunovelbank.com

جانے سے شاپنگ تک سب انکی ہی تو ذمہ داری ہے۔۔تو اس طرح ہوئے نا یہ

"محافظ ہمارے۔۔

سوچ سوچ کے عیشی نے جگاڑ لگایا تو سب کو عیشی کی دماغی حالت پہ شک ہوا۔۔کہ آج عیشی کو ہمدان کا اتنا خیال آکیسے گیا۔۔ جبکہ شاہ اپنی مسکراہٹ دباتے ہوئے ہمدان کو دیکھ رہا تھا۔۔جس کی شکل دیکھ کے لگ رہا تھا ابھی رو دے گا۔۔اور وہ بے بسی سے عیشی کو دیکھ رہا تھا۔۔ جیسے کہہ رہا ہو۔۔اللہ کا واسطہ ہے عیشی میرا کوئ پلان تو پورا ہونے دیا کرو۔۔ تمھاری مہربانی ہوگی اپنا

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

منہ بند رکھنا۔۔تمھارا یہ احسان میں زندگی بھر نہیں بھولوں گا۔۔

اس نے تو چپ ہونا نہیں ہے آپ سب جانتے ہیں -- خیر مجھے دیر ہو رہی ہے"

"چلتا ہوں ----چلیں شاہ چاچو؟

عیشی کی اتنی بڑھی اموشنل تقریر پہ سبکو اسکی دماغی حالت پہ شک ہوا --اس سے پہلے ہمدان کے سرپرائز کا یہاں ہی ستیاناس ہو جاتا --وہ جلدی سے بولا --

visit for more novels: www.urdunovelbank.com

آہاں ہاں چلو"--"

شاہ جو اس ساری سیچویشن کو انجوائے کر رہا تھا ہمدان کے اچانک بلانے پہ چونکا اور پھر اسکے ساتھ باہر چلا گیا--

اللہ حافظ "--"

دونوں نے مشترکہ کہا اور باہر چلے گئے۔۔

اللہ حافظ۔۔۔ اور عیشی مشی جلدی ناشتہ کرو امان تم لوگوں کو کالج چھوڑ دے "۔"

انکو اللہ حافظ کہتے ہی رشی نے عیشی مشی کو بھی کہا اور فالتو برتن ٹیبل سے اٹھانے لگی۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"ہو گیا چلیں مان بھائی۔۔"

عیشی مشی نے بھی ہاتھ صاف کیئے اور بیگ اٹھاتے ہوئے کھڑی ہوگئ۔۔

ہاں چلو"۔۔"

امان بھی ناشتہ ختم کرتے اٹھ گیا۔۔

اوکے اللہ حافظ"۔۔"

تینوں نے ایک ساتھ کہا اور باہر چلے گئے۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

" اللہ کی امان میں"

رشی نے آیت الکرسی پڑھ کے پھونکی اور تینوں کو اللہ کی امان میں دیا۔۔

بھائی شاپ کے پاس چھوڑ دیں ہماری دوست بھی یہاں آئے گی ہم نے نوٹس" لینے ہیں"۔۔

کالج کے پاس پہنچتے ہی عیشی بولی۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

تم لوگوں کو جو چیز چاہیئے ہو کسی بڑے کے ساتھ آیا کرو اکیلے نہیں جاتے"۔۔"

امان موڑ کاٹتے ہوئے بولا تو عیشی نے منہ بنایا۔۔

تو بھائی آپ ہی لیں چلیں نا پلیز ٹیسٹ ہے نوٹس ضروری ہیں"۔۔"

مشی نے حل پیش کیا تو عیشی بھی خوشی سے سر ہلانے لگی۔۔

نہیں مجھے دیر ہو رہی ہے حنان میرا انتظار کر رہا ہوگا"۔۔"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

نازلی کا سوچ کے ہی اسکا موڈ آف ہوا۔۔وہ صبح صبح کوئی بدمزگی نہیں چاہتا تھا اسی لیئے انکار کر دیا۔۔

کیا بھائی اب آپکے پاس اپنی بہنوں کے لیئے بھی ٹائم نہیں۔۔ایک تو آپ کہتے" ہیں کسی بڑھے کے ساتھ آو اور جب آپ کو کہتی ہیں تو آپ بہانے کرتے ہو۔۔ سب ایسے ہی کرتے ہیں ہمارے ساتھ"۔۔

عیشی نے تھوڑا اموشنل ہوکے ڈرامہ کیا تو امان نے حیرت سے اسے دیکھا جو اپنے نا آنے والے آنسو صاف کر رہی تھی۔۔

یہ تم کیا صبح صبح ملکہ جذبات بن رہی ہو"۔۔"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

امان نے حیرت سے پوچھا-- جبکہ مشی اچھے سے اسکی ایکٹنگ سمجھ گئ تھی اور ہنسی چھپانے کے لیئے منہ کھڑکی کی طرف موڑ لیا-- جبکہ امان سمجھ رہا تھا وہ بھی رو رہی ہے--

آپ کو کیا لگتا ہے-- ہر وقت ہنستے رہتے ہیں ہم لوگ تو ہمیں کوئ دکھ نہیں ہوتا" ہوگا-- کیا ہم انسان نہیں ہیں ہمارے کوئ جذبات نہیں ہیں-- نہیں مان بھائ ہمیں بھی دکھ ہوتا ہے-- مگر شاید وقت نے سمجھوتہ کرنا سکھا دیا ہے"----

عیشی کی ایکٹنگ پہ امان سچ مچ جذباتی ہو گیا تھا--

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

توبہ ہے اس لڑکی کی ایکٹنگ پہ دکھ بھی کہتا ہوگا۔۔او باجی قسم لے لو جو میں" نے تمھیں چھوا بھی ہو۔۔ اور شیطان کہتا ہوگا۔۔میں تو بس وقت ہی ضائع کر رہا ہوں جبکہ یہاں تو میری بھی باس موجود ہے"۔۔

مشی دل ہی دل میں سوچ کے ہنسی چھپا رہی تھی۔۔ جبکہ امان کی شکل فل کی دکھی ہیروئن جیسی لگ رہی تھی۔۔ جسے دیکھ کے مشی کے لیئے ہنسی 1997 روکنا دنیا کا سب سے مشکل ترین کام تھا۔۔

"چلو اترو"۔۔"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

شاپ کے پاس آتے ہی امان نے گاڑھی روک کے کہا تو عیشی کو اپنی ساری محنت رائیگاں جاتی نظر آئ۔۔اور وہ منہ بناتی نیچے اتر گئ۔۔

تب ہی امان بھی اترا اور گاڑھی لاک کر کے ان کو لے کے شاپ میں آیا۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

یہ بتاو اتناڈرامہ کیوں کیا ہے جبکہ میں اچھے سے جانتی ہوں تمھیں ایسا کوئ دکھ نہیں ملا جسے چھپانا پڑھے "۔۔"

امان کے پیچھے شاپ میں داخل ہوتے مشی نے عیشی سے سرگوشی کی۔۔

پتہ ہے کوئ دکھ نہیں ہے بس تم اپنا منہ بند رکھو"۔۔"

عیشی تھوڑا رعوب جھاڑتے بولی۔۔

"زیادہ اماں نا بنو بھولو مت ہم دونوں جڑواں ہیں۔۔اس لحاظ سے تم مجھ پہ رعوب نہیں جھاڑ سکتی۔۔ اور سیدھی طرح بتاتی ہو یا بتاوں بھائ کو تمھارے ڈرامے کا"۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

مشی نے اینٹ کا جواب پتھر سے دیا تو عیشی منہ کے زاویے بگاڑتے ادھر ادھر دیکھنے لگی۔۔

اس لیئے تاکہ نوٹس کے پیسے بھائی دے دیں۔۔اور ہم اپنے پیسوں سے اگلے پلان" کی چیزیں خرید سکیں"۔۔

ادھر ادھر دیکھ کے عیشی نے آنکھ دبا کے کہا تو مشی کے پوری آنکھیں کھول کے افسوس سے اسے دیکھا۔۔ مگر عیشی ہی ہی کرتی آگے بڑھ گئی۔۔ اور مشی بھی خوشی خوشی اسکے پیچھے چلی گئی۔۔ کیونکہ وہ پیسے دونوں نے بانٹنے تھے۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

سوری"۔۔"

عیشی مشی کو نوٹس لیتے دیکھ کے امان ایک سائیڈ رکھی بکس دیکھنے لگا جب اسے اپنے پیچھے سے نسوانی آواز سنائی دی۔۔ وہ واپس پلٹا مگر حیرت سے بے ہوش ہونے کو تھا۔۔ کیونکہ نازلی کھڑی مسکرا رہی تھی۔۔ایک تو اسکا اتنا مہذبانہ انداز اور اوپر سے سوری بولنا دونوں ہی امان کے لیئے حیرت انداز چیزیں تھی۔۔ کیونکہ اسے نہیں یاد تھا کبھی اس نے زور نازلی نے کسی بھی ملاقات میں نارملی بات کی ہو۔۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

جی مجھ سے کچھ کہا؟"۔۔"

امان پاس دیکھتے امان نے سینے پہ انگلی رکھ کے اپنی طرف اشارہ کرتے ہوئے کنفرم کرنا چاہا تو نازلی مسکرائی۔۔

نہیں ان کتابوں سے کہا ہے کیونکہ آپ انہیں دیکھ رہے تھے نا"۔۔"

نازلی نے مسکراتے ہوئے کہا۔۔مگر امان اسکی بات سمجھ کے غصہ کرنے کی بجائے ابھی تک ساکت کھڑا تھا۔۔ کیونکہ نازلی اسے آپ کہہ رہی تھی۔۔ جبکہ وہ ہمیشہ اسے تو تم ہی کہتی تھی۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

کہیں تمھیں بخار وخار تو نہیں ہوگیا اتنے آرام سے بات وہ بھی مجھ سے۔۔؟"۔۔"

امان نے سکتے کی حالت میں پوچھا تو نازلی نے دانت پیسے جبکہ ہونٹ ابھی بھی مسکرا رہے تھے۔۔

"پتا ہے اس دن بعد میں مجھے لگا شاید میں نے زیادہ بول دیا تھا سوری کرنا چاہیئے۔۔ لیکن ابھی لگ رہا ہے تم ہو ہی اس قابل۔۔ میں ہی پاگل ہوں جو سوچ رہی ہوں تمھیں برا لگا ہوگا"۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

نازلی نے ایک ایک لفظ چبا کے کہا جبکہ ہونٹوں پہ مسکراہٹ ابھی بھی برقرار تھی۔۔

نہیں تم بالکل ٹھیک ہو۔۔ میں سمجھا شاید اس شکل کا کوئ نیو اور معصوم ورژن" آگیا ہے مگر ناممکن"۔۔

اسکی بات کا برا منائے بغیر امان نے سنجیدگی سے کہا اور دوبارا بکس دیکھنے لگا۔۔

تم نا دنیا میں بس ہم غریبوں کا آکسیجن ضائع کرنے آئے ہو"۔۔"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

ایسی بے عزتی پہ نازلی جل بھن گئ۔۔اسی لیئے اپنے دل کی آگ بجانے کے لیئے بولی۔۔

اگر اتنی ہی آکسیجن کی فکر ہے تو مریخ میں چلی جاو۔۔بچاری آکسیجن کو بھی سکون" کا موقع ملے"۔۔

سامنے بھی امان شاہ تھا ۔۔وہ چپ ہوجاتا ناممکن۔۔

زبان چلانے والے مرد بہت ہی زنانہ ٹائپ ہوتے ہیں "۔۔"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

اسکی طنزیہ بات پہ نازلی اسکے سامنے جاتی بولی۔۔

کاش کے میں بھی کہہ سکتا۔۔ ہاتھ چلانے والی عورتیں بہت ہی مردانہ ٹائپ" ہوتی ہیں "۔

اسکا غصہ انجوائے کرتے امان نے ہنسی دبا کے مصنوعی سنجیدگی سے کہا تو نازلی نے آنکھیں چھوٹی کر کے غصے سے اسے گھورا۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

جاہل+لوفر+ٹین ڈبے کی شکل والا۔ عجیب آدمی "۔۔"

نازلی پاوں پٹختی بولی۔۔ جبکہ نئے نئے القابات سن کے امان حیران پریشان کھڑا تھا۔۔

اور تم کالی کلوٹی عورت"--"

امان نے فقط تین لفظوں میں اپنا بدلہ لینے کے ساتھ ساتھ اسے اچھا خاصہ تپا دیا تھا--وہ جو اپنے رویے کی معافی مانگنے آئ تھی-- ایک نئ لڑائ شروع کر چکی تھی--- جب لفظوں سے بات نا بنی --اپنا شوز زور سے امان کے پاوں پہ مارا--
جس پہ وہ چینخ اٹھا-- جب سب انکی طرف متوجہ ہوئے--تو نازلی مسکرا کے اسے دیکھتی چلی گئ-- جیسے اسنے تو کچھ کیا ہی نا ہو---

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

ایسی جنگلیوں پہ بین لگنا چاہیئے کہ وہ پبلک پلیس پہ نہیں جاسکتی"--"

اسکی پشت کو گھورتا امان غصے سے بولا۔۔اسکی بات پہ عیشی مشی زور سے ہنسی تو امان نے چونک کے انہیں دیکھا۔۔ جو ان دونوں کو ناجانے کب سے لڑتا دیکھ رہی تھی ۔۔۔ اسکے دیکھتے ہی دونوں نے سر سمجھنے والے انداز میں ہلایا۔۔۔

"یا اللہ خیر"۔۔"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

امان جانتا تھا اب کوئی نیا ڈرامہ شروع ہونے والا ہے۔۔کیونکہ بات اب عیشی مشی تک پہنچ گئ تھی۔۔۔ جبکہ وہ اس بات سے بے خبر تھا کہ ڈرامہ نہیں اسکی زندگی کی ہارر فلم شروع ہونے والی ہے۔۔۔

السلام علیکم"--"

ارے وعلیکم السلام بریرہ آئیں نا اندھر آئیں آپ باہر کیوں کھڑی ہیں-- آئیں"

زری باجی آپ بھی"--

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

شکریہ "--"

گھنٹی کی آواز پہ حرم نے دروازہ کھولا تو زرتاشہ اور بریرہ کھڑی تھی۔۔ انکو دیکھ کے اسے حیرت ہوئی۔۔مگر خود کو سنبھالتے اس نے مسکرا کے سلام کیا اور اندھر آنے کی جگہ دیتے ہوئے آنے کا کہا۔۔۔

مسکرا کے سلام کا جواب دیتے وہ دونوں اندھر آئی ۔۔۔

" بیٹھیں نا پلیز۔۔"

حرم نے دونوں کو بیٹھنے کا کہا۔۔اور خود کچن میں چلی گئ۔۔ زری اور بریرہ بھی بیٹھ گئ۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

کچھ دیر بعد حرم جوس ۔۔فروٹس اور کچھ دیگر چیزوں کے ساتھ ہال میں آئ اور ٹرے میز پہ ان کے سامنے رکھی۔۔

" ارے اس تکلف کی کیا ضرورت تھی"

زری نے کہا تو حرم نے مسکرا کے کہا کہ تکلف کیسا۔۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

وہ ہم آج اک خاص سلسلے میں تمھارے پاس آئیں ہیں"۔۔"

کچھ دیر ادھر ادھر کی باتوں کے بعد زری بولی۔۔۔اس کی بات سن کے سیڑھیوں سے اترتی سارہ کا دل جھوم اٹھا۔۔۔ وہی حرم بھی دل ہی دل میں خوش ہوئ۔۔ مگر اسے سمجھ نہیں آرہا تھا کہ زری بریرہ کو ساتھ کیوں لائ ہے۔۔ جبکہ وہ ریا کو یا رشی اور ہماہ کو بھی لا سکتی تھی۔۔

"جی جی کہیے"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

حرم ناسمجھ بنتے ہوئے مسکرا کے بولی۔۔ جبکہ سارہ تو مانو زمین پہ پاوں نہیں ٹک رہے تھے۔۔ اسے یقین نہیں ہو رہا تھا کہ اسکا خواب سچ ہونے والا ہے۔۔۔

کچھ مانگنے آئیں ہیں -- اور بہت امید سے آئیں ہیں کہ آپ ہمیں خالی ہاتھ نہیں لوٹائیں گی"--

زری نے خاص تمہید باندھتے ہوئے کہا تو حرم نے سر ہلایا--

"وہ میں اپنے بیٹے خازق کے لیئے آپکی بیٹی سارہ کا رشتہ مانگنے آئی ہوں--"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

زری کے اشارہ کرتے ہی بریرہ دھیمے لہجے میں بولی--تو سارہ نے جھٹکے سے سر اٹھایا-- سارے خواب زمین بوس ہوگئے تھے-- کچھ ایسا ہی حال حرم کا بھی تھا-- شاید اسے بھی دکھ ہوا تھا--

خازق بہت اچھا لڑکا ہے۔۔ آرمی میں ہے۔۔اور ما شاہ اللہ بہت سلجھا ہوا سمجھدار" بچہ ہے۔۔ اور سب سے بڑھی بات ہمارے خاندان کا ہے۔۔ وہ خود اس رشتے کے لیئے راضی ہے۔۔ بلکہ یوِ کہیں اسے ہماری سارہ بہت پسند آئ ہے "۔

زری مسکراتے ہوئے بولی۔۔ جبکہ اسکی بات سن کے حرم مسکرا بھی نا سکی۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

ریاآنی اور رشی لوگ بھی آنا چاہتی تھی۔۔ مگر ہم نے سوچا پہلے آپ کی رضامندی" جان لے پھر باقاعدہ رشتہ لے کے آئیں گے۔۔ خازق کے بابا اور نازلی بھی آنا چاہتے ہیں"۔۔

بریرہ حرم کو مسلسل خاموش دیکھ کے بولی ۔۔۔

جی آہمم۔ہمیں کچھ وقت دیں میں بات کروں گی سارہ کے بابا اور بھائی سے۔۔"

پھر جو انکا فیصلہ ہوا"۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

زری کا بریرہ کے ساتھ آنا اس بات کی دلیل تھی کہ وہ ہمدان کے لیئے واقع سارہ کا رشتہ نہیں کرنا چاہتی۔۔۔

اسی لیئے وہ کچھ رضامند سی بولی۔ کیونکہ وہ خازق سے مل چکی تھی اسے اس میں کوئ برائ نظر نہیں آئ تھی۔۔

اسکے جواب پہ بریرہ اور زری مسکرانے لگی۔۔اور مزید کچھ باتوں کے بعد۔۔ چلی گئ۔۔

ماما آپ نے صاف انکار کیوں نہیں کیا"۔۔"

انکے جاتے ہی سارہ غصے سے حرم کے پاس آئ اور چیخ کے بولی۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

تم نے دیکھا نہیں زری خود آئ تھی ۔۔ اسکا کیا مطلب تھا۔۔ یہی کہ وہ ہمدان" کے لیئے تمھارا رشتہ نہیں مانگے گی۔۔پھر بھی تم ایسے کہہ رہی ہو۔۔ اب کونسی امید باقی ہے۔۔ اور خازق اچھا بھلا لڑکا ہے۔۔ پڑھا لکھا ہے۔۔ اپنی جاب کرتا

ہے۔۔ شکل صورت ہی اچھی ہے۔۔ پھر کیا مسلہ ہے تمھیں۔۔ مجھے تو اس رشتے میں کوئ برائ نظر نہیں آئ۔۔ آج کرتی ہوں میں تمھارے بابا اور ذنبیل سے بات۔۔ اور تم بھی بھول جاو ہمدان کو۔۔ نہیں ہے وہ تمھارے نصیب میں تو نصیب سے لڑنے کی کوشش مت کرو"۔۔

حرم بھی اسی کے انداز میں بولی۔۔ اسے اب سارہ کی بچکانا ضد سے خوف آنے لگا تھا۔۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

حرم کی بات سن کے سارہ پاوں پٹختی اپنے کمرے میں چلی گئ۔۔ جبکہ حرم سر نفی میں ہلا کے رہ گئ۔۔۔

آج بریرہ اور زری آئ تھی-- بریرہ اپنے بیٹے خازق کے لیئے سارہ کا رشتہ مانگنے "آئ تھی"

شام کھانے کے میز پہ حرم نے بتایا تو ذنبیل اور حسام کا ہاتھ ایک پل کو رکا--

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

مجھے اس رشتے میں کوئ برائ نظر نہیں آئ --آپ لوگ بھی اپنی تسلی کے لیئے "پتا کرالیں-- پھر جیسے آپکو بہتر لگے--"

انکو خاموش دیکھ حرم دوبارہ بولی۔۔ تو حسام نے ذنبیل کی طرف دیکھ کے سر ہلایا۔۔ جو خاموشی سے کھانا کھا رہا تھا۔۔

ذنبیل تم لڑکے کے بارے میں پتا کرا لو پھر انکو دعوت پہ بولا لیتے ہیں "۔۔"

حسام نے کہا تو ذنبیل جی اچھا کہتے خاموش ہوگیا۔۔ وہ خازق سے مل چکا تھا۔۔ اور کافی حد تک اسے جانتا بھی تھا۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

مگر پھر بھی سارہ کا سوچتے وہ کچھ پریشان تھا۔۔ کیونکہ سارہ بہت لاڈلی تھی۔۔اور وہ چھوٹی چھوٹی چیزیں بہت مشکل سے پسند کرتی تھی۔۔ جبکہ یہ زندگی بھر کا فیصلہ تھا۔۔

" ماما کیا آپ نے سارہ سے بات کرلی"

کھانے کے بعد جب حرم دودھ کا گلاس لے کے ذنبیل کے کمرے میں آئی جو لیپ ٹاپ گود میں رکھے کوئی کام کر رہا تھا۔۔ حرم کے آتے ہی لیپ ٹاپ بند کر دیا۔۔اور دودھ کا گلاس حرم سے لیتے ہوئے پوچھا۔۔۔

"آہاں کرلی ہے بات اسے کوئی اعتراض نہیں"

visit for more novels: www.urdunovelbank.com

حرم خود کو کمپوز کرتے ہوئے بولی۔۔ اسے ڈر تھا کہی ذنبیل خود سارہ سے بات نا کرلے اور وہ سب بتا دے۔۔ اب وہ سارہ کو مزید بیوقوفی نہیں کرنے دے سکتی تھی۔۔۔

ہمم صحیح"۔۔"

ذنبیل نے سمجھ کے سر ہلایا۔۔اسے شب بخیر کہتی حرم دروازہ بند کرکے باہر چلی گئی۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

وہ بس دل ہی دل میں دعا کر رہی تھی کہ سارہ کا دماغ ٹھیک ہوجانے تک ذنبیل اس سے بات نا ہی کرے۔۔۔

اردو ناول اور سٹوریز کی سب سے بڑی ویب سائٹ

www.urdunovelbank.com




visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

Urdu Novel Bank website

جہاں ملے آپ کو نئے اور اچھے معیاری ناول تمام کیٹگری میں۔۔۔

گوگل پر ٹائپ کریں

Urdu Novel Bank

اور ویب سائٹ سے ڈاؤنلوڈ کریں ہزاروں مکمل ناول مفت میں

سارہ کا بس نہیں چل رہا تھا خازق کا قیمہ بنا دے جس نے انکے گھر رشتہ بھیجا تھا۔۔ اور اس سے بھی بڑھی بات تو یہ تھی کہ اسکے گھر والوں کو یہ رشتہ ہر لحاظ سے اچھا لگا۔۔ حرم سمجھ گئ تھی۔۔ سارہ ایک ایسے راستے پہ بھاگ رہی ہے جسکی کوئ منزل نہیں۔۔ کیونکہ حنان کی منگنی پہ زری نے باتوں ہی باتوں میں اسے بھاور کرا دیا تھا کہ وہ ہمدان کا رشتہ خاندان میں ہی کرے گی۔۔۔۔مگر یہ بات حرم نے سارہ کو نہیں بتائ تھی تاکہ اسکا دل نا ٹوٹے۔۔

اور جو کچھ امید باقی تھی وہ بریرہ کے ساتھ آنے پہ پوری ہوگئ تھی۔۔

visit for more novels
www.urdunovelbank.com

دل تو کر رہا ہے جا کے اس لفنگے کا منہ نوچ لوں"۔۔"

خازق لوگوں کو ذنبیل نے دعوت پہ گھر بلایا تھا۔۔اور یہ بات سارہ کو انکے آنے کے بعد معلوم ہوئی۔۔تب ہی وہ غصے سے تن فن کرتی لان میں آگئ ۔۔ جہاں خازق فون پہ کسی سے بات کر رہا تھا۔۔ ذنبیل نے اپنے طور پہ مکمل معلومات حاصل کرلی تھی۔۔۔جب اسے دیکھ کے سارہ بڑبڑائ۔۔تب ہی خازق جاکے ایک درخت کے نیچے کھڑا ہوگیا۔۔ جب سارہ کی نظر درخت پہ پڑھی تو اسکے لبوں کو مسکراہٹ نے چھوا۔۔اور وہ پاس پڑا پتھر اٹھا کے درخت کے پاس آئ۔۔اور درخت پہ لگے شہد کی مکھیوں کے چھتے کو زور سے پتھر مارا۔۔ پتھر جیسے ہی خازق کے پاوں میں واپس آکے گرا تو اس نے چونک کے پتھر دیکھا۔۔ پھر پیچھے مڑ کے دیکھا جہاں سارہ کھڑی آنکھیں پھاڑے شہد کی مکھیوں کے طوفان کو دیکھ رہی تھی ۔۔ اس سے پہلے کے مکھیاں ان تک پہنچتی خازق نے اسکا ہاتھ کھینچا اور بھاگ کے دوسری طرف بنے کمرے کے گلاس ڈور سے اندھر ہوگئے۔۔

Visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

پاگل ہو گیا۔ کیوں چھیڑا انہیں اگر کاٹ لیتی تو؟"۔۔"

خازق تھوڑا غصے سے بولا۔۔

اس لیئے چھیڑا تاکہ مکھیاں تمھیں پیار کریں۔۔اور اسی خوشی میں تم شیشہ دیکھو جو" پچھلے کئی برس سے نہیں دیکھا۔ اور یہ جو مجھ سے شادی کرنے کی خوش فہمی ہے ساری دور ہو جائے"۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

سارہ ایک ایک لفظ چبا کے بولی۔۔ اسکے غصے کی وجہ جان کے خازق مسکرانے لگا۔۔

اوہ تو یہ بات ہے۔۔۔ ہممم۔۔ ویسے تم لکی ہو جسے میں نے چنا۔۔ورنہ لڑکیاں" تو مرتی ہیں مجھ پہ"۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

خازق کے کالر پکڑ کے کہا تو سارہ نے مذاق اڑانے والے انداز میں اوہوہو کیا جس پہ خازق ہنسنے لگا۔

دیکھو مسٹر ایک بات کان کھول کے سن لو۔۔یہ جو جاگتی آنکھوں سے خواب سجھا"

رہے ہو نا مجھ سے شادی کے بہتر ہے انہیں بھول جاو۔۔کیونکہ میں کسی اور کو

پسند کرتی ہوں اور شادی بھی اسی سے کروں گی"۔۔

ساره انگلی دکھا کے وارن کرنے والے انداز میں بولی۔۔اسکی آخری بات پہ خازق کا

دل دکھا۔

"کون ہے وہ؟"۔۔"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

اس نے سنجیدگی سے پوچھا۔۔جبکہ دل کر رہا تھا سب ختم کردے۔۔ یہ شراکت ایسی ہی چیز ہے اچھے سے اچھے انسان کو بھی ختم کر دیتی ہے۔

تمھیں اس سے کوئی مطلب نہیں۔۔ اپنے کام سے کام رکھو "۔۔"

سارہ نے غصے سے کہا۔۔اور گلاس ڈور دھکیل کے باہر نکل گئ۔۔اب باہر سے

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

مکھیاں ہٹ گئ تھی۔۔۔

دور تک خازق کی زخمی نظروں نے اسکا پیچھا کیا۔۔اور ہاتھ میں پکڑا فون اس نے زور سے دبایا۔۔اور دیوار میں دے مارا۔۔۔

مگر اگلے ہی پل اسی ہزار کا نقصان محبت پہ بھاری پڑھ گیا۔۔اور وہ وقتی طور پہ سب بھول بھال موبائل اٹھائے دکھ سے الٹ پلٹ کے اسے دیکھنے لگا جسکی سکرین ٹوٹ گئ تھی ۔۔ اور موبائل آف ہوگیا تھا۔۔اسنے موبائل آن کیا تو اوپر والا حصہ فل وائٹ ہوگیا جبکہ نچلے حصے پہ تین چار رنگ جگمگا رہے تھے۔۔ خازق نے دکھ سے موبائل چوما اور پاکٹ میں ڈال لیا۔۔ اس وقت اسے خود پہ غصہ آ رہا تھا کہ موبائل کی جگہ سارہ کا سر پکڑ کے دیوار میں کیوں نہیں مارا۔۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

اب دیکھنا بچو شادی تو تم ہی سے کروں گا۔۔کیونکہ تمھاری وجہ سے میرا موبائل " ٹوٹا "۔۔

خازق نے دل میں عہد کیا اور دکھ سے پاکٹ کے اوپر سے موبائل پہ ہاتھ پھیرا۔۔۔

اب یہاں سے شروع ہوگی بدلے کے لیئے شادی کی سٹوری ۔۔ اچھا اچھا زیادہ ہنسے ( مت وہ اصل میں انکے ماما پاپا کی دوررررر دوررررر تک کوئی لڑائی ذہن میں نہیں آرہی تھی جسکی بنا پہ میں ان دونوں کا ٹانکا جوڑتی ۔۔ سو ایسے ہی صحیح ۔۔ ویسے بھی فنی ناول ہے ۔۔ اور ہے بھی ماشوم رائٹر کا تو بھئی اس میں کچھ بھی ہو سکتا ہے )۔۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

عیشی میں جو سوچ رہی ہوں کیا تم بھی وہی سوچ رہی ہو؟"۔"

عیشی مشی کمرے میں بیٹھی تھی۔۔ مشی پینٹنگ کر رہی تھی جبکہ عیشی بیڈ پہ بیٹھی ۔کتاب گود میں رکھے سامنے کھڑکی سے باہر کے نظارے کر رہی تھی۔۔۔ مشی کی بات پہ عیشی نے چونک کے اسے دیکھا۔۔

مجھے کیا پتا تمھارے خرافاتی دماغ میں کیا چل رہا ہے"۔"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

مشی کی بات پہ عیشی نے برا سا منہ بنا کے کتاب بند کی اور سائیڈ ٹیبل پہ رکھی۔۔ جبکہ اسکی بات پہ مشی کا منہ کھل گیا۔۔

اے خرافاتوں کی نانی یہ کام تم کرتی ہو"۔۔"

ہوش میں آتے ہی مشی ناک چڑھا کے بولی۔۔ جبکہ ہاتھ جھٹکتے ہی۔۔ پینٹ برش کے ساتھ لگا سرخ رنگ تھوڑا سا اسکی ناک پہ جا لگا۔۔ عیشی مسکرانے لگی تو مشی نے اسے گھورا ۔۔ اور ناراضگی سے منہ موڑ گئ۔۔۔

"آلے آلے میلا پالا بچہ نلاج ہوگیا"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

مشی کے منہ موڑتے ہی عیشی بیڈ سے اٹھ کے اسکے پاس آئ اور اسکے گلے میں بانہے ڈال کے ہاتھ میں پکڑا چاکلیٹ کا پیس اسکے منہ میں ڈالا اور گال چومتے پیار سے بولی تو مشی نے منہ ہلاتے گھور کے اسے دیکھا۔۔

عیشی تم پکی تھڑکن ہو کیسے چونے لگاتی ہو مڑاشن"--"

چاکلیٹ کھاتے مشی بھرے منہ سے بولی--

ہاہاہاہاہھہاہاہ ہاہاہا ہاہاہاہاہ "--"

اسکی بات سن کے عیشی نے زور دار قہقہہ لگایا---

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

لگتا ہے یہاں جناب رکوڑ والا دورہ پڑھا ہے"۔"

تبھی کمرے میں آتے ضرار نے مشی کی بات سنی۔۔ بات تو سمجھ ناآئی البتہ رڑ سمجھ آگیا۔۔

ٹم نا اپنا منہ بنڈ رکھو۔۔ مڑاشی "۔۔"

مشی ضرار کی بات پہ تپ کے بولی۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

ہاہاہاہاہ ہاہاہاہا ہاہاہاہا "--"

عیشی اور ضرار ہنس ہنس کے لوٹ پوٹ ہوگئے--

" مڑو تم دونوں "

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

مشی پینٹ برش دونوں کو مارتی غصے سے بولی ---

ہائے ے مشی میں مری تو تم بھی مروگی-- کیونکہ ہم دونوں جڑواں ہیں"--"

عیشی دل پہ ہاتھ رکھ کے دکھی ہونے کی ایکٹنگ کر کے بولی تو مشی کی آنکھیں باہر نکلی--

نہیں نہیں صرف یہ ہی مڑے تم نہیں "--"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

مشی ڈر کے بولی تو عیشی نے دوبارہ قہقہہ لگایا--جبکہ ضرار صدمے سے مشی کو دیکھنے لگا---

ہم لوگ آجائیں "--"

رات کھانے کے بعد سب اپنے اپنے کمروں میں چلے گئے--تو عیشی مشی دماغ میں پلتے طوفان کو باہر نکال کے سبکو ہلانے کے لیئے شازیب اور رشی کے کمرے میں آئ-- جہاں رشی شازیب کی شرٹس ہینگ کر رہی تھی-- جبکہ شازیب بیڈ پہ بیٹھا کوئ کام کر رہا تھا لیپ ٹاپ پہ-- عیشی نے تھوڑا سا دروازہ کھول کے اندھر آنے کی اجازت مانگی تو رشی اور شازیب نے حیران ہوکے انہیں دیکھا اور اندھر آنے کی اجازت دی---

وہ پاپا اور چھوٹی بہن ہم نے آپ لوگوں سے ایک ضروری بات کرنی تھی"--"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

مشی دونوں کو دیکھتے بولی تو شازیب نے لیپ ٹاپ بند کر کے دونوں کو پاس بٹھایا اور پیار سے پوچھا کیا بات--

پاپا ہم مان بھائ کا رشتہ لائیں ہیں"--"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

عیشی نے پرجوش ہونے بتایا تو شازیب نے چونک کے اسے دیکھا اور پھر پاس کھڑی رشی کو--

لو جی اسی کی کمی رہ گئ تھی۔۔ اسی لیئے میں انہیں پڑھا لکھا رہی تھی کہ کل کو" لوگوں کے رشتے کراتی پھرے ۔۔ غور سے دیکھو انکو۔۔ پوری طرح اگی نہیں زمین سے اور چلی بڑھے بھائ کا رشتہ کرانے"۔۔

رشی نے ہاتھ میں پکڑی شرٹ صوفے پہ پھینکی اور دونوں کی خوب کلاس لی۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

تو یہ کونسی کتاب میں لکھا ہے چھوٹی بہنیں اپنے بھائ کی خوشیوں کا نہیں سوچ" سکتی۔۔ جب یہاں کسی اور کو ہمارے بھائ کی پرواہ نہیں ہے تو ہمیں ہی کچھ سوچنا پڑھے گا نا۔۔ پاپا تو پورا دن کام پہ ہوتے ہیں۔۔اور آپ پورا دن کچن میں ۔۔اور جب کبھی اتفاق سے دونوں ساتھ مل بھی جاو تو آپ دونوں کی لڑایاں ہی

ختم نہیں ہوتی۔۔ آپ لوگوں کو کیا علم کہ مان بھائی کس تکلیف سے گزر رہیں ہیں۔۔ یہاں کوئی انکو سمجھنے والا ہے ہی نہیں۔۔ ایسے ہی رہا تو وہ اپنا غم دل کو لگا کے ساری عمر کنوارے بیٹھے رہ جائیں گے"۔۔

عیشی فل دکھی ہیروئین کی ایکٹنگ کرتے ہوئے بولی تو مشی نے ہونٹوں پہ دو انگلیاں رکھ کے ہنسی روکی۔۔ جبکہ شازیب اور رشی حیرانی سے اسے دیکھ رہے تھے کہ امان کا ایسا کونسا غم ہے جو سارے گھر والوں کو چھوڑ کے صرف عیشی مشی کو دکھا۔۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"کونسا غم"۔۔"

رشی نے حیرانی سے پوچھا تو عیشی نے دل ہی دل میں خود کو داد دی اور خوش ہوئ کچھ حد تک اسکا پلان کامیاب ہوگیا تھا۔۔ بس اب اسے اوور ایکٹنگ سے ہٹ کے دونوں کو فل شیشے میں اتارنا تھا۔۔

وہ اصل میں بھائ اور نازلی ایک دوسرے کو پسند کرتے ہیں )اس نے دکھی" انداز میں گود میں رکھے ہاتھوں کو دیکھتے بات شروع کی۔۔اسکی بات پہ رشی اور شاہ نے حیرانی سے ایک

دوسرے کو دیکھا۔۔ رشی نے کوئ بات کرنے کے لیئے منہ کھولا۔۔ جبکہ عیشی نے خطرہ محسوس کرتے فوراً بات شروع کردی (۔۔ اور بھائ نازلی سے شادی کرنا چاہتے

ہیں۔۔ مگر ہائے یہ زمانے کی مجبوریاں ہمیشہ عاشقوں کو ہی آزماتی ہے۔۔ بھائی وہاں رشتہ نہیں لے کے جا سکتے کہ ابھی میرا کوئی کام نہیں۔۔ اور ہم لوگ نازلی لوگوں جتنے امیر بھی نہیں۔۔اوپر سے آپ دونوں کی لڑایاں بھی بھائی کو مجبور کرتی ہیں کہ وہ اپنی محبت سے پیچھے ہٹ جائیں۔۔ کیونکہ نازلی کے پیرنٹس بہت اچھے سے رہتے ہیں۔۔ اور بھائی نہیں چاہتے یہاں آکے نازلی پہ برا امپریشن پڑھے۔۔"

visit for more novels
www.urdunovelbank.com

عیشی فل ایکٹنگ کرتے ہوئے بولی۔۔تو مشی نے آنکھیں بند کی۔۔ عیشی کی اوور ایکٹنگ ان دونوں کو پھنسا سکتی تھی۔۔

اگر وہ شادی نہیں کرنا چاہتا تو محبت کیوں کی؟"۔۔"

رشی نے الجھ کے سوال پوچھا تو عیشی مشی کا سانس اٹکا۔۔

افووو چھوٹی بہن آپ بھی نا بچوں جیسی باتیں کرتی ہیں۔۔ اب محبت پوچھ کے تھوڑی نا ہوتی ہے"۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

عیشی ماتھے پہ ہاتھ مارتے بولی تو مشی نے دل ہی دل میں اسکی حاضر دماغی کو داد دی۔۔

"تو اب تم لوگ کیا چاہتی ہو"

شاہ نے سوال کیا تو عیشی نے گلہ کھنکارہ اب ہی موقع تھا اپنے پلان کو حتمی شکل دینے کا۔۔۔

"پاپا ہم چاہتے ہیں آپ لوگ بریرہ آنٹی کے پاس نازلی کا رشتہ مانگنے جائیں۔۔ دیکھے نا جاب تو حنان بھائی کی بھی نہیں ہے مگر رشتہ ہوگیا نا۔۔ اور ویسے بھی کچھ دنوں بعد حانی بھائی اور مان بھائی کا فائنل پرکٹیکل ٹیسٹ ہے۔۔ انہوں کے بہت محنت کی ۔۔ اور انکی پچھلی پرفارمنس سے سب بہت متاثر ہیں۔۔ اسی فیصد امید ہے کہ چیئرمین پی سی بی ۔۔ حانی بھائی اور مان بھائی کو پاکستان انٹرنیشنل کرکٹ ٹیم کا حصہ بنا دیں گے۔۔"

visit for more novels: www.urdunovelbank.com

عیشی کمال مہارت سے دونوں کو شیشے میں اتارنے میں کامیاب ہوئ۔۔ رشی اور شاہ کے چہروں سے لگ رہا تھا کہ وہ بھی اس کے لیئے راضی ہیں۔۔

اور جب تک مان بھائ کی شادی نہیں ہو جاتی آپ دونوں کو اپنی لڑایوں پہ "کنٹرول کرنا پڑھے گا"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

مشی نے بھی گفتگو میں حصہ ڈالا تو دونوں نے ایک دوسرے کو دیکھتے ہوئے سر ہاں میں ہلایا۔۔

اور جب تک دونوں کا رشتہ پکا نہیں ہو جاتا یہ بات آپ نے مان بھائی کو نہیں "بتانی۔۔اور بریرہ آنٹی کو بھی منع کرنا ہے کہ نازلی سے کوئی بات نا کریں۔۔

عیشی فوراً بولی تو رشی اور شاہ نے سوالیہ نظروں سے اسے دیکھا۔

وہ ایکچوائلی ہم بھائی اور نازلی کو سرپرائز دینا چاہتی ہیں"۔"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

مشی نے فوراً بات سنبھالی تو دونوں نے سمجھ کے سر ہلایا۔۔

ٹھیک ہے میں کل ہی زری اور ریا بہن کو لے کے جاتی ہوں بریرہ کے گھر"۔۔"

رشی کچھ سوچ کے بولی تو دونوں نے خوشی سے یاہووو کہا اور دونوں کو شب بخیر کہتے ہوئے کمرے سے چلی گئی۔۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

ہاہاہاہاہ ہاہاہا ہاہاہاہاہ ہاہاہا ہاہاہاہا "۔۔"

کمرے میں آتے ہی عیشی بیڈ پہ گرھی اور ہنس ہنس کے لوٹ پوٹ ہونے لگی۔۔

بس کرو عیشی اگر مان بھائی اور نازلی کو معلوم ہوا نا ہمارا یہ کارنامہ تو ہمارا قیمہ بنا" "کے چیل کووں کو کھلا دیں گے۔

اسکے پاس بیڈ پہ بیٹھتے مشی بولی۔۔تو عیشی نے اسکی طرف کروٹ بدلی۔۔اور کہنی کے بل بازو بیڈ پہ ٹکا کے اس پے سر رکھ کے اسے دیکھنے لگی۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

کچھ نہیں ہوتا مشی ڈرپوک ۔۔ بس انجوائے کرو"۔۔ "

عیشی آنکھ دبا کے بولی تو مشی نے تاسف سے سر ہلایا۔۔

ویسے تم نے یہ کیا کیوں؟"--"

مشی کو اسکے اس پلان کی ابھی تک سمجھ نہیں آئ تھی--آخر اس نے کیوں پھنسایا ان دونوں کو--

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

ارے یار دیکھا نہیں تھا کتنے مزے کا لڑتے ہیں دونوں-- ویسے بھی چھوٹی بہن "اور پاپا کی لڑائ دیکھ دیکھ کے بور ہوگئ ہوں-- کچھ نیو چاہتی ہوں--

عیشی مزے سے بولی تو مشی نے سر نفی میں ہلایا پھر عیشی کے ہنسنے پہ وہ بھی ہنسنے لگی۔۔۔

"کل آپ سب ریڈی رہنا میرے ایک دوست کے طرف جانا ہے۔۔ سبکو۔"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

ناشتے کے ٹیبل پہ عازب نے سب کو کہا تو سب انکی طرف متوجہ ہوئے۔۔

"کیوں؟"

وہ اسکی طرف دعوت ہے دن کے کھانے کی یاد رہے سب نے جانا ہے-- آپ" سب یاد سے نو بجے تک تیار رہنا "۔

احرار صاحب کے سوال پہ عازب نے تفصیل بتائ-- اور مزید سوالوں سے بچنے کے لیئے فوراً اٹھ کے کام کا کہتے چلا گیا-- عیشی کی پرسوچ نظروں نے دور تک اسکا پیچھا کیا---

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

چلو عیشی مشی تم لوگ بھی تیار ہو جاو-- تم لوگوں کے پاپا کو جانا ہے ابھی انہی" کے ساتھ چلی جاو کالج"--

رشی نے دونوں کو کہا تو دونوں نے سر ہلایا اور جلدی جلدی ناشتہ ختم کر کے ۔۔شاہ کے ساتھ کالج چلی گئ۔۔

♡♡♡♡♡♡♡♡

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

تم دونوں کے لیئے ایک خوش خبری ہے۔۔آج صبح حرم کا فون آیا تھا۔۔ انہیں" یہ رشتہ منظور ہے۔۔ اور آج ہم منگنی کی ڈیٹ فکس کرنے جائیں گے۔۔ اگلے ہفتے کی"۔۔

نازلی اور خازق ناشتہ کر رہے تھے جب بریرہ جوس کا جگ ٹیبل پہ رکھتی بولی۔۔ اور دونوں نے ایک دوسرے کو دیکھا۔۔

سچ مام۔۔ واوووو بہت مزہ آئے گا"۔۔"

نازلی جوش سے بولی تو۔۔ خازق اور انکے پاپا دونوں مسکرانے لگے۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

بھائی جلدی جلدی کریں مجھے کالج چھوڑ دیں۔۔ میں یہ خوش خبری جلدی جلدی۔۔ عیشی مشی سے شئیر کرنا چاہتی ہوں"۔۔

نازلی نے جلدی مچائی تو بریرہ سر نفی میں ہلاتے مسکرانے لگی۔۔ خازق نے ہاتھ صاف کر کے اسے چلنے کا کہا۔۔

دونوں اللہ حافظ کہتے باہر نکل آئے۔۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

سارہ بچے"۔۔"

حرم سارہ کے کمرے میں آئی جو کل سے کمرے میں بند تھی۔۔

لاڈلی بیٹی کو ایسے خاموشی سے پڑھے دیکھ کے اسکا دل کٹ گیا۔۔

سارہ کب ایسے خاموش ہوتی تھی۔۔ ایک اسکی مرضی کا جوس نا آئے تو گھر سر پہ اٹھا لیتی تھی۔۔

مگر ابھی وہ خاموشی سے کروٹ لیئے بیڈ پہ لیٹی تھی۔۔ اور سامنے دیوار پہ لگی پینٹنگ کو دیکھ رہی تھی۔۔ جس میں ایک لڑکی ۔۔ سڑک پہ اکیلی کھڑی بازو پھیلائے۔۔ آسمان کی طرف دیکھ رہی تھی۔۔ اور سڑک کے دونوں سائیڈ بڑے بڑے درخت تھے۔۔

حرم نے اسکے پاس آکے اسکو پکارا تب بھی۔ سارہ ویسے ہی لیٹی رہی۔۔ آنکھیں بے حد سوجھی ہوئی تھی اور سرخ بھی حد سے زیادہ تھی۔۔

حرم کے دل کو کچھ ہوا۔۔ سارہ کے پاس بیٹھتے اسنے اسکے بالوں پہ ہاتھ رکھا۔۔

visit for more novels: www.urdunovelbank.com

یہ کیا حال بنا رکھا ہے میری جان"--"

حرم دکھ سے بولی تو سارہ طنزیہ مسکرائ--

یہ حال میں نے نہیں آپ لوگوں نے کیا ہے"--"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

جب وہ بولی تو آواز بے حد بھاری تھی--

میری جان مت کرو ایسا۔۔ خازق بہت اچھا لڑکا ہے۔۔ تم سے پیار کرتا ہے۔۔"

تمھیں بہت خوش رکھے گا۔۔ اور بیٹا ہمدان کا کیا پتا وہ بھی کسی اور کو پسند کرتا ہو۔۔

ایسے تمھارا اس سے رشتہ ہو بھی جائے وہ خوش نہیں رہ سکے گا تمھارے ساتھ۔۔

"جب وہ خوش نہیں رہے گا تو تم کیسے خوش رہ سکتی ہو۔

حرم نے پیار سے اسے سمجھانے کی کوشش کی۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"آپ سب لوگوں نے میرے ساتھ بہت برا کیا ہے"

سارہ جب بولی تو آواز میں نمی تھی۔۔

اسکے کمرے میں آتا ذنبیل دروازے کے پاس ہی حیرانی سے رک گیا۔۔ حرم اور سارہ اسکی آمد سے بے خبر تھی۔۔

ایسے مت کہو میری جان ۔۔ میں کبھی تمھارا برا نہیں چاہوں گی۔۔ خازق تمھارے "لیئے بہترین ہے"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

حرم بے بسی سے بولی۔۔تو سارہ اٹھ کے بیٹھ گئ ۔۔ اسکے بیٹھتے ہی ذنبیل نے اسکا چہرا دیکھا۔۔ جو صرف کچھ دنوں میں مرجھا گیا تھا۔۔۔

یہ اسکی گڑیا تو لگ ہی نہیں رہی تھی۔۔

مام میں نے بچپن سے جو مانگا آپ نے بھائی نے پاپا نے فوراً دلایا۔۔ کبھی کسی" چیز سے انکار نہیں کیا۔۔ اور مجھے یہ احساس کرایا کہ میں کوئی بہت ہی اعلیٰ ہوں۔۔ جو جسے چاہے جب چاہے پا سکتی ہے۔۔ اگر تب آپ مجھے کسی بات پہ صبر کرنا سکھاتی تو شاید آج میرا دل ایسے نا تڑپ رہا ہوتا۔۔ میرے ساتھ آپ لوگوں کو ایسے نہیں کرنا چاہیئے تھا۔۔ میں کبھی معاف نہیں کروں گی"۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

سارہ نے دکھ سے کہا۔۔ اور پھر روتی ہوئی واشروم میں بھاگ گئی۔۔ حرم نے نم آنکھوں سے واشروم کے بند دروازے کو دیکھا۔۔ اور بے بسی سے واپس مڑی مگر سامنے ذنبیل کو دیکھ کے اسکے پاوں وہی زمین پہ جم گئے۔۔ ذنبیل بھی ناراضگی سے کچھ پل ماں کو دیکھتا رہا۔۔

مگر پھر واپس مڑ گیا۔۔

حرم نے بے بسی سے آنکھیں بند کرلی۔۔

وہی ہوا تھا جسکا ڈر تھا۔۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"مام آپ تو کہہ رہی تھی سارہ خوش ہے اس رشتے سے پھر اب یہ سب کیا ہے؟"۔۔

ذنبیل کمرے میں آیا اور زور سے مکا دیوار پہ مارا ۔تب ہی حرم بھی اسکے پیچھے کمرے میں آئی تو اس نے اپنا غصہ کنٹرول کرتے ہوئے سپاٹ لہجے میں پوچھا۔۔۔

ذنبیل میں ماں ہوں اسکی ۔۔ اسکا برا نہیں چاہوں گی۔۔ یقین کرو وہ جو مانگ رہی ہے اس دفعہ۔۔ وہ اس کے لیئے نہیں ہے۔۔ اسکا یہ کچھ دن کا رونا ساری زندگی کے رونے سے بہتر ہے۔۔ وہ وقت کے ساتھ ساتھ سمجھ جائے گی۔۔ تم فکر مت کرو۔۔ اور کیا وہ آگ مانگتی تو تم لا دیتے۔۔ اس دفعہ کچھ ایسا ہی حال ہے اسکی فرمائش کا۔۔ پلیز بیٹا اپنی ماں کو سمجھنے کی کوشش کرو۔۔ اسکی کچھ دن کی ناراضگی ساری زندگی کے رونے سے بہتر ہے"۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

حرم کے دو ٹوک انداز پہ ذنبیل لاجواب ہوگیا۔۔ اور بے بس سا بیڈ پہ بیٹھ گیا۔۔ دونوں ہاتھ بالوں میں پھنسا کے وہ بے بسی کی انتہا پہ تھا۔۔ یہ تو وہ بھی جان گیا تھا حرم کبھی سارہ کا برا نہیں چاہے گی۔۔

حوصلہ مت ہارو۔۔ ان شاء اللہ ہماری سارہ بہت خوش رہے گی"۔۔"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

حرم نے اسکا کندھا تھپتھپا کے کہا تو اس نے بھی دل سے ان شاء اللہ کہا۔۔ اور حرم کے ہاتھ کی پشت پہ سر ٹکا دیا۔۔ حرم بھی اسکے پاس بیٹھ گئی اور اسکا سر تھپتھپانے لگی۔۔۔

"اے سنو"۔۔"

عیشی مشی کالج میں داخل ہوئی تو دو لڑکیاں سیڑھیوں پہ بیٹھی تھی ۔۔ عیشی جیسے ہی پاس سے گزرنے لگی۔۔ تو ایک نے روکا۔۔ وہ دونوں انکی سینئیرز تھی۔۔

"کیا؟"

visit for more novels: www.urdunovelbank.com

عیشی نے رک نے نا سمجھی سے اسے دیکھا اور سوال کیا۔ تو دونوں ایک دوسرے کو دیکھ کے مسکرانے لگی۔۔

یہ پن اٹھا کے دو"۔۔"

جس لڑکی نے روکا تھا اس نے ہاتھ میں پکڑا پن سیڑھیوں سے نیچے پھینکا اور عیشی کو حکم دیا۔۔

جی اچھا"۔۔"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

عیشی نے پیچھے مڑ کے پن کو دیکھا اور معصوم شکل بنا کے بولی۔ تو دونوں لڑکیوں نے گردھن اکڑا کے اسے دیکھا۔۔ وہی مشی عیشی کی اس تابعداری پہ بے ہوش ہونے کو تھی۔۔ جبکہ سیڑھیوں سے تھوڑا دور کھڑی نازلی بھی حیرت سے عیشی کو دیکھنے لگی۔۔ اور ابھی ہی کالج میں آئی تھی۔۔ جب اس لڑکی نے پن نیچے پھینکا تھا۔۔

انکی دیکھا دیکھی بہت سی اور سینئرز اور جونئیرز بھی رک کے تجسس سے دیکھنے لگی۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

یہ لو"۔۔"

آہستہ آہستہ سیڑھیوں سے اتر کے پن کے پاس آتے ہی عیشی نے پاوں مار کے پن تھوڑا اور دور پھینکا اور اس لڑکی کو دیکھ کے معصومیت سے مسکرا کے بولی۔۔ وہی مشی اور نازلی کا رکا ہوا سانس بحال ہوا کہ عیشی کی ذہنی حالت بالکل اپنی جگہ پہ ہے۔۔ اور دونوں ہنسی روک کے اس لڑکی کو دیکھنے لگی جو اب عیشی کو ایسے گھور رہی تھی جیسے کچا چبا جائے گی۔۔

visit for more novels: www.urdunovelbank.com

تمھاری اتنی ہمت"۔۔"

وہ لڑکی سیڑھیوں پہ کھڑی ہو کے چلائی۔۔ کیونکہ تمام لڑکیاں اسنے مذاق اڑاتی نظروں سے دیکھ رہی تھی۔۔

ہی ہی ہی ہی سینئر باجی یہ ہمت تو کچھ بھی نہیں ہے-- آپ تعریف مت" کریں اتنی سی ہمت پہ مجھے شرم آتی ہے"--

عیشی کالج سیش کا کونہ پکڑ کے دانتوں میں دباتے معصومیت سے بولی اور آخری بات پہ دونوں ہاتھ آنکھوں پہ رکھ لیئے تو پورے مجمعے نے زوردار قہقہہ لگایا--

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

تمھیں تو میں دیکھ لوں گی بچو"--"

وہ لڑکی غصے سے اسکی جانب بڑھی۔۔مگر دور سے آتی ٹیچر کو دیکھتے اس لڑکی نے دانت پیس کے کہا اور وہاں سے جانے لگی۔۔

ہاں ضرور دیکھ لینا مگر ما شاہ اللہ ضرور بولنا وہ کیا ہے نا مجھے نظر بہت جلدی لگتی ہے"۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

عیشی آنکھیں مٹکاتے ہوئے بولی تو سب نے دوبارہ قہقہہ لگایا اور وہ لڑکی پاوں پٹختی وہاں سے واک آوٹ کر گئ۔۔ تب ہی مشی اور نازلی بھی ہنستی ہوئ اس آفت کے پاس آئ اور بازو سے پکڑ کے اسے ساتھ لے گئ۔۔

تمہیں پتا ہے یہاں آدھے سے زیادہ لڑکیاں کوجی ہیں"۔۔"

لاسٹ پریڈ کے بعد عیشی مشی اور نازلی سیڑھیوں سے اتر رہی تھی۔۔ جب عیشی نے پن انگلیوں پہ گھوماتے ہوئے کہا۔۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

اسکی بات سن کے نازلی نے پوری آنکھیں کھول کے اسے دیکھا جبکہ مشی نے جوس کا ڈبہ کھولنے پہ ہی اپنی توجہ مرکوز رکھی ۔۔ جیسے اس کے لیئے اس وقت کا سب سے اہم کام یہی ہو۔۔۔

کیوں تمہیں کیسے پتا؟"--"

نازلی نے مشی کو مصروف دیکھا-- جسے عیشی کی اوٹ پٹانگ باتوں سے کوئی مطلب نہیں تھا-- اور پھر تجسس سے عیشی سے پوچھا--

لو جی اس کو جاننے کے لیئے بھی کوئی تجربے کی ضرورت تھوڑی نا ہوتی ہے"--"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

آخری سیڑھی پہ رک کے عیشی نے مسکراتے ہوئے کہا جبکہ مشی اب دونوں کو اگنور کیئے لیز کھاتے ہوتے ایک ایک گھونٹ جوس پی رہی تھی--

عیشی کی بات پہ نازلی نا سمجھی سے منہ کھولے اسکو دیکھنے لگی تو عیشی نے سر پہ ہاتھ مارا۔۔ پھر مشی کے ہاتھ میں پکڑا لیز کا پیکٹ لیا اور ایک لیز نکال کے نازلی کے کھلے منہ میں ڈالا۔۔ جبکہ تین چار اپنے منہ میں ٹھونسے اور دوبارہ پیکٹ مشی کو پکڑا دیا۔۔ کیونکہ اسے معلوم تھا اگلی بار مشی نے پیکٹ نہیں دینا تھا۔۔۔

نازلی برا سا منہ بنا کے اسے دیکھنے لگی۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

او ہو اتنا مت سوچو۔۔ابھی دیکھنا"۔۔"

آخری سیڑھی پہ ہی رکے عیشی نے کہا۔۔

گراؤنڈ اس وقت لڑکیوں سے بھرا پڑا تھا۔۔ چھٹی کا وقت ہو چکا تھا کچھ لڑکیاں

۔۔کلاس رومز میں تھی جبکہ زیادہ تر گھر جانے کے لیئے نکل رہی تھی۔۔

اوئے ے ے ے کوجی "۔۔"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

عیشی نے ایک ہاتھ دائیں گال پہ رکھ کے آواز کو روکتے ہوئے۔۔ اونچی آواز میں کہا تو گراونڈ میں موجود آدھے سے زیادہ لڑکیوں نے مڑ کے دیکھا۔۔ عیشی نے نازلی کی طرف دیکھتے ہوئے ایک آنکھ بند کر کے مسکراہٹ دبائ ۔۔جبکہ عیشی کی حرکت پہ جوس فوارے کی صورت مشی کے منہ سے باہر نکلا۔۔ اب اسکی شرارت سمجھتے نازلی بھی ہنس رہی تھی۔۔ کچھ لڑکیاں تو انکو ہنستا دیکھ کے شرمندہ سی ہوگئ۔۔

جبکہ کچھ نے گھور کے عیشی کو دیکھا اور منہ ہی منہ میں کچھ بڑبڑاتے ہوئے گیٹ کی طرف چلی گئ۔۔ کیونکہ ان تینوں کے گروپ سے پنگا تو کوئ لے نہیں سکتا تھا۔۔۔

یہ وہ آفتیں تھی جنھوں نے سینئرز کو بھی تگنی کا ناچ نچا دیا تھا۔۔ اور یہاں سینئیرز جونیئر سے بچ کے چل رہی تھی۔۔۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

ویسے کوجی تو ہم لوگ بھی ہیں"۔۔

نازلی نے دونوں کے ساتھ چلتے ہوئے گیٹ کے پاس آتے کہا۔۔ کیونکہ چھٹی ہو چکی تھی۔۔

ہاں اور ہمارے نصیب میں بھی کوجے ہی ہونگے"۔۔"

مشی نے جلے دل کے ساتھ کہا تو عیشی اور نازلی نے زوردار قہقہہ لگایا۔۔

نا بھئ مجھے تو چٹا ہیرو چاہیئے کالی تو میں خود ہی بہت ہوں"۔۔"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

نازلی نے اپنی ہی دھن میں چلتے ہوئے کہا۔۔ تو سامنے سے آتا امان اسکی بے باک بات سن کے حیران رہ گیا۔۔ آج وہ عیشی مشی کو لینے آیا تھا۔۔کیونکہ خنان

منگنی کی خوشی میں سبکو ایک ریسٹورینٹ میں پارٹی دے رہا تھا۔۔اور یہ پارٹی اتنے ٹائم بعد امان نے کیسے لی تھی یہ وہی جانتا تھا۔۔۔

السلام علیکم بھائی"۔۔"

نازلی کی بات پہ عیشی مشی دونوں ہنس رہی تھی۔۔جب انکی نظر سامنے سے آتے امان پہ گئ۔۔تو دونوں نے سلام کیا۔۔ انکے سلام پہ نازلی نے چونک کے امان کو دیکھا۔۔ دل ہی دل میں اپنی بات پہ وہ شرمندہ ہوگئ۔۔ مگر سامنے ظاہر نہیں کیا۔۔اور امان کو ایسے اگنور کیا جیسے وہ وہاں ہو ہی نا۔۔ امان نے بھی اسے ویسے ہی اگنور کیا اور عیشی مشی کو ساتھ چلنے کا کہا۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

اوہ میں تم لوگوں کو بتانا بھول گئ۔۔ خازق بھائ کے رشتے کے لیئے سارہ آپی" کے ماما پاپا نے ہاں کر دی ہے۔۔ اور نیکسٹ ویک ہم بھائ کی منگنی کریں گے۔۔ میں ماما کے ساتھ آپ لوگوں کو انوائٹ کرنے آوں گی۔۔ اور ہم تینوں شاپنگ اکھٹی "کریں گے تیار رہنا۔۔

visit for more novels: www.urdunovelbank.com

جیسے ہی وہ دونوں نازلی کو بائے کہہ کے اماں کے ساتھ جانے لگی۔۔ کچھ یاد آنے پہ نازلی فوراً مڑی اور جوش سے بولی۔۔ جبکہ اسکی بات پہ عیشی کو 420 واٹ کا جھٹکا لگا۔۔ اور مشی نے بھی اسکی بات سن کے جھٹکے سے عیشی کو دیکھا جسکا چہرہ زرد پڑھ رہا تھا۔۔

سارہ آپی کا رشتہ خازق بھائی سے کیسے ہو سکتا ہے وہ تو ہم"--"

آ مشی جلدی کرو ہم لیٹ ہو رہے ہیں "--"

ہوش میں آتے ہی مشی نے کچھ بولنا چاہا-- جبکہ امان کو وقت پہ کچھ گڑبڑھ کا احساس ہوا تو جلدی سے اسنے مشی کی بات کاٹی اور اسے پکڑتے ہوئے گاڑی میں بٹھایا -- جبکہ عیشی ابھی تک بت بنی کھڑی تھی-- اور نازلی امان کے ایسے رویے پہ حیرانی سے اسے دیکھ رہی تھی-- امان نے عیشی کو بھی گاڑی میں بٹھایا اور نازلی کو اللہ حافظ کہتا خود گاڑی لے گیا--

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

ہنننن بے مروت ۔۔کھڑوس۔جنگلی۔۔ دیو ۔۔ اتنا بھی نا ہوا جھوٹے منہ ہی لفٹ" کی آفر کر دیتا۔۔ دیکھ بھی رہا تھا ابھی تک میری گاڑی نہیں آئ ۔۔اب میں معصوم خوبصورت لڑکی روڈ پہ کھڑی اچھی لگوں گی کیا"۔۔

نازلی نے غصے سے امان کی گاڑی کو گھورا جو روڈ پہ بہت آگے جا چکی تھی۔۔ پھر فٹ پاتھ پہ ہی بیٹھتے غصے میں بڑبڑانے لگی۔۔ تو اندھر سے آواز آئ اگر وہ آفر کرتا تم سچ میں بیٹھ بھی جاتی۔۔ ضمیر کی آواز پہ نازلی نے پہلو بدلا۔۔اور گاڑی والے کو کوسنے لگی جو ابھی تک نہیں آیا تھا۔۔۔

visit for more novels: www.urdunovelbank.com

بھائی آپ نے مجھے پوچھنے کیوں نہیں دیا؟"--"

جب گاڑی روڈ پہ آگئ تو مشی امان کی طرف مڑتے ہوئے بولی-- جبکہ عیشی بالکل خاموش بیٹھی تھی --

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

کیا پوچھتی تم اس سے"--"

امان نے الٹا سوال کیا--

یہی کہ سارہ آپی کا رشتہ تو ہمدان بھائی سے ہونا تھا۔۔پھر خازق بھائی سے" انہوں نے کیسے کر دیا؟"۔۔

مشی منہ بنا کے بولی۔۔تو اماں نے گہرا سانس لیا۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

مشی وہ بات صرف ہمارے گھر ہوئی تھی۔۔ زری آنی اور بڑھے پاپا اسکا رشتہ لے" "کے نہیں گئے تھے۔۔ اور ویسے تو منو کا رشتہ بھی ذنبیل سے ہونا تھا نا۔

امان نے اپنی طرف سے سمجھانے کی کوشش کی تو مشی برے برے منہ بنا کے عیشی کو دیکھنے لگی جو ایسے بیٹھی تھی جیسے یہاں ہو ہی نا۔۔ اسکی شکل دیکھ کے مشی کے لیئے اندازہ لگانا مشکل تھا کہ وہ صدمے میں ہے یا غصے میں۔۔۔

مگر سچ تو یہ تھا کہ اسکو پہلی بار اتنا خاموش دیکھ کے مشی بھی پریشان ہوگئی تھی۔۔۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

اچھا اب ہم چلتے ہیں"۔۔"

السلام علیکم"۔۔"

نازلی جیسے ہی گھر پہنچی سامنے زری ریا اور رشی دروازے کھڑی جانے کی اجازت مانگ رہی تھی ۔۔ نازلی نے سلام کیا تو تینوں نے اسے مسکرا کے دیکھا اور سلام کا جواب دیتی مسکرا کے ملی۔۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

اوکے بیٹا خیال رکھنا اپنا ہم پھر آئیں گے۔۔ اچھا بریرہ بچے اللہ حافظ"۔۔"

ریا نے مسکرا کے کہا تو بریرہ بھی مسکرانے لگی۔۔ مگر نازلی ان سب کی ایسی ہنسی سے بہت حیران ہو رہی تھی۔۔

ماما کیا بات ہے یہ لوگ کیوں آئ تھی؟"--"

انکے جانے کے بعد نازلی بریرہ کے ساتھ اندھر آئ تو بریرہ مسلسل مسکرا رہی تھی جب نازلی نے مشکوک نظروں سے اسے دیکھا--اور سوال کیا تو بریرہ کے لب ایک دم خاموش ہوئے--

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

آوہ ہم آج خازق کی منگنی کی ڈیٹ فکس کر آئیں ہیں نا اگلے اتوار کی تو بس اسی" "سلسلے میں ان سے بات ہو رہی تھی--

بربرہ نے بات کو سنبھالتے ہوئے کہا۔۔

واو۔۔ ماما اب ہم کب جائیں گے عیشی مشی کے گھر انہیں پہلے لانا ہے نا تو" شاپنگ بھی انکے ساتھ کروں گی"۔۔

نازلی پرجوش ہوکے بولی۔۔ تو اسکی بات کا اور مطلب سمجھ کے بربرہ مسکرانے لگی۔۔ اور وہ اسکی جلدی کو کوئی اور ہی رنگ دے رہی تھی۔جو اگر نازلی کو پتا چل جاتی تو طوفان آجانا تھا۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

ہاں ہاں ضرور چلیں گے تم فلحال کپڑے بدل لو اور آکے کھانا کھاو "۔۔"

بریرہ نے کہا تو نازلی بھی جی اچھا کہتی مسکرا کے چلی گئ۔۔ تو بریرہ نے اسے ہمیشہ خوش رہنے کی دعا دی ۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

شاہ ہاوس۔۔۔

"یہ تم کہاں جا رہی ہو وہ بھی اتنی تیار ہو کے؟"

ٹریٹ لینے کے بعد جب وہ سب گھر آئے تو عیشی اپنے کمرے میں چلی گئ۔۔ مشی نے اس لیئے تنگ نہیں کیا تاکہ عیشی کچھ وقت اکیلے گزار لے۔۔ کیونکہ وہ ہوٹل میں بھی خاموش رہی تھی۔۔اسکی خاموشی ضرار نے بھی نوٹ کی تھی۔۔ وہ بھی پوچھنا چاہتا تھا مگر سب کے سامنے ممکن نہیں تھا۔۔

ابھی شام ہوگئ مگر عیشی باہر نا آئ تو مشی کو فکر ہونے لگی۔۔ اور وہ کمرے میں آئ تاکہ اسے دیکھ سکے مگر سامنے عیشی کو دیکھ کے حیران رہ گئ۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

جس کے کالی ٹخنوں تک آتی سادہ سی فراک پہنی تھی۔ ساتھ کرلی بالوں کی چٹیاں بنائے ۔۔ ہلکا میک اپ کیئے اور کالی ہیل پہنے بہت پیاری لگ رہی تھی۔۔ جب مشی نے حیرانی سے پوچھا تو عیشی کے گھڑی باندتے ہاتھ رکے ۔۔ اور اس نے نظریں اٹھا کے مشی کو دیکھا۔۔ پھر گھڑی باندھ کے بیڈ کے پڑھا کالا سٹالر گلے میں

ڈالا اور ہینڈ بیگ اٹھا کے مشی کے پاس آئ جو ابھی تک بت بنی دروازے پہ کھڑی تھی۔۔۔

تمھیں نہیں پتا آج مجھے کتنا بڑا غم ملا ہے اسی کو انجوائے کرنے جا رہی ہوں "۔۔"

بیگ میں موبائل ڈالتے عیشی نے کہا اور پھر معصومیت سے آنکھیں ٹمٹما کے مشی کو دیکھا جو منہ کھولے اسے دیکھ رہی تھی۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

چٹا ککڑ بنیرے تے۔۔"

چمگادڑ جئ بوتھی آلیئے۔۔ میرا ہیرو مر گیا تیرے تے"۔۔

عیشی ایک ہاتھ سے سٹالر کا پلو پکڑ کے اپنے نا آنے والے آنسو صاف کرتی گانے لگی۔۔ تو مشی کو اسکی دماغی حالت پہ شک ہوا۔۔ اور وہ عیشی کو وہی چھوڑے واپس بھاگی ۔۔

افوو آہستہ مسٹر ڑ صاحبہ معصوم کو سیڑھیوں سے گرا کے جان لینی ہے کیا۔ یا" معذور کرا کے بھیک منگوانے کا ارادہ ہے"۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

مشی تیز تیز سیڑھیاں اترنے لگی تو سامنے سے آتے ضرار سے ٹکرائ جو رینگ پکڑ کے بولا تو مشی کو غصہ آیا۔۔

اوسستے ہیرو کی بے کار کاپی یہ فلاپ ایکٹنگ بعد میں کرنا پہلے میری بات سنو وہ" عیشی"۔۔

مشی اسے ڈانٹتے ہوئے بولی تو ضرار نے منہ بنایا۔۔ مگر عیشی کے نام پہ جب مشی کی آنکھوں میں آنسو آئے تو وہ ایک دم سیریس ہوا۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

کیا ہوا عیشی کو؟ "۔۔"

"وہ عیشی دماغی توازن کھو بیٹھی ہے"

ضرار نے پوچھا تو مشی معصوم سا منہ بنا کے بولی جس پہ ضرار نے زوردار قہقہہ لگایا--

"واو تم لوگوں کے پاس دماغ بھی ہے"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

ضرار نے تجسس سے پوچھا--

اچھا اچھا سوری رکو میری"

بات تو سنو۔۔

ضرار کی بات پہ مشی کو غصہ آگیا اور اسنے جھک کے پاوں سے جوتا اتارا اب ضرار اسے روکتے ہوئے آگے آگے بھاگ رہا تھا جبکہ مشی بھی سب بھولے اسکو مارنے اسکے پیچھے بھاگ رہی تھی جب عیشی کمرے سے باہر آئ اور دونوں کو ٹام اینڈ جیری بنے دیکھ کے بیزاری سے منہ پھیرا۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

عیشی پلیز بچا لو تمھاری بہن میں کالی آتما حاضر ہوگئ ہے "۔۔"

ضرار بھاگ کے عیشی کے پاس آیا اور اسے سامنے کرتا بولا۔۔

کالی آتما ہوگے تم ۔۔تمہاری بیوی ۔۔ تمہارے بچے ۔۔ خبردار جو مجھے کالی آتما بولا "

بینگن کے بڑھے سیشے "۔۔

مشی اپنی دھن میں بولتی گئی تو عیشی نے ضرار کو دیکھ کے قہقہہ لگایا ۔ جو منہ

کھولے مشی کی گالیاں سن رہا تھا۔۔

آج چلو بس کرو لڑنا چلو باہر چلتے ہیں"۔۔ "

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

ابھی ضرار نے منہ ہی کھولا تھا کچھ کہنے کو جب عیشی نے اسے چپ کرایا اور دونوں

کو باہر ساتھ چلنے کا کہا۔۔

یہ تم کیوں لیڈی ڈیانہ بنی ہوئ ہو؟"۔۔"

باہر جانے کی بات پہ ضرار نے عیشی کو دیکھا۔۔ اسکو اتنا تیار ہوئے دیکھ کے اس

نے حیرانی سے پوچھا۔۔ کیونکہ عیشی مشی وہ مخلوق تھیں جو کبھی تیار نہیں ہوئ

تھی۔۔ اگر کبھی رشی انہیں ڈانٹ کے تیار ہونے کا بول بھی دیتی تو دونوں ایسی

تیار ہوتی کہ دوبارہ کوئ بولنے کی ہمت نا کرتا۔۔

visit for more novels: www.urdunovelbank.com

تمھارا رشتہ لے کے جا رہے ہیں اس لیئے"۔۔"

عیشی چڑ کے بولی۔۔

کس کے گھر؟"۔۔"

ضرار نے ایک نظر مشی کو دیکھا جو منہ بنا کے کھڑی تھی اور اسکے دیکھنے پہ نظریں پھیر گئی۔۔ پھر تنگ کرنے کے لیئے مزے سے بولا۔۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

مراسیوں کے گھر "--"

عیشی نے پاوں پٹخ کے کہا اور باہر نکل گئ-- اسکی بات پہ مشی بھی ہنستی ہوئ اسکے پیچھے باہر چلی گئ مگر ضرار کو منہ چڑانا نہیں بھولی--

پاگل "--"

ضرار نے مسکرا کے آہستہ سے کہا اور دونوں کے پیچھے آیا وہ جانتا تھا اسکے بغیر وہ لوگ نہیں جائیں گی---

************

میرے۔ لیئے ہاٹ چاکلیٹ ڈبل باول اور ان سے آرڈر لیں لے"۔۔"

گھر اجازت لینے کے بعد وہ تینوں باہر آگئے تھے۔۔ پارک میں عیشی بچوں کے جھولے پہ بیٹھی رہی۔۔ اسکے بعد پاس کی گول گپے کی ریڑھی سے گول گپے کھائے۔۔ اسکے بعد سموسہ چاٹ اور کولڈرنگ لی ۔۔ اسکے بعد کبھی ونڈو شاپنگ تو کبھی جوکر کے جوکس دیکھ دیکھ کے مشی اور ضرار بری طرح تھک گئے تو تینوں نے گنے کا جوس پیا ۔۔۔ ایک جھیل کے پاس سفلیز لی ۔۔ اسکے بعد عیشی دونوں کو گھسیٹ کے گرڑھ سواری کے لیئے لے گئ۔۔ کچھ دیر گرڑھ سواری کرنے کے بعد

visit for more novels: www.urdunovelbank.com

جب وہ دونوں بالکل تھکن سے چور ہوگئے اور رات کے نو بج گئے تو عیشی ضد کر کے ہوٹل میں آگئ اور اپنے لیئے چاکلیٹ آرڈر کی۔۔ جبکہ ضرار اور مشی اسے ایسے دیکھ رہے تھے جیسے کوئ اور مخلوق ہو۔۔ جب ویٹر نے ان سے آرڈر کا کہا تو دونوں نے انکار کر دیا۔۔ اور عیشی کو دیکھنے لگے جو اب ہوٹل کی گرین لائٹ میں خوبصورت سے ویو پہ سیلفیز لے رہی تھی۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

اب مجھے واقع لگتا ہے عیشی کا دماغی توازن کھو گیا ہے"۔۔"

عیشی سے تھوڑا دور مشی اور ضرار کرسیوں پہ بیٹھے تھے جب ضرار نے عیشی کو دیکھتے سرگوشی کی جو اب مختلف پوز بنا کے کیچر کر رہی تھی۔۔

میں نے تو تمھیں پہلے ہی کہا تھا"۔۔"

مشی بھی عیشی کو دیکھتی دکھ سے بولی۔۔ تبی آرڈر آگیا اور عیشی بھی انکے پاس آکے بیٹھ گئ۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

لو گے تم لوگ"۔۔"

چمچ بھر کے ان دونوں کی طرف کرتے عیشی بولی تو دونوں نے ایک ساتھ سر نا میں ہلایا۔۔ اوراسے دیکھنے لگے۔۔

عیشی یہ تم آج کیسی حرکتیں کر رہی ہو۔۔ جن شن تو نہیں آگیا تم میں"۔۔ "

اسکو بنا رکے چمچ بھر بھر کے چاکلیٹ منہ میں ڈالتے دیکھ کے ضرار سے رہانا گیا۔۔

تو اس نے پوچھا۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"اہم ہمم نہیں میں بس غم انجوائے کر رہی ہوں"

عیشی منہ میں بھری چاکلیٹ خلق سے اتار کے اسکو دیکھتی بولی اور ایک اور چمچ بھر کے منہ میں ڈالا۔۔

کیسا غم کونسا غم-- شام سے تم یہی کہہ کہ ہر جگہ ذلیل کرا رہی ہو"--"

ضرار بے بسی سے بولا تو عیشی نے چونک کہ مشی کو دیکھا جو اسے ہی دیکھ رہی تھی
-- پھر خود کو سنبھال کے بولی--

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"وہ منتھلی ٹیسٹ میں میرے مارکس کم آئے وہی غم"

عیشی نے جھوٹ بولنے کی کوشش کی تو ضرار نے زوردار قہقہہ لگایا--

بس کرو عیشی ۔۔ سارے سارے سبجیکٹس میں فیل ہو جاتی تو تمھیں کوئ غم نا" ہوتا۔۔ ایک منتھلی ٹیسٹ میں کم مارکس لینے پہ تمہیں غم لگ گیا ہاہاہاہاہا آئ بڑھی آئ سٹائ"۔۔

ضرار نے اسکا مذاق اڑایا تو عیشی نے چاکلیٹ کا آخری چمچ منہ میں ڈالتے اسکو گھور کے دیکھا اور ٹیبل پہ پڑھا پانی اسکے منہ پہ پھینکا جس سے وہ ہڑبڑا گیا۔۔

پاگل جنگلی"۔۔"

منہ صاف کرتے ضرار چڑ کے بولا۔۔

"تم سائیکو جنگلی۔۔"

عیشی بھی ایسے ہی بولی جبکہ مشی ان دونوں کو لڑتا دیکھ کے سر پکڑ کے بیٹھ گئ

۔۔

"میم یہ بل"۔۔"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

تب ہی ویٹر نے آکے بل پکڑایا۔۔ جسے دیکھ کے عیشی کو جھٹکا لگا۔۔ صرف ایک ہاٹ چاکلیٹ ایک ہزار روپے کی۔۔

اتنا زیادہ بل"۔۔"

عیشی نے آنکھیں پھاڑے ویٹر کو دیکھا۔۔

جی میم یہاں کی مشہور ہاٹ چاکلیٹ تھی"۔۔"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

ویٹر ہاتھ باندھے مودب انداز میں بولا۔۔

کیوں سونا ڈالا تھا بیچ"۔۔"

عیشی چڑ کے بولی ۔۔

"عیشی یار لڑو مت بل پے کرو تاکہ چلیں گھر میں بہت تھک گئ ہوں۔۔"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

مشی تھکے انداز میں بولی تو عیشی نے کھا جانے والی نظروں سے ویٹر کو دیکھا اور بیگ کھول کے پیسے نکالنے لگی۔۔

"یہ لو اس میں ایسی تین چاکلیٹس آجائیں گی ہنننن"

عیشی دس دس والے نوٹوں کی تھیلی ویٹر کو پکڑا کے بولی تو ویٹر نے غصے سے اسے دیکھا اور پیسے گننے لگا۔۔ عیشی نے اسکو پیسے گننے میں مگن دیکھا تو ہونٹ دانتوں میں دبایا پھر ضرار اور مشی کو اشارہ کیا۔۔ اسکا اشارہ سمجھ کے دونوں کے رنگ اڑے اس۔۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

اے رکو یہ تین سو ساٹھ روپے ہیں "۔۔"

وہ تینوں آس پاس دیکھ کے تیز تیز چلنے لگے۔۔ جب ویٹر نے آواز دی۔۔

"بھاگوووو"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

عیشی نے زور سے ہانک لگائی اور بھاگنے لگی۔۔ مرتے کیا نا کرتے مشی اور ضرار کو بھی اسکے پیچھے بھاگنا پڑھا۔۔۔

کیونکہ اسوقت ان دونوں کے پاس ایک روپیہ نہیں تھا۔۔

بھائی بھائی پلیز ہماری مدد کریں ہم بہت معصوم لوگ ہیں ہمارے پیچھے چور لگ "
گئے ہیں پلیز"

وہ تینوں بھاگتے ہوئے باہر آئے تو تین ویٹر بھی انکے پیچھے بھاگ تے ہوئے آ رہے تھے۔۔ اب یہ تینوں روڈ کے بیچ میں بھاگ رہے تھے۔۔ مشی نے پاوں میں درد کی وجہ سے باقاعدہ رونا شروع کر دیا تھا۔۔ مگر ویٹر تھے کہ ابھی بھی پیچھے ہی آ رہے تھے۔۔ اب تو عیشی کی ہمت بھی جواب دینے لگی تھی۔۔ ضرار مسلسل اسے کوس رہا تھا۔۔ جب سامنے پیچھے سے ایک رکشہ آیا۔۔

عیشی نے پیچھے مڑ کے دیکھا تو ویٹرز کچھ ہی فاصلے پہ تھے-- جب اسنے رکشہ روکا--

اور پھولے ہوئے سانس سے مدد مانگی-- رکشے میں ایک موٹی سی عورت پہلے ہی

بیٹھی تھی --

چلو چلو بچیوں جلدی بیٹھو"--"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

اس عورت نے رکشے سے سر نکال کے پیچھے دیکھا جہاں تین آدمی بھاگتے ہوئے آ

کے ساتھ ساتھ امان اور حنان کرکٹ ٹیم کا حصہ بن چکے تھے۔۔ان دو سالوں میں انہوں نے بہت سی کامیابیاں سمیٹی۔۔ وہاں ہی منال سٹڈی کملیٹ کر کے اس کالج میں لیکچرر بن گئی۔۔

عیشی مشی نازلی کالج سے فارغ ہو چکی تھی۔۔ تینوں نے یونیورسٹی میں ایڈمیشن لے لیا تھا۔۔

اس سارے عرصے میں امان اور نازلی ایک دوسرے سے بالکل لاتعلق ہوگئے تھے۔۔اور اپنے رشتے کو تقریباً فراموش کر چکے تھے۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

آج عیشی مشی پورے اٹھارہ سال کی ہوگئی ۔۔

ہمدان بھی اپنی کامیابی سے جاب کر رہا تھا۔۔

آج کا دن بہت خاص تھا۔۔ جہاں آج عیشی مشی کی برتھڈے تھی۔۔ وہی ضرار کی جاب کا آج پہلا دن تھا۔۔وہ ایک اینکر بن چکا تھا۔۔ اور جلد ہی اس نے انگلینڈ سے کامیاب دورے کے بعد واپس آنے والی پاکستانی کرکٹ ٹیم کے ساتھ ایک پروگرام کرنا تھا۔۔

اور آج ایک اور خاص وجہ بھی تھی۔۔وہ یہ کہ اللہ پاک نے حنان کو ایک خوبصورت معصوم پری سے نوازا تھا۔۔ ذنبیل اور شزا کا ایک بیٹا تھا۔۔ شازل ۔۔ سارہ اور خازق کی ایک بیٹی تھی نوین ۔۔ شروع شروع میں سارہ نے خازق کی خوب واٹ لگائی۔۔ مگر اسکی محبت نے سارہ کو پگلا ہی دیا تھا۔۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

ما شاہ اللہ یہ بہت خوبصورت ہے۔۔ بالکل معصوم سی پری "۔۔"

ہمدان حنان کی بیٹی کو گود میں لیئے اسکے ماتھے پہ بوسہ دیتے ہوئے بولا۔۔ امان اور حنان ویڈیو کال پہ تھے۔۔ جبکہ عیشی مشی خوشی سے بچی کو دیکھ رہی تھی اور کبھی کبھی انگلی سے پور سے اسکا نازک سا گال سہلاتی اور خوش ہوتی۔۔ ان دونوں کو بچوں کی طرح خوش ہوتے دیکھ کے سب ہنس دیتے۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

دانی بھائی یہ میرے جیسی ہے نا "۔۔"

عیشی چہک کے بولی۔۔

" نہیں یہ بالکل میرے جیسی ہے"

مشی بھی فوراً بولی تو دونوں آپس میں لڑنے لگی۔۔ ان دونوں کو دیکھ کے سب حیران تھے۔۔ لڑ کس بات پہ رہی تھی جبکہ لڑنے والی دونوں بالکل ایک جیسی تھی۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"اچھا بس کرو تم دونوں جیسی ہے یہ بس عادتیں تم دونوں پہ نا جائیں اس کی"

عیشی مشی کی لڑائی کو بڑھتا دیکھ کے رشی نے ڈانٹ کے کہا تو دونوں منہ بنا کے اسے دیکھنے لگی۔۔

ہمدان بیٹا اب تم بھی شادی کا سوچ لو تایا بن گئے ہو"۔۔"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

ریا ہمدان کو دیکھتے ہوئے بولی جو بچی گود میں لیئے امان اور حنان کو اسکے چھوٹے چھوٹے ہاتھ دیکھا رہا تھا۔۔

نا بھئ یہ تو تب شادی کریں گے جب انکی بھتیجی خود انہیں سہرا باندھے گی"۔۔"

ضرار جو جاب پہ جانے کے لیئے سبکو اللہ حافظ کہنے آیا تھا دروازے میں کھڑے ہوتے شرارت سے بولا۔۔

ہاں وہ سہرا تو میں بھی باندھ سکتی ہوں ۔۔ بلکہ ایک کام کرتے ہیں دانی بھائ" کو سہرا میں ہی باندھ دوں گی کیسا"۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

عیشی ضرار کو دیکھتے خوش سے بولی۔۔ اور بات ختم کرکے سب سے رائے لینے کے لیئے سب کی طرف دیکھا جو ہنسی چھپا رہیں تھی۔۔ جبکہ ہمدان منہ کھولے اسے دیکھ رہا تھا ۔۔

عیشی مشی جاو کچن میں دیکھو سوپ بن گیا۔۔ منو کو لا کے دو صبح سے بیچاری"
"نے کچھ نہیں کھایا۔۔

visit for more novels: www.urdunovelbank.com

عیشی کو دوبارہ منہ کھولتے دیکھ کے ریا بولی تو وہ بھی منو کے تھکے تھکے چہرے کو دیکھ کے کچن میں چلی گئ۔۔اسکے پیچھے ہی مشی بھی نکل گئ تو سب نے ہمدان کو دیکھتے ہوئے قہقہہ لگایا جو سر پکڑ کے بیٹھ گیا۔۔ دو سال پہلے سب بڑھوں نے اسکا اور عیشی کا رشتہ طے کر دیا تھا۔۔ مگر عیشی ابھی چھوٹی تھی تو اسے نہیں بتایا گیا۔۔

************

عیشی مجھے تم سے ایک بات کرنی ہے؟"--"

عیشی کچن میں بیٹھی نوڈلز کھا رہی تھی جب رشی شیلف صاف کرتے ہوئے بولی۔

"جی "

منہ میں نوڈلز ڈالتے وہ مصروف انداز میں بولی--

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

ہم سب بڑھوں نے فیصلہ کیا ہے --امان کے واپس آتے ہی اسکی شادی" کرے گے تو ساتھ تمھارا اور مشی کا نکاح بھی کردیں"--

کپڑا شیلف پہ رکھتے رشی اسکے پاس بیٹھی اور سکون سے بولی۔۔تو عیشی نے حیرت سے اسے دیکھا۔۔

"ہینن استغفرواللہ چھوٹی بہن ہم لڑکیاں ہیں اور بہنیں ہیں"

بمشکل منہ میں ڈلا نوالہ خلق سے اتارتے پوری آنکھیں کھول کے بولی تو رشی نے میز پہ پڑھا چمچ اٹھا کے اسکے بازو پہ مارا۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

عیشی افففف عقل کی اندھی میرا مطلب ہے لڑکوں سے تم دونوں کا نکاح کردیں"۔۔

رشی نے غصے سے کہا تو عیشی کا رکا ہوا سانس بحال ہوا اور اسنے چمچ مارنے پہ منہ بنا کے رشی کو دیکھا۔

"چھوڑیں چھوٹی بہن کیا پرایا منڈا برباد کرنا"

عیشی دوبارا اطمینان سے نوڈلز کھاتے ہوئے بولی تو رشی نے کھا جانے والی نظروں سے اسے دیکھا۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

بکو مت میں نے کہہ دیا سو کہہ دیا۔۔ امان کے آتے ہی اسکا نکاح ہوگا۔۔اور ساتھ ہی تم دونوں کا بھی بس"۔۔

اپنا حصہ ختم کر کے مشی کا باول اٹھاتے دیکھ کے رشی نے اسکے بڑھے ہوئے ہاتھ پہ تھپڑ مارا اور مشی کا باول اٹھا کے سیلف پہ رکھتے دو ٹوک انداز میں بولی۔۔

"ایسے کیسے نکاح ہوگا لڑکا تو دیکھائے"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

نوڈلز اٹھانے اور پھر اپنا فیصلہ سنانے پہ عیشی کا حیرت سے منہ کھل گیا۔۔اور میز بجا کے وہ احتجاج کرنے والے انداز میں بولی۔۔

لڑکا اچھا ہے"۔۔"

رشی نے مختصر سا جواب دیا۔۔

ایسے کیسے مان لوں۔۔آپ شاید گنجا لڑکا ڈھونڈ لائی ہو میرے لیئے۔۔ یا اسکی توند" نکلی ہو۔۔ یا دانت باہر ہو پھر"۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

عیشی منہ بنا کے احتجاجاً بولی تو رشی نے ماتھا پیٹا۔۔

تمھیں نکاح والے دن دیکھا دیا جائے گا لڑکا "۔۔"

تو ٹھیک ہے میں بھی پینسل ساتھ لے کے جاوں گی اور نکاح نامے پہ سائن" پینسل سے کروں گی۔۔ دولہا پسند نا آیا تو ریز کردو گی"۔۔

عیشی آنکھیں گھوماتی ختمی لہجے میں بولی ۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

عیشیییی"۔۔"

اس سے پہلے کے رشی اسکی بات کے صدمے سے نکلتی اور کچھ بولتی۔۔ عیشی نے شیلف پہ پڑھا مشی کے نوڈلز کا باول اٹھایا اور زبان دیکھاتی باول لے کے کمرے

میں بھاگ گی۔۔ رشی کو جب سمجھ آیا تو دونوں ہاتھ میز پہ مارتی زور سے بولی مگر تب تک عیشی روم اندھر سے لاک کر چکی تھی۔۔

***********

بیٹا جلدی سے تیار ہوجاو شاہ ہاوس جانا ہے۔۔ منال کی بیٹی کو دیکھنے"۔۔"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

نازلی کمرے میں بیٹھی نوین کے ساتھ کھیل رہی تھی جب بریرہ نے آکے بتایا۔۔

"اسے مجھے دے دو سارہ کو دے آوں اسے بھی تیار کردے۔۔خازق آنے والا ہوگا"

نازلی کو کھویا ہوا دیکھ کے بریرہ اسکے سامنے سے نوین کو اٹھاتے ہوئے بولی جو دونوں ہاتھوں سے پاوں کا انگوٹھا پکڑے ادھر ادھر جھلاتے ہوئے نازلی کو دیکھ رہی تھی۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

ماما مجھے نہیں جانا۔۔وہ یونی کا ایک کام کرنا ہے"۔۔

نازلی جلدی سے بہانہ بناگئ تو بریرہ نے سنجیدگی سے اسے دیکھا۔۔

ہم زیادہ دیر وہاں نہیں رکیں گے تم تیار ہوجاو جلدی"۔۔"

بریرہ نے دو ٹوک انداز میں کہا اور نوین کو لے کے کمرے سے نکل گئ۔۔ تو نازلی نے گہرا سانس لیتے ہوئے دروازے کو دیکھا۔۔ پچھلے دو سالوں سے بارہا اس نے کوشش کی اس رشتے کے بارے میں سوچنے کی مگر ناکام رہی۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

************

ارے نازلی بیٹا تم بھی کچھ لو نا۔۔ جب سے آئ ہو چپ چپ بیٹھی ہو"۔"

نازلی کو خاموشی سے انگلیاں مڑوڑتے دیکھ کے ریا پیار سے بولی تو نازلی ہلکا سا مسکرائ۔۔

عیشی مشی گھر نہیں تھی۔۔

السلام علیکم۔۔۔ ما شاہ اللہ ویلکم ویلکم"۔۔"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

نازلی نے جیسے ہی ہاتھ بڑھایا اسے سب کی پرجوش آواز سنائ دی۔۔ اسنے کھڑے ہوتے پیچھے مڑ کے دیکھا تو وہی شاکڈ ہوگئ۔۔ پیچھے امان اور حنان سفری بیگ اٹھائے مسکراتے ہوئے سب سے مل رہے تھے۔۔ عیشی مشی ہمدان اور ضرار بھی ساتھ کھڑے مسکرا رہے تھے۔۔

وہ لوگ انکو لینے ائیر پورٹ گئے تھے۔۔

بریرہ خازق سب باری باری مسکراتے ہوئے انہیں ملے۔۔

یعنی سب کو معلوم تھا صرف وہی انجان تھی۔۔ نازلی نے سنجیدگی سے بریرہ کو دیکھا تو وہ نظریں چرا گئی۔۔

نازلی کو اپنا آپ یہاں انفٹ لگا تو سبکو ایسے ہی چھوڑ کے وہ خاموشی سے باہر چلی گئی۔۔ امان نے مسکراتے سبکو ملتے اسکو دیکھا۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

************

"آوچچچ"

"تم نے کیا ساری زندگی یہی کام کرنا ہے۔۔دوسروں سے ٹکریں مارنا"

نازلی کچھ دیر صحن میں رکنے کے بعد جیسے ہی باہر سے اندھر جانے کے لیئے مڑی تو کال پہ بات کرتے سامنے سے آتے امان سے ٹکرائی ۔۔ نازلی تو دیوار کا سہارا لے کے کھڑی ہوگئ مگر امان مٹی کے گملے پہ گرا اور کھڑا ہو کے ہاتھ جھاڑتے غصے سے بولا۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"نہیں میرا ایک اور کام بھی ہے برائ ختم کرنا جسکی شروعات میں شاہ ہاوس سے کرنے جا رہی ہوں"

نازلی دانت پیس کے بولی تو امان نے غصے سے اسے دیکھا۔۔

ہننن بات ایسے کر رہی ہے جیسے دنیا کی چھوٹی ڈان ہے ۔۔ اور جہاں بات ائ" بولنے کی وہاں بھیگی بلی بن گئ"۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

امان نے طعنہ مارا تو نازلی نے سنجیدہ نظروں سے اسے دیکھا۔۔

اے ے سنو کہی تمھارا ارادہ تو نہیں بدل گیا۔۔ مجھ جیسے ہینڈ سم ۔۔ پاپولر لڑکے" "کو دیکھ کے

نازلی خاموشی سے جانے لگی تو امان کو یہ اچھا نا لگا۔۔ وہ جان بوجھ کے اسے چھیڑنے کے لئے بولا۔۔اور اسکی بات سچ ہوئی۔۔ نازلی واقع تپ گئی۔۔

شکل دیکھی ہے اپنی۔۔ میری طرف سے فل سپیڈ سے بھاڑ میں جاو تم بھی اور" تمھاری فارم بھی"۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

نازلی غصے سے پاوں پٹخ کے بولی ۔۔ تب بھی اسکا غصہ کم نا ہوا تو امان کی طرف مڑتے اسے زوردار دھکا مار کے اندر چلی گئی۔۔

امان اس حملے کے لیئے تیار نا تھا اور ساتھ ہی دھرام سے زمین پہ گرا۔۔

نازلی کے اندھر جاتے ہی وہ کہنیوں کے بل بیٹھ گیا اور مسکرانے لگا۔۔ ان دو

سالوں میں اسکا نظریہ نازلی کو لے کے بالکل

بدل گیا تھا۔۔

ویسے اتنی لڑائی فٹ رہنے کے لیئے اچھی ہوگی"۔۔"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

اس نے مسکراتے ہوئے کہا اور اٹھ کے کپڑے جھاڑنے لگا۔۔

************

آپ نے کوئی خاص بات کرنی تھی کیا"۔۔"

رات سب مل کے کھانا کھا رہے تھے جب احرار صاحب کو دیکھ کے عازب بولا جسے انہوں نے ایک ضروری کام سے گھر بلایا تھا۔۔ نازلی لوگ بھی یہی تھے۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

ہاں سب سے کرنی تھی۔۔ اصل میں ہم نے سوچا اس جمعہ کو ہم بچی کا عقیقہ" کریں گے۔۔ اور اسی دن نازلی اور امان کا نکاح بھی ساتھ ہی عیشی مشی کا نکاح بھی کردیں گے"۔۔

"کیا!!!!!"

احرار صاحب جیسے ہی بولے نازلی حیرت سے چینخی۔۔ سب اسکی طرف دیکھنے لگے تو

امان نے مسکراہٹ دبائی ان دو سالوں میں وہ بالکل نہیں بدلی تھی۔۔ اسکا کیا!!!

آج بھی ویسا ہی تھا۔۔ بس فرق یہ تھا آج امان نہیں چینخا تھا۔۔۔

بریرہ نے سر پکڑ لیا۔۔ کہ کچھ بھی ہوجائے نازلی نہیں بدلے گی۔۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

شاہ ہاوس۔۔۔

جمعہ۔۔۔

آج سب کے لیئے بہت خاص دن تھا۔۔ شاہ ہاوس میں ہر طرف خوشیوں کا سماں تھا۔۔

ہر کوئی تیاریوں میں مصروف تھا۔۔

آج شام منال اور حنان کی بیٹی جسکا نام نورم رکھا گیا تھا۔۔ اسکا عقیقہ تھا۔۔ وہی عیشی مشی امان ضرار کا نکاح بھی تھا۔۔ عیشی بہت ایکسائٹڈ تھی اپنا دولہا دیکھنے کے لیئے ۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

عیشی مشی تم لوگ سامان ڈال لو حنان تم لوگوں کو مارکی میں چھوڑ دے۔۔ "وہاں بیوٹیشن اور نازلی پہنچ چکی ہیں"۔۔

رشی کمرے میں آتی مصروف انداز میں بولی-- جہاں مشی اپنی چیزیں پیک کر رہی تھی جبکہ عیشی چکلیٹ کھانے میں مصروف تھی--

میری چیزیں پیک ہوگئ چھوٹی بہن یہ عیشی کی رہ گئ ہیں آپ اسے اٹھا دیں"--"

مشی زپ بند کرتی بولی تو رشی نے کمر پہ ہاتھ رکھ کے عیشی کو دیکھا جو اب چاکلیٹ ختم کرنے کے بعد انگلی سے پیکٹ کے ساتھ لگی چاکلیٹ اتار کے کھا رہی تھی--

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

اچھا اچھا ایسے نا دیکھیں معصوم بچی کو کرتی ہوں پیک۔۔ یہ تو میں انزجی کے لیئے" کھا رہی تھی نکاح کے وقت رونا بھی تو ہوگا نا"۔۔

پیکٹ باسکٹ میں پھینکتی وہ افسردگی سے بولی ۔۔ اور اٹھ کے اپنی چیزیں بیگ میں ڈالنے لگی۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"ہیبن رونا کیوں"۔۔"

مشی اسے دیکھ کے حیرانی سے بولی۔۔

بھئی اب میں اتنی بے شرم دولہن بھی نہیں جو نکاح کے وقت ایک آنسو تک نا بہائے"۔۔

ہیل بیگ میں پھینکتے عیشی آنکھیں گھوما کے بولی تو رشی نے ماتھا پیٹا۔۔

چلو جلدی کرو دونوں میں حنان کو کہتی ہوں گاڑی نکالے"۔۔"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

حنان بھائی کیوں۔۔ یہ دانی بھائی کیوں نہیں جا رہے چھوڑنے"۔۔"

عیشی بگڑ کے بولی تو رشی نے فوراً اپنے تاثرات چھپائے۔۔

"وہ کسی کام میں بزی ہے۔۔ یہ تم کیا ہر وقت دانی دانی کرتی رہتی ہو۔۔ حنان چھوڑ رہا ہے نا تیار ہو جاؤ تم"۔۔

رشی تھوڑا ڈانٹ کے بولی تو عیشی منہ کے زاویے بگاڑنے لگی۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

رشی کے جاتے ہی عیشی دروازے کو دیکھتے باقی چیزیں بیگ میں پٹخنے لگی۔۔

"یہ کیا کر رہی ہو؟"۔۔"

عیشی نے سائیڈ ٹیبل سے مسکراتے ہوئے پینسل نکالی اور اس پے پیار سے ہاتھ پھیرتے ہوئے بیگ میں ڈالنے لگی تو مشی نے آنکھیں پھاڑ کے اسکو دیکھتے ہوئے پوچھا۔۔۔

نکاح کی تیاری"۔۔"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

عیشی آنکھ دباتے ہوئے بولی تو مشی نے سر نفی میں ہلایا۔۔ پھر دونوں اپنے اپنے بیگ لیئے باہر آگئ جہاں حنان ان دونوں کا ویٹ کر رہا تھا۔۔

حنان کے ساتھ دونوں

مارکی کی طرف روانہ ہوئیں جہاں نیا ڈرامہ انکا انتظار کر رہا تھا۔۔

♡♡♡♡♡♡♡♡

"یہ تم کیوں منہ پھلا کے بیٹھی ہو؟"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

عیشی مشی مارکی میں پہنچ چکی تھی۔۔ پچھلے ایک گھنٹے سے تیار ہوتے عیشی مسلسل نازلی کو دیکھ رہی تھی۔۔ جو بالکل چپ بیٹھی تھی ۔۔ تین بیوٹیشن الگ الگ تینوں کو تیار کر رہی تھیں۔۔ نازلی نے مہرون کلر کا لہنگا پہنا ہوا تھا۔۔ عیشی مشی کی نیوی

بلو کلر کی ترکش میکسی تھی۔۔ جس پہ موتیوں کی لڑیاں لگی ہوئ تھی۔۔ نازلی تقریباً مکمل تیار ہو چکی تھی۔۔ کھوئ کھوئ سی وہ بالکل گڑیا لگ رہی تھی۔۔

سموکی آئز کے ساتھ وہ بہت خوبصورت لگ رہی تھی۔۔ عیشی مشی کا بھی سموکی آئز میک اپ تھا۔۔ جب میک اپ مکمل ہوا اور بیوٹیشن نے عیشی کے بالوں کا ہلکا سا جوڑا بنا کے سامنے سے نکلی کچھ لٹیں کرل کرنا شروع کی تو عیشی نے سنجیدگی سے کہا۔۔

نازلی نے ایک ناراض نظر اس پہ ڈالی پھر سامنے دیکھنے لگی۔۔تو عیشی نے حیرت سے مشی کو دیکھا جو ان ہی دونوں کو دیکھ رہی تھی۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

بیوٹیشن نے ہیئر سٹائل بنانے کے بعد اسکے جوڑے میں خوبصورت سا سفید کلر کا کراون سجایا جس کے ساتھ نیوی بلو کلر کی جالی لگی تھی۔۔۔

مکمل تیاری کے بعد بیوٹیشن نے اسکے منہ پہ میک اپ سیٹنگ سپرے کی اسکے بعد عیشی نے فل سائز مرر میں اپنا مکمل جائزہ لیا۔۔گلے میں سفید مالا ڈلی تھی۔۔ ہیل کی وجہ سے اسکی ہائیٹ کافی لمبی لگ رہی تھی۔۔ مشی بھی تیار ہو چکی تھی۔۔ دونوں کو بالکل ایک جیسا دیکھ کے بیوٹیشن بھی کنفیوزڈ ہوگئ تھی۔۔۔

ہاں اب بتاو اتنی پیاری شکل کو غبارہ کیوں بنایا ہوا ہے۔۔"۔۔"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

عیشی دونوں ہاتھوں سے اپنی میکسی سنبھالتی بمشکل چل کر نازلی تک آئ اور اسکے سامنے مرر کے ساتھ ٹیک لگا کے کھڑی ہوتی بولی تو نازلی نے دکھ سے اسے دیکھا۔۔

پانچ منٹ اسی خاموشی کی نظر ہوگئے۔۔ نازلی خاموشی سے اسے دیکھتی رہی اور عیشی اسکی خاموشی کا مطلب سمجھنے کی کوشش کرتی رہی۔۔

اچانک منہ پہ ہاتھ رکھے نازلی پھوٹ پھوٹ کے رونے لگی اور عیشی مشی گھبرا گئ۔۔ بیوٹیشن بھی اسکے پاس آکے اسے خاموش کرانے لگی کہ ایسے رونے سے سارا میک اپ خراب ہوجائے گا۔۔

visit for more novels: www.urdunovelbank.com

تم۔۔ تم دونوں نے میرے ساتھ بالکل بھی اچھا نہیں کیا۔۔"۔۔"

منہ سے ہاتھ ہٹاتے نازلی ہچکی لیتے بمشکل بولی ۔۔تو عیشی سنجیدگی سے آنکھیں ٹمٹماتی ہوئی اسے دیکھنے لگی۔۔ جبکہ اسکو ایسے روتا دیکھ کے مشی بھی رونے لگی تھی۔۔

ایسا کچھ برا بھی نہیں کیا۔۔ اچھا ہے میرا" بھائی "۔۔

عیشی تھوڑا منہ ٹیڑھا کر کے بولی۔

تم تو نا بھاڑ میں جاو اور تمھارا بھائی بھی"۔۔"

visit for more novels: www.urdunovelbank.com

سامنے ٹیبل سے پرفیوم کی بوتل زمین پہ پھینکتے وہ غصے سے بولی اور اپنا لہنگا سنبھالے۔۔ روم کے ساتھ کی کھڑکی کے پاس چلی گئی۔۔ عیشی نے گھور کے اسکی پشت کو دیکھا۔۔ جبکہ مشی اور بیوٹیشنز بت بنی ابھی تک نازلی کے ری ایکشن کو سمجھنے کی کوشش کر رہی تھی۔۔

باہر سب آچکے تھے۔ تھوڑی دیر میں ان تینوں کا نکاح تھا۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

♡♡♡♡♡♡♡♡

چلو عیشی ۔۔۔ مشی اور نازلی جا چکی ہیں۔۔ تم بھی چلو تاکہ نکاح شروع ہو"۔۔"

عیشی برائڈل روم میں بیٹھی اپنی چوڑیوں سے کھیل رہی تھی جب رشی کمرے میں آتی ہوئی بولی اسکے پیچھے ہی منال اور سارہ بھی تھی جو اسکو لینے آئی تھی--

چلیں"--"

عیشی نے بیگ سے پینسل نکال کے کلچ میں ڈالی اور میکسی سنبھالتے ہوئے کھڑی ہو کے بولی--

"یہ کیا ہے؟"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

رشی اسکو پینسل کلچ میں ڈالتے دیکھ کے تیوری چڑائے بولی۔۔

او ہو چھوٹی بہن پینسل ہے یہ"۔۔"

عیشی ماتھے پہ ہاتھ مارتے بولی ۔۔

وہ تو ٹھیک ہے مگر اسکو کروگی کیا"۔۔"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

سارہ بہت الجھی ہوئی تھی اسی لیئے نا سمجھی سے اسکو دیکھتی ہوئی بولی۔۔

لو جی آپکو نہیں بتایا چھوٹی بہن نے۔۔ میں یہ اس لیئے رکھ رہی ہوں کہ مجھے" نہیں پتا میرا نکاح کس سے ہو رہا ہے۔۔ میں نکاح نامے پہ اس پینسل کے ساتھ سائن کروں گی۔۔ بعد میں اگر دولہا نا پسند آیا تو سائن ریز کردوں گی سمپل"۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

عیشی مزے سے بولی۔۔ جیسے جیسے وہ بول رہی تھی۔۔ منال اور سارہ کی آنکھیں حیرت سے کھلتی گئ۔۔

"تم پاگل ہوگئ ہو خبردار جو باہر جاکے کوئ ڈرامہ کیا تو"

رشی اسکا بازو پکڑتے غصے سے جھنجوڑ کے بولی۔۔"

او ہو چھوٹی بہن آپ تو اسے تماشہ نا کہے۔۔ یہ تو ہمیں ورثے میں ملا ہے۔۔ بھلا" کیا ہمارا نکاح نارمل لوگوں جیسا ہو سکتا ہے کیا"۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

عیشی آنکھوں سے مصنوعی آنسو صاف کرتے دکھی انداز میں بولی تو رشی گڑبڑاھ کے ادھر ادھر دیکھنے لگی جبکہ سارہ اور منال نا سمجھی سے کبھی عیشی کو دیکھتی تو کبھی رشی کو۔۔

رشی کو اپنا نکاح یاد آیا تو اسنے دکھ سے عیشی کو دیکھا -- یعنی یہاں بھی مکافات عمل تھا--

اوکے-- میں بھیجتی ہوں تمھارے دولہے کو مگر خبردار جو اسے دیکھ کے تم نے" کوئ ڈرامہ کیا تو"--

رشی انگلی دیکھا کے اسے وارن کرتی باہر چلی گئ تو سارہ اور منال بھی ہنسی دباتی اسکے پیچھے باہر چلی گئ-- جبکہ عیشی ایکسائٹڈ سی ادھر ادھر گھومنے لگی--

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

آہھم "۔۔"

عیشی کھڑکی کی طرف منہ کر کے کھڑی تھی جب ہمدان اندھر داخل ہوا اور گلہ کھنکار کے عیشی کو اپنی طرف متوجہ کیا۔۔کریم کلر کی شیروانی میں گھسہ پہنے وہ بہت ہینڈ سم لگ رہا تھا۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"ارے یہ کیا کر رہی ہو؟"

عیشی ہمدان کو دیکھ کے الجھی پھر مسکراتی ہوئ اسکے پاس آئ اور دونوں سائیڈ سے اسکے پیچھے جھانکنے لگی۔۔تو ہمدان نے نا سمجھی سے اسے دیکھتے ہوئے بولا۔۔

"ارے یہ کیا مجھے لگا آج بھی چھوٹی بہن نے آپکو ہی بھیجا ہوگا میرے دولہا کے ساتھ۔۔ مگر وہ تو کہی نہیں ہے"۔۔

عیشی مایوس ہوتے ہوئے بولی۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"ویٹ ویٹ کہی آپکو چھوٹی بہن نے اس بار بھی مجھے سمجھانے کے لیئے تو نہیں بھیجا دیکھے دانی بھائی میں صاف صاف کہہ رہی ہوں میں ایسے نہیں مانوں گی اس دفعہ "۔۔

ابھی ہمدان کچھ بولتا عیشی خود ہی اپنی باتوں کو اپنی مرضی کا رنگ دیتے انگلی اٹھا کے وارن کرنے والے انداز میں بولی--

عیشی ایسی بات نہیں ہے ایکچوئلی تمھاری شادی مجھ سے ہی ہو رہی ہے"--"

ہمدان ماتھا دو انگلیوں میں مسلتا ہوا بولا-- تو عیشی کے چہرے ہی مسکراہٹ فوراً غائب ہوئی--

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"واااااااااٹ"

عیشی اتنا چیخ کے بولی کہ باہر آواز جانے کے ڈر سے ہمدان کو فوراً اسکے منہ پہ ہاتھ رکھنا پڑھا۔۔۔

♡♡♡♡♡♡♡♡

د دانی بھائی آپ مذاق کر رہیں ہے نا۔۔ ہے نا"۔۔"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

عیشی شاکڈ سی بولی تو ہمدان کو اس کی دماغی حالت پہ شک ہوا۔۔

ارے عیشی پاگل ہو گیا۔۔ تمھیں کیا لگتا ہے باہر نکاح خواں گواہان سب موجود" ہیں اور میں یہاں تم سے مذاق کر رہا ہوں"۔۔

ہمدان نرم مگر سنجیدہ آواز میں بولا تو عیشی نے لب کاٹتے ہوئے آنکھیں ٹمٹماتے ہوئے اسے دیکھا۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"آہہہہہہہ"

ارے عیشی پلیز رونا تو بند کرو"۔۔"

عیشی زور زور سے چیخ کے رونے لگی تو ہمدان نے پریشانی سے اسے دیکھ کے کہا۔۔

"دانی بھائی دھوکہ ہوا میرے ساتھ"۔۔"

عیشی دونوں ہاتھوں سے آنکھیں رگڑتی ہوئی بولی تو ہمدان نے ماتھا پیٹا۔۔ کیونکہ عیشی کی آنکھوں پہ لگا آئی شیڈ آس پاس پھیل چکا تھا۔۔

"پلیز سب سے پہلے بھائی کہنا تو بند کرو "۔۔"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

ہمدان ٹیشو ڈھونڈتا ہوا بولا۔۔

"یہ اچھا تماشہ ہے پہلے مار مار کے کہو کہ بھائی کہنا ہے اور جب بڑھے ہو کے عادت ہو جائے بھائی کہنے کی تو مار مار کے کہو اب مائی کہنا ہے"۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

عیشی دونوں ہاتھ کمر پہ رکھے چڑھ کے بولی تو نا چاہتے ہوئے بھی ہمدان کی ہنسی نکل گئ۔۔

"ٹھیک ہے ایک شرط پہ کروں گی شادی "۔۔"

اسکو پریشان دیکھ کے آخر کار عیشی کو ترس آگیا۔۔ تو اس نے گردن اکڑا کے کہا۔۔

تب ہی ہمدان اسکے سامنے ٹیشو کا ڈبہ رکھتے شرط پوچھی۔۔ عیشی نے نا سمجھی سے ٹیشو دیکھے تو ہمدان نے اسکی آنکھوں کی طرف اشارہ کیا۔۔ جیسے ہی عیشی شیشے کی طرف مڑی تو زور سے چیخی ہمدان نے دوبارہ اسکے منہ پہ ہاتھ رکھا اور چپ رہنے کا کہا۔۔

پھر عیشی آنکھیں صاف کرنے لگی تو ہمدان سامنے صوفے پہ بیٹھ کے سنجیدگی سے اسے دیکھنے لگا۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

کیا شرط اب بتاو"۔۔"

جب عیشی آنکھیں صاف کر کے فارغ ہوئی تو ہمدان نے پوچھا--

آپ مجھے اپنا ایک یونیفارم دیں گے"--"

عیشی آنکھیں گھوما کے بولی تو ہمدان کی آنکھیں حیرت سے پھیلی--

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

عیشی یہ بازار سے لایا نہیں ہے مجھے جاب پہ آرمی کی طرف سے ملا ہے"--"

ہمدان سنجیدگی سے بولا--

"تو کیا ہوا"

عیشی منہ بنا کے بولی۔۔

تو یہ ہوا کہ اسے حاصل کرنے کے لیئے آپکو سخت ٹرینگ کرنی پڑھے گی ایسے" نہیں ملتا"۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

ہمدان سنجیدگی سے بولا تو عیشی نے غصے سے اسے گھورا۔۔

توکیا یہ کم ہے کہ میں آپ سے شادی کر رہی ہوں "۔۔"

عیشی کھڑی ہو کے بولی تو ہمدان نے دو انگلیوں میں ماتھا مسلا۔۔

عیشی پلیز سمجھنے کی کوشش کرو"۔۔"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

ہمدان بے بسی سے بولا تو عیشی نے آنکھیں چھوٹی کر کے اسے دیکھا۔۔

بولیں پانچ روپے کی پینسل"۔۔"

عیشی سنجیدگی سے بولی۔۔

عیشی ٹرائے ٹو انڈر سٹینڈ"۔۔"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

نہیں بس بولیں پانچ روپے کی پینسل"۔۔"

ہمدان کے سمجھانے کے باوجود عیشی چڑھ کے بولی۔۔

اوکے پانچ روپے کی پینسل"--"

ہمدان ہار مانتے ہوئے بولا--

تیری میری شادی کینسل"--"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

عیشی زبان دیکھا کے بولی اور دونوں ہاتھ سینے پہ باندھ کے منہ موڑ کے بیٹھ گئی-- جبکہ ہمدان منہ کھولے اسے دیکھ رہا تھا-- تب ہی کافی دیر باہر نا آنے پہ شاہ رشی زری اور عارب اندھر آئے -- عیشی کی انکی طرف کمر تھی-- جبکہ ہمدان انکو آتے

دیکھ چکا تھا۔۔ جب شاہ نے اشارے میں اس سے پوچھا کہ کیا بنا ہمدان نے روتی صورت بنا کے سر نفی میں ہلایا۔۔ شاہ کو بے اختیار اس پہ ترس آیا۔۔ کیونکہ وہ خود اس سیچویشن سے گزر چکا تھا۔۔

رشی اور زری عارب کے اشارے پہ عیشی کو سمجھانے آگے بڑھی تو شاہ ہمدان کے پاس آیا اور اسکے کندھے پہ ہاتھ رکھا۔۔

visit for more novels: www.urdunovelbank.com

صبر کرو بیٹا سمجھ سکتا ہوں تمہاری حالت گزر چکا ہوں ایسے حالات سے"۔۔"

شاہ دکھی انداز میں بولا تو ہمدان نے حیرت سے اسے دیکھا۔۔ جبکہ شاہ کی حالت دیکھ کے عارب نے بمشکل ہنسی روکی کیونکہ وہ یہاں ہنس کے کچھ حد تک بنی بنائ بات بگاڑ نہیں سکتا تھا۔۔

عیشی میری جان تم ہمدان سے شادی کرلو اور اسے اپنے پاپا جی کی آخری خواہش" سمجھ کے پورا کردو"۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

رشی عیشی کے سامنے بیٹھ کے اسکے ہاتھ اپنے ہاتھوں میں لیئے دکھی انداز میں بولی تو شاہ نے حیرت سے اسے دیکھا۔۔کہ بھلا آخری خواہش ہی کیوں۔۔ باقی سب کی حالت بھی اس سے کچھ مختلف نا تھی۔۔

دیکھیں چھوٹی بہن میں کسی بلیک میلنگ میں نہیں آنے والی"۔۔"

عیشی نے صاف ہاتھ نچا کے کہا۔۔

بیٹا میں تمھیں بلیک میل نہیں کر رہی۔۔ یہ ایک بہت بڑھا راز تھا جو شاید آخری" دم تک میرے سینے میں دفن رہتا مگر آج تمھاری ضد کے سامنے میں مجبور ہوں کے تمھیں سب سچ سچ بتا دوں۔۔ دیکھو بیٹا تمھارے پاپا کی خواہش ہے کہ تمھاری شادی ہمدان سے ہو جائے اور مشی کی شادی ضرار سے تاکہ وہ سکون سے مر سکیں۔۔ اصل میں تمھارے پاپا کو ایک بہت ہی جان لیوا بیماری ہے۔۔ ڈاکٹر نے

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

کہا ہے ان کے پاس بہت کم وقت بچا ہے۔۔ اور یہ بات ہم نے آپ سب کو اس لیئے نہیں بتائ کہ آپ لوگ پریشان نا ہو۔۔ اگر تمھیں مجھ پہ یقین نہیں ہے نا تو یہ ---یہ دیکھو اپنے پاپا کی میڈیکل رپورٹس"۔۔

رشی آنسو صاف کرتی بولی۔۔ جبکہ عیشی اسکی بات سن کے ہی پتھر کی ہوگئ تھی۔۔ کپکپاتے ہاتھوں سے رشی کے ہاتھ میں پکڑی رپورٹس لی جس پہ پیشنٹ نیم پہ شازیب یاور شاہ لکھا دیکھ کے اسکی رہی سہی ضد بھی مر گئ۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"تمھیں کیا بیماری ہے شاہ"۔۔"

عارب ابھی تک شاکڈ میں تھا بہت مشکل سے ہمت کر کے شاہ کے پاس آتا بولا

جو خود حیران کھڑا تھا۔۔

یہ آپ کے سامنے بیٹھی ہے اس سے بڑھی کوئی بیماری ہو سکتی ہے کیا"۔۔"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

شاہ آہستہ سے دانت پیس کے بولا کہ اسکی آواز صرف عارب نے ہی سنی اور

حیرانی سے اسے دیکھا۔۔

کیا مطلب"۔۔"

عارب نا سمجھی سے بولا۔۔

"صبح لڑائی ہوگئی تھی میری اس آفت سے۔۔ صبح بدلا نہیں لے سکی سو اب لے لیا۔۔ میں تو کہتا ہوں بھائی صاحب اس نکاح کے بعد آپ ہمدان کو میرے پاس بھیج دیجئے گا دو تین ہفتوں کے لیئے صبر کی کلاسس دے دوں گا اسے"۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

شاہ کا بس نہیں چل رہا تھا رشی کو اس دنیا سے ہی اٹھا دے جو اتنی آسانی سے اسے موت کے منہ میں کھڑا کر کے اب مگر مچھ کے آنسو بہا رہی تھی ۔۔

شاہ نے غصے سے رشی کی طرف دیکھا تو اس نے عیشی سے نظریں بچا کے منہ پہ ایسے ہاتھ پھیرا کہ بچو اب آیا مزا۔۔

پاپا آپ کے لیئے تو میری جان بھی قربان مجھے کو کوئی اعتراض نہیں اس شادی" سے"۔۔

کچھ دیر بعد سنبھل کے عیشی نے شاہ کی رپورٹس کلچ میں ڈالی اور روتے ہوئے شاہ کے گلے لگ کے بولی ۔۔ تو عارب نے ہنسی چھپاتے داد دینے والی نظروں سے رشی کو دیکھا۔۔

جیتی رہو بیٹا "۔۔"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

عیشی کے ماتھے پہ بوسہ دے کے شاہ بس اتنا ہی بولا۔۔ اس کے بعد زری عیشی کو سہارا دیئے باہر لے گئ۔۔ اسکے پیچھے ہی ہمدان اور عارب بھی باہر نکلے۔۔

وہ اگر سیر ہے تو میں بھی اسی کی ماں ہوں۔۔ لوگ مشکل میں گدھے کو باپ بنا" سکتے ہیں تو میں مارکیوں نہیں سکتی۔۔ اور یاد رہے آج امان کا بھی نکاح ہے سو آج رات ہمارا کمرے میں لڑائ والا کانٹریکٹ ختم ہوجالے گا"۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

رشی شاہ کے پاس رک کے گردن اکڑا کے بولی تو شاہ نے نفی میں سر ہلایا۔۔ پھر ریا کی آواز پہ دونوں باہر چلے گئے۔

کیا ہوا تم اتنی چپ کیوں ہو؟"

نکاح کے بعد تمام لڑکے دوستوں کے پاس چلے گئے-- سٹیج پہ عیشی مشی نازلی-- تھی باقی سب انکی پکچرز بنا رہی تھی-- جب عیشی کو مسلسل خاموش دیکھ کے مشی نے پوچھا-- نازلی تو ویسے ہی آج بہت چپ چپ تھی--

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

مشی پاپا کو بہت بڑھی بیماری ہے ڈاکٹر نے کہا کہ انکے پاس بہت کم وقت ہے--"

عیشی روتے ہوئے بولی تو اسکی آواز سن کے مشی کو جھٹکا لگا۔۔ اسکی آواز نازلی نے بھی سن لی تھی تبھی وہ بھی ایک دم ان دونوں کی طرف مڑی ۔۔

تمھیں کس نے کہا"۔۔"

اب کی بار سوال نازلی کی طرف سے تھا جو انکی بات سن کے بہت پریشان ہوگئ تھی جبکہ مشی نے رونا شروع کر دیا تھا۔۔

ما ماما نے کہا ہے اور پاپا کی رپورٹس میرے پاس ہیں"۔۔"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

آج پہلی بار عیشی نے رشی کو چھوٹی بہن کی بجائے ماما کہا جو کہ بہت ہی خوشی کی بات ہوتی اگر کوئ اور موقع ہوتا تو

کیا تم نے رپورٹس پڑھی "--"

نازلی نے دوبارہ سوال کیا تو عیشی نے نفی میں گردن ہلائ--

ہمیں کسی ڈاکٹر کو رپورٹس چیک کرانی ہونگی"--"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

نازلی کچھ سوچ کے بولی تو عیشی نے اسے دیکھا۔۔

"چلو اٹھو "۔۔"

اپنی چیزیں سنبھالتی عیشی اٹھ کے بولی تو مشی اور نازلی نے الجھ کے اسکو دیکھا ۔

"کہاں؟"۔۔"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

مشی آنسو صاف کرتے بمشکل بولی۔۔

رپورٹس چیک کرانے"۔۔"

عیشی نارمل انداز میں بولی تو دونوں نے اسے ایسے دیکھا جیسے کوئ عجوبہ ہو۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

تم ہوش میں تو ہو اس حالت میں ہم ہسپتال جائیں وہ بھی اس وقت"۔۔"

نازلی اسکو ڈانٹ کے بولی۔۔

اسکی تم لوگ فکر نا کرو میرے پاس ایک ائیڈیا ہے"۔۔"

عیشی جلدی سے بولی تو دونوں نے ایک دوسرے کو دیکھا پھر اسے۔۔اور مجبوراً اسکے ساتھ چل پڑھی ۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

ارے بیٹا کہاں جا رہی ہو؟"۔۔"

انکو سٹیج سے اترتا دیکھ کے ریا فکر مندی سے بولی۔۔

کہی نہیں ریا بہن ہم بیٹھ بیٹھ کے تھک گئ روم میں جا رہی ہیں"۔۔"

عیشی برائڈل روم کی طرف اشارہ کر کے بولی تو ریا نے منال اور سارہ کو بلایا جو ان تینوں کو برائڈل روم میں چھوڑ آئ۔۔

وہاں جاتے ہی عیشی نے اندھر سے روم لاک کیا اور جیولری اتارنے لگی۔۔اسکی دیکھا دیکھی مشی اور نازلی نے بھی اپنی جیولری اتاری۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

اسکے بعد عیشی نے اپنے کپڑے ڈھونڈے جو وہ لوگ پہن کے آئے تھے اسے وہ کہی نا ملے تو اس نے پریشانی سے ادھر ادھر دیکھا۔۔ پھر مشی اور نازلی کو منہ دھونے کا کہا۔۔ جب وہ لوگ منہ دھو کے آئ تو سامنے کی حالت دیکھ کے حیران

رہ گئ۔۔ عیشی میڈم ایک کاٹن کا ڈبہ کھولے ۔۔ ویٹر کے ڈریس میں کھڑی تھی اسکی میکسی آدھی صوفے پہ اور آدھی نیچے لٹکی اپنی قسمت کو رو رہی تھی۔۔

انکے باہر آتے ہی عیشی نے ان دونوں کو بھی ویٹرز کے ڈریس دیئے۔ جو نیوی بلو کلر کی شرٹ اور کالی پینٹ تھی۔۔ برھے برھے منہ بناتی وہ بھی چینج کر آئ تب تک عیشی نے منہ دھویا۔۔ اور کپڑے سائیڈ پہ کرکے

صوفے پہ بیٹھے اپنی پینٹ کو ٹخنوں تک فولڈ کیا اور بازو بھی کہنیوں تک فولڈ کیئے ۔۔اسکی دیکھا دیکھی مشی نازلی نے بھی ایسا ہی کیا ۔۔ وہ دونوں کوئ روبوٹ لگ رہی تھی جو ہر کام عیشی کی دیکھا دیکھی کر رہی تھی۔۔ اس ساری کاروائ میں مکمل خاموشی تھی جو کافی حیرت انگیز بات تھی۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

اسکے بعد اپنا سامان وہی پھینکے وہ تینوں ہیل ہی پہن کے اپنے کلچز لیئے باہر نکلے لگی۔۔ مگر باہر بہت مہمانوں کو دیکھ کے عیشی نے دوبارا دروازہ بند کر دیا۔۔اور پچھلی سائیڈ جاکے کھڑکی کھولی ۔۔جس سے باہر تین چار سیڑھیاں تھی اور آگے ہی لفٹ تھی۔۔ جو شاید تیار دولہن کو وہاں روم تک لانے کے لیئے استعمال کی جاتی تھی۔۔ تینوں لفٹ میں داخل ہوئ اور بٹن دبایا تو لفٹ خارجی دروازے کے سامنے کھلی جہاں باہر گاڑیاں کھڑی تھی۔۔ سامنے ہی ہمدان اس خازق کو کسی سے ہنستے ہوئے بات کرتے دیکھ کے تینوں گاڑی کے ساتھ چھپ گئ۔۔ نیچے بیٹھے ہی تینوں آگے بڑھنے لگی۔۔ وہاں بہت رش تھا جسکی وجہ سے انکی ہیلز کی ٹک ٹک کسی کو سنائ نا دی۔۔ مین روڈ پہ آتے ہی انکو رکشہ دیکھائ دیا ۔۔ ہاتھ ہلاتے ہوئے عیشی نے رکشہ روکا۔۔ انکے پاس رکشہ روکتے ہی ڈرائیور نے ان تین نمونوں کو حیرت سے دیکھا۔۔"انکل جلدی سے ہمیں سنٹرل ہسپتال لے جائیں"۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

نازلی پیچھے خازق اور ہمدان کو دیکھ کے بولی جو ابھی بھی باتوں میں مصروف تھے۔۔

دیکھ کیا رہے ہو جلدی چلو "۔۔"

ڈرائیور ویسے ہی دیکھ رہا تھا تو عیشی چلا کے بولی۔۔ ڈرائیور نے اسکو دیکھتے ہی رکشہ سٹارٹ کیا اور ہسپتال کی جانب چل پڑھا۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

جی نیکسٹ"۔۔"

عیشی مشی نازلی ہسپتال کے کوریڈور میں اپنی باری کا انتظار کر رہی تھی ۔۔ ہر آتا جاتا انکو گھور کے دیکھتا۔۔ عیشی کا مکا دیکھ کے نو دو گیارہ ہو جاتا۔۔

تقریباً آدھا گھنٹہ بعد انکا نمبر آیا اور ڈاکٹر نے جیسے ہی بلایا تینوں بھاگی اندھر گئ۔۔ جہاں سامنے عینک لگائے ڈاکٹر بیٹھا تھا اور میز کی دوسری طرف دو کرسیاں پڑھی تھی۔۔ جن میں سے ایک پہ عیشی بیٹھ گئ اور دوسری پہ نازلی۔۔ مشی ان دونوں کے پیچھے کھڑی ہوگئ

جب ڈاکٹر نے انکے آنے کی وجہ پوچھی تو نازلی نے عیشی کے ہاتھ سے رپورٹس لے کے ڈاکٹر کو دی اور ساری بات بتائ۔۔تو ڈاکٹر رپورٹس چیک کرنے لگا۔۔

جی آپکو کوئ غلط فہمی ہوئ ہے یہ رپورٹس چار سال پرانی ہیں--اور کوئ سیریس" بیماری کی نہیں ہیں بلکے بلڈ کی رپورٹس ہیں "--

رپورٹس دیکھ کے ڈاکٹر نے وہ میز پہ رکھی اور ان پہ عینک رکھ کے اطمینان نے ان تینوں کو دیکھ کے بولا--

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

اپنے ساتھ ہوئے دھوکے کو سمجھ کے عیشی کا چہرا غصے سے تمتما اٹھا -- جبکہ مشی اور نازلی اسکی حالت دیکھ کے ہنسی چھپانے کی کوشش کرنے لگی-- اور ڈاکٹر سے رپورٹس لے کے اللہ خافظ کہتی تینوں کوریڈور میں آئ--

ہاہاہاہا ہاہاہاہا ہاہاہاہا ہاہاہاہا ہاہاہاہا ہاہاہاہا ہاہاہاہا "--"

تینوں خاموشی سے باہر نکلی-- کوریڈور میں رک کے مشی نازلی نے عیشی کو دیکھا اور تالی مار کے زور سے ہنسی جبکہ عیشی غصے سے انکو دیکھتی اپنے کلچ سے انکو مارنے کے لیئے بھاگی-- اب مشی اور نازلی ہنستے ہوئے آگے بھاگ رہی تھی-- جبکہ انکو باتیں سناتی عیشی کلچ اور ہیلز ہاتھ میں لیئے انکے پیچھے بھاگ رہی تھی-- ہر آنے جانے والا انکو پاگل سمجھ رہا تھا--

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

ارے رشی بلاو بچیوں کو۔۔ کچھ رسموں کے بعد گھر بھی جانا ہے"۔۔"

ریا نے مہمانوں سے ملتے ہوئے رشی کو کہا۔۔ تب ہی ہمدان امان اور ضرار بھی اندھر آئے۔۔انکے ساتھ خنان خازق لوگ بھی تھے۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

ارے آنی کیا ہوا؟"۔۔"

رشی جی اچھا کہتی روم تک گئ ۔۔مگر روم اندھر سے لاک تھا۔۔ رشی نے تین چار بار کھٹکھٹایا مگر کوئ جواب نا ملا تو وہ پریشانی سے واپس مڑی ۔۔ تب ہی ہمدان نے اسکے دیکھا اور اسکے پاس آتا بولا۔۔

بیٹا یہ لوگ دروازہ نہیں کھول رہی"۔۔"

رشی پریشانی سے منہ پہ ہاتھ پھیرتی بولی۔۔

آپ فکر نا کریں میں کچھ کرتا ہوں"۔۔"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

۔تین چار بار اسکے کھٹکھٹانے پہ بھی جب کوئ جواب نا ملا تو ہمدان نے آس پاس دیکھا۔۔ دور ایک ویٹر کو دیکھ کے وہ رشی سے بولا۔۔اور ویٹر کے پاس چلا گیا۔۔ رشی کو پریشان دیکھ کے زری بریرہ اور ہماہ بھی وہاں آگئ ۔۔

کیا ہوا رشی؟ "--"

زری نے آہستہ سے اسکے کندھے پہ ہاتھ رکھ کے پوچھا تو رشی نے پریشانی سے ساری بات بتائ-- تب ہی ہمدان دوسری چابی لے کے آگیا--اور اس سے دروازہ کھولا-- اندھر داخل ہوئے ہی سب کے اوسان خطا ہوئے-- کیونکہ تینوں کے کپڑے آدھے صوفے پہ اور آدھے فرش پہ پڑھے تھے-- جیولری بھی کچھ کہاں اور کچھ کہاں پڑھی تھی--

یہ یہ کیا؟"--"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

بریرہ بمشکل بولی تو ہماہ نے اسے سہارہ دیا۔۔ ہمدان نے عیشی کے نمبر پہ کال کی مگر نمبر بند تھا۔۔ مشی کے نمبر پہ کی تو اسکا موبائل انکے پاس ہی بجا۔۔جو وہ وہاں ہی چھوڑ گئی تھی۔۔

ہمدان نے بریرہ کو کہا نازلی کو کال کرنے کا مگر اسکا موبائل بھی وہی تھا۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

کہاں چلی گئی ہماری بچیاں؟"۔۔"

بریرہ روتے ہوئے بولی۔۔

مجھے پتا ہے کہاں گئی ہونگی۔۔"

رشی سنجیدگی سے بولی تو سب نے سوالیہ نظروں سے اسے دیکھا۔۔

رپورٹ چیک کرانے"۔۔"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

رشی ویسی ہی سنجیدگی سے بولی۔۔ تو سب ایک دوسرے کو دیکھنے لگے۔۔کہ نیا طوفان آنے والا تھا۔۔

اس سے پہلے عیشی یہاں آ کے تماشہ کرے ہمیں فوراً گھر جانا چاہیئے"--

رشی نے جلدی سے کہا--

مگر ایسا کیسے ہو سکتا ہے-- لوگ انکا پوچھیں گے-- چلو عیشی مشی کا جانے کا" بہانہ ہو جائے گا-- نازلی کے بارے میں کیا جواب دوں گی"--

بریرہ پریشانی سے بولی--

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

اسکا ایک حل ہے میرے پاس"--"

امان جو کب سے دروازے میں کھڑا انکو دیکھ رہا تھا--- بریرہ کی پریشان سی آواز سن کے سنجیدگی سے بولا--

کیا حل؟"--"

سب نے اکٹھا پوچھا--

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

آپ باہر جا کے علان کردیں کہ آپ آج ہی اپنی بیٹی کی رخصتی کر رہی ہیں۔۔ "

باقی کام میرا ہے دولہن ہم ارینج کرلیں گے"۔۔

امان جتنے سکون سے بولا باقی سب اتنے ہی بے سکون ہوئے۔۔

"تمہارا دماغ ٹھیک ہے"

رشی غصے سے بولی۔۔ اسکا لاڈلا سپوت دولہن ارینج کرنے کی بات کر رہا تھا۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

ماما اس وقت اور کوئی چارہ نہیں ہے۔۔ آپ نانا سے کہیں وہ اعلان کردیں کہ آج ہی رخصتی ہوگی۔۔ اس رخصتی میں کوئی عیشی مشی کی طرف دھیان نہیں دے گا۔۔ اور ٹھیک بیس منٹ بعد۔۔ منو اور سارہ بھابھی آجائیں۔۔ دولہن کو گاڑی تک چھوڑنے کے لیئے"۔۔

امان سکون سے بولا تو سب نے ایک دوسرے کی طرف دیکھا۔۔ اسکی بات میں دم تھا۔۔ سب باہر نکل گئے۔۔ کیونکہ اب اسکے سوا کوئی چارہ نہیں تھا۔۔

visit for more novels
www.urdunovelbank.com

آج ایک بار پھر احرار صاحب کو سٹیج پہ بھیجا گیا جنہوں نے اعلان کرنا تھا رخصتی کا۔۔ جبکہ سب کے باہر جاتے ہی امان نے ضرار اور حنان کو کال کر کے پچھلے دروازے سے روم میں بلا لیا تھا۔۔

♡♡♡♡♡♡♡♡

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

آج کوئی نہیں بچے گا سب کے قتل ہونگے قتل"۔۔"

عیشی ہاتھ میں ہیل اٹھائے مشی اور نازلی سے آگے آگے چلتی خطرناک لہجے میں بولی۔۔ جبکہ اسکی حالت دیکھ کے مشی اور نازلی ہنسی دباتے اسکے پیچھے چل رہی

تھی۔۔ عیشی نے غصے میں چلتے چلتے سڑک کے کنارے سوئے ہوئے کتے کی دم

پہ رکھ دیا۔۔

کتا جیسے ہی اٹھ کے بھاگا عیشی نے زور سے کتے کو ہیل ماری۔۔

آہہہہ"۔۔"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

کتا بھی کوئی انکے جیسا ہی سر پھرا تھا۔۔ ہیل لگتے ہی بجائے مڑ کے بھاگنے کے

وہ بھونکتے ہوئے انکے پیچھے لگ گیا۔۔ تو تینوں چیختی ہوئی واپس بھاگی۔۔ مشی اور

نازلی نے بھاگتے ہوئے ہیل پاوں سے نکالی اور سپیڈ پکڑی ۔۔ اب حالت یہ تھی

بھاگتے ہوئے کبھی ایک آگے ہو جاتی تو کبھی کتے کو پاس آتے دیکھ کے دوسری آگے ہو جاتی۔۔

ویسے تو بڑھی ڈان بنی پھرتی ہو ایک کتے کو نہیں مار سکتی"۔۔"

بھاگتے بھاگتے عیشی نازلی پہ چلا کے بولی تو نازلی نے گھور کے اسے دیکھا۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

چھیڑنے سے پہلے دیکھنا تھا نا اپنے جیسے کو چھیڑ رہی ہوں۔۔ ویسے بھی میں" انسانوں پہ ڈان ہوں کتوں پہ نہیں۔۔ انسان تو لڑکی دیکھ کے پھر لحاظ کردیں۔۔ یہ "کتے کا بچہ تو کاٹتے ہوئے دیکھے بھی نا کے کتنی خوبصورت لڑکی ہے۔۔

عیشی نے نازلی کو یہاں بھی بھاگتے ہوئے لڑتے دیکھ کے مشی نے رونے والا منہ بنایا۔۔

اب تم کیوں رو رہی ہو"۔۔"

مشی نے جیسے ہی رونا شروع کیا عیشی تپ کے بولی۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

میں سوچ رہی ہوں کتا چاہے ایک بوٹی لے لے میری مگر میں چودہ ٹیکے کیسے "لگواوں گی۔۔"

مشی کی بات سن کے ایسی حالت میں بھی نازلی کی ہنسی نکل گئ۔۔ تب ہی ایک آدمی کو ان پہ رحم آگیا اور اسنے کتے کو مار بھگایا۔۔تو تینوں فٹپاتھ پہ بیٹھے لمبے لمبے سانس لینے لگی۔۔ عیشی کی جوتیاں تو اسکے ہاتھ میں تھی جبکہ مشی اور نازلی کتے کے ڈر سے اپنی جوتیاں ہی پھینک آئ تھی۔۔ اب جب ڈر ختم ہوا تو انہیں احساس ہوا تھا کہ سخت روڈ پہ بھاگنے سے تینوں کے پاوں زخمی ہوگئے تھے۔۔ درد اس قدر زیادہ تھا کہ تینوں سے اٹھا نا گیا۔۔ تب ہی ایک شخص نے پانی کی بوتل لا کے دی تو تینوں نے جلدی جلدی پانی پیا۔۔اور اسی آدمی کی منت کی کہ رکشہ کرا

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

دے۔۔ اس نے ایک رکشہ روک کے دیا تو تینوں لنگڑاتی ہوئی اس میں سوار ہوئی

اور اسے شاہ ہاوس کا پتا دیا۔۔

تم بھی وہی چلو چیلنج کر کے ہم تمھیں گھر چھوڑ دے گے"۔۔ "

عیشی نازلی سے بولی تو اس نے حامی بھری اور سیٹ سے ٹیک لگا لی۔۔ یہ جانے

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

بغیر کے اب اس نے وہی رہنا ہے۔۔

نہیں---- نہیں---- نہیں ایسا کبھی نہیں ہوگا سوچنا بھی مت بس میں نے"

کہہ دیا"--

ضرار امان کی بات سن کے کمرے میں زور سے پاوں مارتا بولا-- حنان ابھی تک امان کو سکتے کے عالم میں دیکھ رہا تھا-- جبکہ امان سنجیدگی سے ضرار کو دیکھ رہا تھا-- اگر چہ لب خاموش تھے مگر آنکھیں بہت کچھ کہہ گئ تھی-- باہر احرار صاحب رخصتی کا اعلان کر رہے تھے--

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

بیٹا دولہن تو تجھے بننا پڑھے گا چاہے تو رو یا ہنس-- دولہن تو تو ہی بنے گا"-"

امان سنجیدگی سے کندھوں پہ پڑھی شال درست کرتے بولا۔۔ اسکے خطرناک تیور دیکھ کے ضرار نے روتی صورت بنا کے حنان کو دیکھا۔۔ جس نے اسکے دیکھنے پہ ایسے ظاہر کیا جیسے یہاں ہو ہی نا۔۔

تیری دولہن بننے سے بہتر ہے میں کنواری مر جاوں"۔۔"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

ضرار زبردست ایکٹنگ کرتے ہوئے بولا تو حنان نے ہنسی دبائی۔۔ اسکی بات پہ امان کو بھی بہت ہنسی آئی مگر کمال مہارت سے ہنسی چھپا کے اس نے ضرار کو گھورا۔۔اور نازلی کا لہنگا اٹھا کے ضرار کی طرف بڑھایا ۔۔جو حنان کو مدد طلب نظروں سے دیکھتے سر نفی میں ہلانے لگا۔۔

تو خود بدل کے آئے گا یا میں بدلوں"--"

امان ضرار کا کندھا جھاڑتے سنجیدگی سے بولا تو ضرار اسکو گالیاں دیتا ہوا اندھر چلا گیا--

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

---------------------------------------

ہاں منو آجاو دولہن تیار ہے"--"

بیس منٹ بعد حنان نے منال کو میسج کیا تو وہ حیران ہوگئ۔اور سارہ کو لے کے اندھر آئ جہاں ایک لڑکی نازلی کا لہنگا پہنے پاوں کو چھوتی چادر خود پہ ڈالے ہاتھ پاوں چہرہ چھپائے بیٹھی تھی --

آہہ منو میں اور امان باہر جا رہے ہیں --۔ ایسا کرنا کسی کو چہرہ نا دیکھنے دینا اور نا ہی" اسے یہاں سے اٹھانا -- بول دینا ہم لفٹ سے دولہن کو گاڑی تک لے جائیں گے --اور ہاں جب سب اس سے مل لیں تو انکے باہر جاتے ہی مجھے میسج کر دینا اسے گاڑی میں امان خود لے جائے گا"--

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

حنان نے تفصیل سے منع کو سمجھایا جو آنکھیں پھاڑے اس موٹی تازی دولہن کو دیکھ رہی تھی۔۔۔۔

ہاں مگر یہ ہے کون؟"۔۔"

منو الجھ کے بولی۔۔

"یہ بعد میں بتاوں گا پہلے جتنا کہا ہے اتنا کرو

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

حنان نے الجھت میں کہا تو منو نے سر ہلایا۔۔ پھر ویسا ہی کیا جیسا حنان نے بولا تھا۔۔ سب نے کمرے میں آکے دولہن کے سر پہ ہاتھ رکھے اسے خوش رہنے کی دعا دی۔۔

جب سب مل کے چلے گئے تو امان اپنی دولہن کو لفٹ سے ذریعے گاڑی تک لایا۔۔ سب نے مارکی کی کھڑکیوں سے گاڑی دیکھی جس کی ڈرائیونگ سیٹ پہ امان تھا اور فرنٹ سیٹ پہ امان کی دولہن۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

سب نے خوب ہوٹنگ کی اور امان اپنی دولہن کو لے کے گھر کی طرف روانہ ہوا۔۔

گاڑی تھوڑی دور جاتے ہی ضرار نے چادر اتار کے پچھلی سیٹ پہ پھینکی اور غصے سے امان کو گھورا جو اسے دیکھ کے ہنس رہا تھا۔۔

"دیکھ سالے تو نے اچھا نہیں کیا میرے ساتھ-- اب بدلے کے لیئے تیار رہنا"

ضرار اسکو گھور کے بولا تو امان نے اسکی بات سنی ان سنی کردی اور تھوڑی آگے جاکے غیر آباد جگہ پہ گاڑی روک دی-- تب ہی ضرار گاڑی سے نکلا اور کپڑوں کے اوپر پہنا لہنگا اتار کے گاڑی میں پھینکا-- اسکو جوتا پہنتے دیکھ کے امان نے دروازہ بند کیا اور گاڑی فل سپیڈ سے آگے بھاگ دی-- ضرار ہائے ہائے کرتا رہ گیا--

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

کہاں تھی تم لوگ--اور یہ آج کیا حرکت کی ہے تم لوگوں نے"--"

وہ تینوں لنگڑاتے ہوئے گھر میں داخل ہوئ جہاں سب موجود تھے۔۔ بریرہ اور اسکا شوہر بھی وہی تھے۔۔ انکو دیکھتے ہی رشی غصے سے بولی

"یہ تو آپ مجھے بتائیں کیوں دیا مجھے دھوکہ۔۔ارے اگر میں اتنی ہی بوجھ بن گئ تھی تو بتا دیتے میں چلی جاتی یہاں سے۔۔"۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

عیشی جو پہلے ہی غصے سے بھری بیٹھی تھی اوپر سے چوٹ کا درد۔۔ اب رشی کا غصہ دیکھ کے شاید وہ زندگی میں پہلی بار دکھ سے رو کے بولی تھی۔۔ یہ اسے بھی

نہیں معلوم تھا وہ کتنے سخت الفاظ بول گئ تھی۔۔ سب جو ان پہ شدید غصہ تھے۔۔ عیشی کو ایسے روتا دیکھ کے سب سکتے میں آگئے۔۔

عیشی وہ"۔۔"

ماما پلیززززز۔۔ کچھ بھی نہیں بولیے گا۔۔ میں اپنی اہمیت اچھے سے جان گئ ہوں" اس گھر میں۔۔ بوجھ تھی آپ سب پہ۔۔جو آپ نے زبردستی کسی اور کے گلے ڈال دیا۔۔ ارے میرا نہیں تو دانی بھا۔۔ میرا مطلب انکا ہی خیال کر لیا ہوتا۔۔ آپ لوگ کیسے اتنے خودغرض ہو سکتے ہیں۔۔ وہ کسی اور کو پسند کرتے تھے۔۔ مگر شاید "آپ لوگوں نے تو بس بوجھ اتارنا تھا باقی سب جائیں بھاڑ میں

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

عیشی روتے ہوئے بولی ۔۔ تو ہمدان کا منہ کھل گیا۔۔ پسند والی بات پہ سب نے ہمدان کو دیکھا جو نفی میں سر ہلانے لگا۔۔ بہن کو پہلی بار ایسے دکھی دیکھ کے امان سے رہا نا گیا۔۔ وہ آگے بڑھا تو عیشی نے ہاتھ اٹھا کے اسے روک دیا۔ مشی اور نازلی بھی پریشانی سے اسے دیکھنے لگی ۔۔ جبکہ دروازے سے داخل ہوتا ضرار عیشی کا یہ روپ دیکھ کے اپنے غم بھول گیا۔۔ سب ایسے بت بن گئے جیسے برف نے جما دیا ہو۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

عیشی تمھیں کیا ہوگیا ہے"۔۔"

مشی بھری آنکھوں سے عیشی کے پاس آئ اور سرگوشی نما آواز میں بولی -- دنیا میں یہ واحد ایسی بندی تھی جس کی آنکھوں میں آنسو دیکھ کے عیشی کو بھی برداشت نہیں تھا-- مشی کا دل چاہ رہا تھا کہ چیخ چیخ کے روئے-- اور عیشی کو پتا تھا مشی ایسا ہی کرنے والی ہے--

چپ کرو-- وہ تم نے سنا نہیں غصے میں کسی کو دیکھو اور تمھیں لگے کہ سامنا" نہیں کر سکتے تو ڈرامہ کردو-- فلحال یہ ہونے دو--دیکھ نہیں رہی سب کتنا غصے میں ہیں-- ہم اپنا بدلا بعد میں لے لے گے-- فلحال تو بچو۔اور مجھے پتا ہے یہ "میسنا بھی انکے ساتھ شامل تھا--

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

عیشی مشی کے کان کے پاس بولی تو وہ شاکڈ سی اس ڈرامہ کوئین کو دیکھنے لگی۔۔

عیشی نے رونے کا ڈرامہ کرتے سبکو دیکھا اور کمرے کی طرف بڑھ گئی۔۔ سب وہی ساکت سے کھڑے رہ گئے۔۔۔

اچھا اب ہم لوگ بھی چلتے ہیں"۔۔"

کافی دیر وہاں رہنے کے بعد بریرہ لوگ جانے کے لیئے کھڑے ہوئے۔۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

ارے بیٹا تم اب یہی رہو گی تمھاری رخصتی ہوگئ ہے"۔۔"

جب نازلی بھی انکے ساتھ جانے لگی تو رشی پیار سے بولی ۔۔۔

کیاااااا"۔۔۔"

نازلی بہت چیخ کے بولی سب نے کان پہ ہاتھ رکھ لیئے۔۔جبکہ امان سکون سے اسکے اکسپریشن انجوائے کر رہا تھا۔۔

♡♡♡♡♡♡♡♡

ایسا کیسے ہو سکتا ہے؟"۔۔"

نازلی کچھ دیر بعد نارمل ہوتی صدمے سے بولی۔۔۔

بیٹا جی آج جو آپ نے حرکت کی ہے نا اس کے بعد یہ ضروری تھا۔۔ کیا جواب" دیتے ہم لوگوں کو۔۔ سو ہمیں یہ کرنا پڑھا ۔۔ اللہ آپکو یہاں خوش رکھے۔۔ ہم کل آپکو لینے آئیں گے"۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

بریرہ سنجیدگی سے بولی تو نازلی صدمے سے اسے دیکھنے لگی۔۔

بیٹا بھابھی کو بھائی کمرے میں لے جاو اور اسے کپڑے دو یہ ویٹرز کے کپڑے" واپس کرنے ہیں"۔۔

ریا مشی سے بولی تو مشی سر ہلا کے نازلی کو امان کے کمرے میں لے گئ۔۔ بریرہ لوگ بھی اجازت لے کے چلے گئے۔۔ دروازے میں کھڑے ضرار نے مشی اور نازلی ہو تب تک دیکھا جب تک وہ دونوں کمرے میں نہیں پہنچی۔۔ انکے اندھر جاتے ہی اسنے او کی شیپ میں لب گول کیئے اور امان کو دیکھ کے مسکراہٹ چھپائ جو تمام لوگوں کے ساتھ وہی بیٹھ گیا تھا۔۔

پھر کچھ یاد آنے پہ وہ موبائل جیب سے نکالتا اپنے کمرے میں چلا گیا۔۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

رات دس بجے جب امان کمرے میں آیا تو نازلی لہنگا پہنے بیڈ پہ بیٹھی تھی چہرے پہ گونگھٹ ڈلا ہوا تھا۔۔ امان کو لگا تھا اب تک کمرے کی حالت بگڑھ چکی ہوگی مگر یہاں اتنا سکون دیکھ کے امان کو حیرت ہوئی۔۔

وہ پہلے اسی کشمکش میں دروازے پہ ہی کھڑا رہا۔۔ نازلی سمٹی ہوئی بیڈ کے بیچ میں بیٹھی تھی اور دوپٹہ تھوڑی تک لٹکا ہوا تھا۔۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

اے اٹھو چینج کرلو"۔۔"

امان تھوڑا آگے آکے اختیاط سے بولا کے کہی آگے سے تھپڑ ہی نا دے مارے۔۔

مگر نازلی نے کوئی حرکت نا کی تو امان حیرت سے بیڈ پہ بیٹھا اور اس کشمکش میں

اسکا دوپٹہ چہرے سے ہٹایا کہ زندہ بھی ہے یا نہیں۔۔

آہہہہہہ"۔۔"

دوپٹہ ہٹاتے ہی امان نے زوردار چیخ ماری اور بیڈ سے اٹھنے لگا مگر ضرار نے اسکا

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

بازو پکڑ لیا۔۔

"کیا ہوا سرتاج اور ٹھیک تو ہے نا"

امان کی حالت دیکھ کے ضرار ہنسی دبائے فکرمندانہ انداز میں بولا تو امان نے گھور کے اسے دیکھا اور ہاتھ چھوڑا کے دور کھڑا ہوگیا۔۔

"کیا ہوا سرتاج آپ نے ہی سبکو کہا تھا کہ میری بیگم کا چہرہ کوئی نا دیکھے جب تک میں گھونگھٹ نا اٹھا لوں"۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

ضرار نے فل ایکٹنگ کرتے ہوئے وہ بات دہرائی جو مارکی میں کی تھی امان نے لوگوں سے یہ راز چھپانے کے لیئے۔۔

دفعہ ہو نکل یہاں سے اس سے پہلے کے میں تیرا قیمہ بنا دوں"۔۔"

اسکی اوور ایکٹنگ پہ امان

جل بھن کے بولا تو ضرار نے اپنی ہنسی دبائی۔

مانا کہ میں اس شادی کے لیئے تیار نا تھی مگر اسکا مطلب یہ تو نہیں کے شادی" کے پہلے روز ہی آپ مجھے یو بے عزت کر کے کمرے سے نکال دیں"۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

ضرار فل عورتوں کی طرح بولتے دوپٹے سے نا آنے والے آنسو صاف کرتے بولا تو امان نے اسے گردن سے پکڑا اور اسکی ہائے ہائے کی پرواہ کیئے بغیر کمرے سے باہر نکال کے دروازہ لاک کر دیا۔

باہر آتے ہی ضرار نے قہقہہ لگایا تب ہی دوسری طرف سے مشی عیشی اور نازلی ہنستی ہوئی اسکے پاس آئی جو کھڑکی سے ان دونوں کو دیکھ رہیں تھیں۔۔ شام میں ہی ان لوگوں کی ٹیم بن چکی تھی اور تینوں مانتے تھے کہ نازلی کے ساتھ برا ہوا سو اب یہ لوگ مل کے امان کو مزہ چکھانا چاہتے تھے۔۔ اور ضرار اس لیئے بھی انکے ساتھ تھا کہ اسے بھی امان سے اپنا بدلا لینا تھا۔۔۔

ابھی تو بچارہ امان آنے والے دنوں سے بے خبر تھا کہ ہونے کیا والا ہے۔۔۔۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

ظالم شوہر نے شادی کی پہلی رات ہی بیوی کو دھکے مار کے کمرے سے باہر نکال دیا۔۔

صبح امان فریش ہو کے روم میں آیا تو اسے حنان کا میسج ملا کہ کیا تم نے سٹیٹس دیکھے۔۔ امان نے کہا نہیں تب ہی ریپلائے آیا دیکھو۔۔۔

امان نے تجسس سے واٹس ایپ کھولا تو میسجز کا انبار لگا تھا۔۔ اسنے میسجز کھولنے سے پہلے۔۔ سٹیٹس دیکھنے شروع کیئے جس میں شروع کے سٹیٹس کچھ دوستوں کے تھے اسکے بعد ضرار کا سٹیٹس تھا جس میں رات والے واقع ہی ویڈیو سٹیٹس لگی تھی جو تقریباً رات بارہ بجے لگائی گئی تھی۔۔ یعنی اب تک پورے خاندان کو خبر ہو

visit for more novels: www.urdunovelbank.com

چکی تھی۔۔۔ اس نے غصے سے مٹھیاں بھینچی اگلا سٹیٹس مشی کا تھا وہ بھی اسی کیپشن کے ساتھ لگایا گیا تھا۔۔ اس سے اگلا عیشی کا وہ بھی وہی سٹیٹس تھا۔۔

یعنی یہ ان سبکا پلان تھا امان غصے سے موبائل بیڈ پہ پھینکتا باہر آیا جہاں سب ناشتہ کر رہے تھے۔۔

آہہ پاس مت آنا ورنہ پچھتاو گے"۔۔"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

امان کو باہر آتا دیکھ کے ضرار جلدی سے اٹھا اور گھوم کے ٹیبل کی دوسری طرف کھڑا ہوتا وارن کرنے والے انداز میں بولا تب ہی عیشی مشی اور نازلی بھی امان کو

غصے میں دیکھ کے ضرار کے پاس آن کھڑی ہوئ اور ضرار کی بات پہ زور زور سے سر ہلانے لگی۔۔

ی یہ دیکھو تمھاری ویڈیو فیس بک میں میری آئ ڈی پہ ہے اور یہ دیکھو میری" انگلی پوسٹ اوپشن پہ اگر تم نے ایک قدم بڑھایا تو میں اس اوپشن کو دبا دوں گا اور موبائل لاک کر دوں گا سوچو پوری دنیا دیکھے گی کے

پاکستان کے مشہور کریکٹر امان شاہ نے کیا کیا"۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

ہاتھ اونچا کر کے ضرار دھمکی دینے والے انداز میں بولا تو امان نے واقع ویڈیو اوپشن پہ لگی دیکھ کے دانت پیسے۔۔ جبکہ باقی سب ہنسی چھپائے ان دونوں کو دیکھ رہے تھے۔۔ اور عیشی مشی نازلی تو ضرار کی ذہانت پہ عش عش کر اٹھی تھی۔۔۔

کیا چاہتے ہو تم؟"۔۔"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

امان زور سے آنکھیں میچے اپنا غصہ کنٹرول کر کے بولا تو ضرار نے گردن اکڑائی۔۔

ہمم یہ ہوئی نا بات۔۔ چلو اب سب کے سامنے اسکی معافی مانگو جو کل تم نے" میرے ساتھ کیا اور سب کے سامنے وعدہ کرو کے اب تم ہمیں کچھ نہیں کہو گے"۔۔

ضرار سکون سے بولا تو امان نے اسے ایسے دیکھا جیسے کچا چبا جائے گا۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

کس بات کی معافی؟"۔۔"

عارب نا سمجھی سے ضرار کو دیکھتے بولا تو عیشی مشی اور نازلی نے ہنسی دبائی کیونکہ ضرار انہیں بتا چکا تھا جو کچھ کل اسکے ساتھ ہوا۔۔۔

کل جو دولہن اس نے سب کے سامنے پیش کی تھی وہ میں ہی تھی۔۔ "سب کے سامنے بڑھے وعدے کر رہا تھا اور رات کو کمرے سے نکال دیا"۔۔

ضرار دکھی عورت کی ایکٹنگ کرتے بولا تو سب نے کھلے منہ سے پہلے اسے دیکھا پھر امان کو جو چہرے پہ ہاتھ رکھے ادھر ادھر دیکھ رہا تھا۔۔ اس نے کل سے یہ بات چھپائی ہوئی تھی سب سے۔۔ اور پھر امان کی حالت دیکھ کے سب نے زور دار قہقہہ لگایا جس میں نازلی بھی شامل تھی امان نے گھور کے اسے دیکھا جو اس سب کی زمہدار تھی۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

اوکے سوری"۔۔"

امان اتنی آسانی سے معافی مانگ کے ناممکن ۔۔ سب ابھی بھی حیران تھے کہ اس نے اتنی آسانی سے معافی مانگ کیسے لی۔۔ پھر باقی شرطیں بھی منوا کر عیشی مشی نازلی تینوں یونی چلی گئ اور انھیں چھوڑنے ضرار گیا تھا۔۔

امان بھی حنان کے ساتھ ایک انٹر ویو کے لیئے چلا گیا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

افففف عجیب آدمی ٹاول بھی بلیک۔۔ توبہ ہے بھئ کوئ چیز جو اس کمرے میں" نارمل انسانوں والی ہو"۔۔

نازلی یونی سے واپس آئ تو رشی نے اسے امان کے کمرے میں بھیج دیا اور کچھ شاپنگ بیگز بھی پکڑائے جن میں نازلی کے لیئے کپڑے جوتے اور کچھ ضرورت کی چیزیں تھیں-- جب وہ کمرے میں آئ تو حیران رہ گئ -- بلیک بیڈ شیٹ بلیک صوفہ بلیک پردے-- یہاں تک کے ٹاول بھی بلیک تھا۔ امان کی استعمال کی چیزوں میں زیادہ بلیک ہی تھی جیسے کے ہیئر برش پرفیوم کی بوتلیں -- گھڑیاں -- الماری کھولتے ہی آدھے سے زیادہ کپڑے بھی بلیک ہی تھے اور جوتے بھی-- نازلی پورے کمرے میں بلیک بلیک دیکھ کے تنگ آئ-- تو رشی کے پاس گئ اور اس سے نئ بیڈ شیٹ اور پردے مانگے-- گھر کے سٹور سے رشی نے اسے کچھ بیڈ شیٹس اور پردے دکھائے-- تب ہی عیشی مشی اسکی ہیلپ کے لیئے آگئ تو رشی انہیں کام میں لگا کے خود چلی گئ-- نازلی نے سب سے پہلے سلور کلر کے پردے

visit for more novels
www.urdunovelbank.com

نکالے اور سلور کلر کی ہی بیڈ شیٹ لی ۔۔۔ پھر تینوں کمرے میں آئ اور سارے بلیک پردے اور بیڈ شیٹ ہٹا کے سلور کلر میں لگائ۔۔ پھر دیواروں کے کریکٹرز کی پکچرز وغیرہ اتار کے سٹور میں پھینکی۔۔ کچھ دیکوریشن پیسز رکھے صوفے کا کور بھی کریم کلر میں بدل دیا۔۔ اور شیشے سے ساری پرفیومز اور ہیئر سپرے اٹھا کے الماری کے ایک خانے میں پھینکی۔۔ اس پہ کچھ امان کی چیزیں چھوڑی باقی سب نازلی نے اپنی چیزیں رکھ دی۔۔ بیڈ سائیڈ ٹیبل لیمپ بھی بلیک سے بلو کلر میں بدل گئے۔۔ تین پارٹس کی الماری میں سے دو میں نازلی نے اپنے کپڑے سجائے اور جوتے جیولری وغیرہ رکھی۔۔ جبکہ ایک خانے میں امان کی چیزیں ایسے گھسائ کے دروازہ بھی مشکل سے بند ہوا۔۔ پورے کمرے کا حلیہ بدل کے اور تینوں شدید تھک گئ۔۔ تب ہی منو آگئ اور تینوں کو حلیہ بدلنے کا کہا۔۔ عیشی مشی کمرے میں چلی گئ تو نازلی نے بھی شاور لیا اور کپڑے بدلے۔۔ پورے کمرے کا نقشہ بدل گیا

Visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

تھا۔ بیڈ کی جگہ بدل گئ۔۔ صوفہ اپنی جگہ سے ہٹ کے کھڑکی کے پاس پہنچ گیا۔اور تین چار ڈیکوریشن پیسز کا اضافہ بھی ہوگیا تھا۔۔ باہر آکے بال سیٹ کرتے نازلی کا ہاتھ لگا اور پرفیوم کی بوتل نیچے گر کے ٹوٹ گئ۔۔ نازلی نے جلدی سے کانچ اٹھائے اور جگہ صاف کی مگر خوشبو بہت تیز تھی۔۔ کانچ باسکٹ میں پھینک کے وہ ہاتھ دھونے گئ تو اسکی نظر امان کے کالے ٹاول پہ پڑھی تو وہ جھنجلا کے بولی ۔۔اور امان کا ٹاول بھی ہٹانے لگی مگر پھر ذہن میں ایک

خیال آیا اور ٹاول کو غور سے دیکھتی ہو مسکرائ۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

اب آئے گا مزہ"۔۔"

خود سے ہی بات کرتی وہ باہر نکلی اور کچن میں آئ جہاں منو چائے بنا رہی تھی اور سنیکس بھی بنائے تھے۔۔

"منو آپی کالی مرچ ہے کیا؟"۔۔"

نازلی نے تھوڑا جھجھکتے ہوئے پوچھا تو منو نے اسکو دیکھ کے سر ہاں میں ہلایا۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"مگر کیا کرو گی اسکا؟"۔۔"

کالی مرچ کا ڈبہ نازلی کو دیتے منو نے پوچھا۔۔

وہ ایکچوئلی میں سنیکس پہ ڈال کے کھاتی ہوں"۔۔"

نازلی مسکراتے ہوئے بولی تو منو نے سر ہلایا اور دوبارہ چائے کو دیکھنے لگی۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

اہ میرا موبائل روم میں رہ گیا میں ابھی آئ"۔۔"

منو کو کام میں مصروف دیکھ کے نازلی نے مٹھی بھر کے ڈبے سے مرچیں نکالی جو پاؤڈر میں تھی۔۔ پھر جلدی سے بولی اور مرچ کا ڈبہ سنیکس کے پاس رکھ کے کمرے میں چلی گئی۔۔

کمرے میں آتے ہی اندھر سے دروازہ بند کیا اور واشروم میں گئی ۔۔ پھر امان کا ٹاول لے کے ہاتھ میں پکڑی کالی مرچیں اس پہ ڈالی اور ہاتھ سے پورے ٹاول پہ پھیلا دی۔۔ جو نظر نہیں آ رہی تھی۔۔۔

مسکراتے ہوئے ٹاول واپس اپنی جگہ پہ رکھا اور ہاتھ دھو کے گردن اکڑائے کمرے سے باہر آگئی۔۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

امان شام کے وقت گھر آیا اور تھکا ہارا سا کمرے کی طرف بڑھا مگر دروازہ کھولتے ہی اسے زوردار جھٹکا۔ لگا

ماما یہ میری کمرے کا حلیہ کس نے بدلا"۔۔"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

وہی دروازے میں کھڑے وہ اونچی آواز میں بولا۔۔

میں نے چینج کیا ہے۔۔ وہ آنٹی کہتی ہیں اب یہ میرا بھی کمرہ ہے میں جیسے" چاہوں اسکو بدل سکتی ہوں"۔۔

اس سے پہلے کے رشی کوئ جواب دیتی نازلی معصومیت سے بولی تو رشی اسکی بات سن کے مسکرائ۔۔

"آنٹی آج کے بعد امان کے سارے کام میں خود کروں گی جیسے منو آپی حنان بھائ کے سارے کام خود کرتی ہیں"۔۔

اس سے پہلے کے امان کچھ بولتا نازلی فوراً سے بولی تو رشی نے مسکرا کے سر ہلایا جبکہ امان حیرت سے نازلی کو دیکھ رہا تھا جو مسکرا رہی تھی اور دور کھڑی عیشی مشی اسے زبردست ایکٹنگ پہ تھم اپ کیا۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

امان غصے سے اندھر چلا گیا تو نازلی بھی اسکے پیچھے گئ۔۔ رشی مسکراتے ہوئے کچن میں چلی گئ۔۔

اب آئے گا مزہ"۔۔"

عیشی مشی تالی بجا کے بولی اور چھت کی طرف بھاگی جہاں ضرار انکا انتظار کر رہا تھا۔۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

یہ یہ میرے کپڑے کہاں ہے؟"--"

امان غصے سے کمرے میں آیا اور الماری کھولی مگر کپڑے نہیں ملے دوسرا حصہ کھولا اس میں بھی نازلی کے کپڑے اسکا منہ چڑا رہے تھے--

وہ چلا کے بولا تو نازلی نے مسکراتے ہوئے تیسرے حصے کی طرف اشارہ کیا--

امان نے جیسے ہی دروازہ کھولا سارے کپڑے اسکے پاوں میں آکے گرے-- اس نے غصے سے نازلی کو دیکھا تو وہ مسکرانے لگی-- امان نے ایک شرٹ اور جینز اٹھائ اور اسے گھورتا ہوا واشروم میں چلا گیا نازلی نے اسکو دروازہ بند کرتے دیکھا تو جلدی سے اسکے کپڑے دوبارہ ایسے ہی اندھر بند کر کے چھت پہ بھاگ گئ---

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

شاور کے بعد امان چینج کیئے باہر آیا اور ہاتھ میں لیا ٹاول سر اور منہ پہ مارا۔۔ جیسے ہی ٹاول پیچھے کیا آنکھوں میں اور چہرے گردن پہ شدید جلن ہوئی۔۔ آنکھیں بند ہوتے ہی وہ گرتے پڑتے واشروم میں واپس بھاگ اور منہ پہ چھینٹے مارنے شروع کر دیئے۔۔ تقریباً دس منٹ بعد جب آنکھیں کچھ کھلنے کے قابل ہوئی تو اس نے شیشہ دیکھا پورا منہ سرخ ہوا تھا اور آنکھیں بھی سرخ انگارے جیسی ہوئی تھی۔۔ اسنے باہر آکے ٹاول اٹھایا اور ناک کے قریب لے جاکے سونگنا چاہا تو زوردار چھینک ماری۔۔ اسکے بعد تو چھینکوں کا ایسا سلسلہ شروع ہوا کے وہ اچھو اچھو کرکے پاگل ہوگیا۔۔ جب کچھ سنبھلا تو غصے سے باہر آیا اور اونچی اونچی آواز میں

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

نازلی کو بلانے لگا۔۔ اسکے باہر آتے ہی دروازے کے پیچھے چھپی عیشی مشی بھاگ کے کمرے میں گئ اور اسکا ٹاول اٹھا کے وہاں نیا ٹاول رکھا جو نیم سا گیلا تھا۔۔

"ارے بیٹا کیا ہوا؟"۔۔

اسکو چلاتے دیکھ کے تمام خواتین کچن سے باہر آئ اور پریشانی سے پوچھا تب ہی نازلی بھی وہاں آگئ اور اسکے پیچھے عیشی مشی بھی جنھوں نے اسے آنکھ سے اشارہ کیا۔ تو نازلی پرسکون ہوئ اور امان کے سامنے ایسے کھڑی ہوگئ جیسے اسکے غصے میں بولنے سے ڈر گئ ہو۔۔۔

visit for more novels: www.urdunovelbank.com

"یہ آپ مجھ سے پوچھ رہی ہیں۔۔ اپنی اس بہو سے پوچھیں نا جس نے آتے ہی زندگی عذاب کردی میری۔۔ یہ یہ دیکھے میرا چہرہ اور پوچھیں اس سے کے کیا لگایا ہے اس نے میرے ٹاول پہ"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

امان غصے سے بولا تو نازلی نے جھکا سر اٹھا کے روتی صورت بنائے سر نفی میں ہلایا۔۔

میں کیوں کچھ لگاؤں گی آنٹی میں نے کچھ نہیں کیا"۔۔"

نازلی پریشانی سے بولی تو تمام خواتین امان کو دیکھنے لگی۔۔

اچھا تم نے کچھ نہیں کیا آپ لوگ آئیں میرے ساتھ ابھی دیکھاتا ہوں آپ" لوگوں کو"۔۔

اماں سبکو ساتھ لیئے کمرے میں آیا تو عیشی مشی نے نازلی کو آنکھ ماری اور تینوں انکے پیچھے کمرے میں آئ ۔۔

یہ دیکھیں اس پہ کیا لگا ہے"۔۔"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

امان غصے سے نازلی کو دیکھتا ٹاول رشی کی طرف بڑھا کے بولا۔۔تو رشی نے ٹاول لے کے سونگھا پھر ہاتھ لگا کے بھی چیک کیا مگر وہ بالکل ٹھیک تھا۔۔

یہ تو صحیح ہے"۔۔"

رشی امان کو گھورتے ہوئے بولی تو امان نے الجھ کے اسکے ہاتھ سے ٹاول لیا اور دوبارہ چیک کیا۔۔وہ واقع نارمل تھا۔۔اسنے نازلی کی طرف دیکھا جو سر جھکائے آنسو صاف کر رہی تھی۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

آپ آپ میرے کپڑے دیکھیں اس نے کیا کیا"۔۔"

امان الماری کی طرف اشارہ کرکے بولا تو رشی اسکو گھورتے الماری کی طرف بڑھی --

اور تینوں حصے باری باری کھولے-- مگر سب میں کپڑے ترتیب سے پڑھے تھے--

یہ دیکھ کے امان نے دوبارہ حیرانی سے نازلی کو دیکھا جو ابھی تک سر جھکائے کھڑی

تھی--

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"شرم آنی چاہیئے تمھیں امان-- مجھے لگا تھا تم بہت اچھے ہو اور سمجھتے ہو مگر تم تو

باپ سے بھی دو ہاتھ آگے نکلے-- ایک دن ہوا ہے تمھاری شادی کو اور تم ایسا

سلوک کر رہے ہو بیوی کے ساتھ-- مجھے شرم آرہی ہے تمھیں اپنا بیٹا کہتے

ہوئے--ارے ابھی تو وہ بچی یہاں کا کچھ جانتی بھی نہیں پھر بھی تمھاری ساری

زمہداری لینے کو تیار ہے-- بجائے اسکو سمجھنے کے تم یہ سب کر رہے ہو-- شیم آن یو"--

رشی غصے سے بولی تو امان سر جھکا گیا-- باقی سب بھی اسکو افسوس سے دیکھتی ہوئی باہر چلی گئی-- رشی عیشی مشی کے جاتے ہی نازلی نے دروازہ بند کیا تو امان نے سر اٹھا کے اسے دیکھا جو دونوں ہاتھ سینے پہ باندھے اسے دیکھ کے مسکرا رہی تھی--

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

مسٹر امان تمھیں کیا لگا تھا تم رخصتی مانگو گے اور میں خاموشی سے سب مان لوں گی۔۔ میں نے بھی تمہاری زندگی عذاب نا کی نا تو میرا نام بھی نازلی نہیں۔۔ اب مردوں کی طرح سامنا کرو ممی ڈیڈی کرتے آنٹی کے پیچھے نا چھپو"۔۔

نازلی طنزیہ مسکراتے ہوئے بولی تو امان سکتے میں اسے دیکھنے لگا۔۔تب ہی نازلی نے ہنکن کی اور کمرے سے باہر چلی گئ۔۔۔ جبکہ امان سر دونوں ہاتھوں میں تھام کے بیڈ پہ بیٹھ گیا۔۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

دن ایسے ہی گزرتے گئے۔۔ نازلی نے ضرار عیشی مشی کے پلانز پہ عمل کرتے امان کی زندگی صحیح معانی میں عذاب بنا دی تھی۔۔

وہ بچارہ تو رخصتی کرا کے واقع پچھتا رہا تھا کبھی کھانوں میں نمک تیز کبھی چائے میں چینی۔۔ کبھی رات سوتے ہی پنکھا بند ہوجاتا تو کبھی ہیئر برش سے پاؤڈر نکلتا۔۔۔

وہ تو صحیح معانی میں تنگ آچکا تھا۔۔ اور اب تو کسی کو بتا بھی نہیں سکتا تھا کیونکہ مردانگی کا سوال تھا۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

------------------------

میں بتا رہی ہوں عیشی ہم سب مرے گے اسکے پلان پہ عمل کا کڑو۔۔۔"

انکے نکاح کو ایک ماہ ہونے کو تھا اس سارے عرصے میں عیشی ہمدان سے بھی ناراض تھی اس نے بہت بار منانے کی کوشش کی مگر عیشی نے اسکی بات نا سنی۔۔۔ ابھی رات کے گیارہ بج رہے تھے وہ چاروں چھت پہ موجود تھے۔۔ ضرار اپنے کام میں مصروف تھا جبکہ یہ تینوں بیٹھی چپس کھا رہی تھی جب ضرار کو ساتھ والے گھر کے چھت کے کونے میں بھی پٹاخے لگاتے دیکھ کے مشی عیشی سے بولی تو ضرار نے گھور کے اسے دیکھا۔۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"شرم کرو لڑکی شوہر ہوں میں تمھارا۔۔ شوہر کے بارے میں کوئ ایسے بات کرتا ہے کیا؟"۔۔

اسکے توتلے پن کو اگنور کر کے ضرار اسکو مصنوعی ڈانٹتے ہوئے بولا تو نازلی اور عیشی نے ہنسی روکی۔۔ کیونکہ ضرار ہمیشہ مشی کو یاد کراتا کہ وہ اسکا شوہر ہے مگر مشی ہمیشہ ایسے ہی کرتی۔۔

" شوڑ ہاہاہاہاہا شوڑ تو دیکھو کھٹا بھاڑ نکلا چوہا"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

مشی منہ میں چپس رکھتے تالی بجاتی ہنس کے بولی تو عیشی اور نازلی نے قہقہہ لگایا۔۔

ہاں تو خود کو دیکھا ہے۔۔ خراب چقندر کہی کی۔۔ ہکلی"۔۔"

ضرار خفت مٹانے کے لیئے بولا مگر اسے پتا تب چلا جب مشی دونوں ہاتھوں سے اسکے بال پکڑے زور زور سے ہلانے لگی۔۔

میڑے کو ہکلی بولا۔۔ ٹوٹے ٹڑک کی شکل والے میڑے کو ہکلی بولا"۔۔"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

مشی سخت غصے میں بولتے ہوئے اسکا سر ادھر ادھر گھومانے لگی تو ضرار نے ہائے ہائے کرتے خود ہو چھڑانے کی کوشش کی تب ہی اسکی حالت دیکھ کے عیشی اور نازلی نے مشی کو بڑھی مشکل سے پیچھے کیا۔۔ تب ہی بارہ بجے کا الارم ہوا۔۔ اور آتش بازی شروع ہوگئ جس پہ ضرار نے بارہ بجے کا ٹائمر لگایا تھا۔۔ چودہ

اگست شروع ہو چکی تھی۔۔ شروع میں تو چاروں خود ہی ڈر ہے اچھل گئے۔۔ آواز اندھر گئ تو سب گھر والے بھاگے بھاگے چھت پہ آئے جہاں وہ چاروں کھڑے آسمان پہ بکھری سبز اور سفید روشنی سے پاکستان زندہ باد کی پکچرز بنا رہے تھے۔۔ سب گھر والوں کو دیکھتے ہی چاروں دانت دکھا کر مسکرانے لگے تو سب نے انہیں گھورا۔۔۔ عیشی نے ہاتھ میں پکڑا پاااا والا باجا رشی کے کان کے پاس بجایا جس سے وہ بچاری گرتے گرتے بچی اور غصے سے اسکے ہاتھ سے باجا کھینچ لیا۔۔ عیشی لیتی رہی مگر واپس نا ملا۔۔ سب نے انکی بے عزتی کی اور آہستہ آہستہ نیچے چلے گئے۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

کہا تھا نا ابھی مت بجانا اب میں نہیں دوں گی"۔۔"

سب کے جاتے ہی عیشی مشی کا باجا اٹھانے لگی تو وہ آنکھیں دکھا کے بولی اور نیچے چلی گئ۔۔ اسکے پیچھے ہی ضرار نازلی بھی چلے گئے تو عیشی بھی اگلا پلان سوچے نیچے چلی گئ تھی۔۔ اسے ایک بار پھر ہمدان ہی یاد آیا تھا۔۔وہی تھا جو اسکی مدد کر سکتا تھا۔۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

کیا آپ فری ہیں؟"۔۔"

ہمدان جیسے ہی بک شلیف سے ایک بک اٹھا کے واپس مڑا عیشی کو پیچھے کھڑا دیکھ کے حیران ہوا۔۔کیونکہ کتنے ہی دنوں سے عیشی اس سے بات نہیں کر رہی تھی۔۔ اور آج خود بات کرنے آئی ۔۔وہ بھی اتنے میٹھے لہجے میں ۔۔

آ ہاں ہاں عیشی میں فری ہوں آو بیٹھو "۔۔"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

اپنی حیرت چھپاتے وہ مسکرا کے بولا پھر بک واپس رکھ کے عیشی کو پاس صوفے پہ بیٹھنے کا اشارہ کرتے ہوئے بولا۔۔اور خود بھی صوفے کے ساتھ پڑھے میز کے کونے پہ بیٹھ گیا۔۔

کیا بات ہے عیشی کچھ کہنا ہے کیا؟ "--"

عیشی جب خاموشی سے بیٹھ گئی--تو کچھ دیر ہمدان نے اسکے بولنے کا انتظار کیا مگر جب وہ نا بولی تو خود ہی پوچھ لیا--

جی دانی بھا-- میرا مطلب آ"--"

عیشی کو کچھ سمجھ نا آیا کہ کیا بولے-- پہلی دفعہ اپنے نام پہ عیشی کو ایسے اٹکتے دیکھ کے ہمدان مسکرانے لگا--

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

کوئی بات نہیں ہو جاتا ہے۔۔آخر بچپن سے ایسے بول رہی ہو۔۔خیر چھوڑو اسکو" تم بات بتاو کیا بات کرنی ہے؟"۔۔

اسکو مسلسل انگلیاں مڑوڑتے دیکھ کے ہمدان نے اسے ریلیکس کیا اور ازلی نرم لہجے میں بولا۔۔

اسکے ایسے بولنے سے عیشی کو کچھ حوصلہ ملا۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

مجھے آپ سے ایک چیز مانگنی تھی کیا آپ لا کر دیں گے مجھے؟"۔۔"

عیشی معصوم شکل بنا کے بہت آس سے بولی-- اسکا ایسے کہنا ہمدان کی دھڑکن بڑھا گیا-- وہ اسے نا کہہ سکا کہ عیشی کی چھوٹی سے چھوٹی خواہش وہ پوری کرنا اپنا فرض سمجھتا ہے-- اگر وہ جان بھی مانگے تو ہمدان ہنس کے دے دے گا--

"کیا پہلے کبھی ایسا ہوا کہ میں نے تمہاری خواہش نا پوری کی ہو--- ہمارا رشتہ ضرور بدلہ ہے--مگر اس سے تمہارا مقام مزید بڑھ گیا ہے میرے دل میں"--

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

ہمدان جذب کے عالم میں بولا-- تو عیشی نے سر جھکا کے لب کاٹتے ہنسی روکی--جبکہ ہمدان سمجھا اسکی آفت شرما گئی ہے--

مطلب میں کچھ بھی مانگو آپ لا دیں گے"۔۔"

عیشی نے دوبارا سوال کیا۔۔۔ ہمدان سے آج کوئ خوشی کا مطلب پوچھتا تو وہ بے اختیار کہہ اٹھتا۔۔ اس ظالم آفت کے منہ سے آپ سننا۔۔۔ جیسے وہ بات کر رہی تھی ہمدان کو لگا وہ کوئ ناممکن چیز بھی مانگے گی تو وہ لا دے گا۔۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"تم مانگو تو"۔۔"

عیشی مسلسل ہمدان کا صبر آزما رہی تھی ۔۔

وہ نا دانی بھا۔۔۔ وہ میرا مطلب کہ۔۔ آپ نا مجھے ایک چیز لا دیں۔۔ میں آپکے "سوا کسی سے نہیں مانگ سکتی"

عیشی کی ایسی تقریر پر ہمدان کا دل بلیوں اچھل پڑھا۔۔۔

"تم کہہ کہ تو دیکھو عیشی"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

ہمدان تھوڑا اسکے سامنے جھکا اور اسکے دونوں ہاتھ اپنے ہاتھوں میں لے کے جذب کے عالم میں بولا۔۔

"وہ وہ نا"

عیشی قدرے شرماتی ہوئ بولی۔۔تو ہمدان کا رواں رواں کان بن گئے۔۔کہ یہاں عیشی خواہش کرے وہاں وہ پوری کردے۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

ہاں بولو"۔۔"

ہمدان اسے حوصلہ دیتے ہوئے بولا۔۔ جبکہ اسکا دل فل سپیڈ سے دھڑک رہا تھا۔۔

مجھے نا یوم آزادی کے لیئے باجا چاہیئے۔۔"

میرا باجا چھوٹی بہن نے لے لیا۔۔اور کوئ مجھے بازار سے لا کے دینے کے لیئے تیار

"نہیں ---- مجھے بھی باجا چاہیئے۔۔ پاں پاااااااں والا۔

عیشی کی بات پوری ہوئ تو ہمدان کا دل کیا اپنا سر دیوار میں مار لے--- اسنے سوچ بھی کیسے لیا عیشی بدل سکتی ہے۔۔ سارے خوبصورت ماحول کا ستیاناس ہو گیا--- ہمدان سنجیدگی سے عیشی کا منہ دیکھ رہا تھا جبکہ عیشی بہت امید سے اسے دیکھ رہی تھی۔۔ اس وقت ہمدان کے دل کی حالت وہ ہی جانتا تھا---

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

دن یونہی گزرتے گئے ہمدان کے رویے نے بالآخر عیشی کا دل پگلا ہی دیا تھا۔۔ سب کی زندگی اپنے معمول کے ڈگر پہ چل پڑھی سوائے نازلی اور امان کے جو ابھی تک بس لڑنے جھگڑنے میں مصروف تھے۔۔ اب امان اپنے کمرے کی لڑائ گھر والوں تک نا لاتا۔۔اسے یہی لگتا تھا یہ ساری لڑائیاں اس تک اور نازلی تک محدود ہیں مگر وہ اس بات سے بے خبر تھا کہ اسکے پیچھے ماسٹر مائنڈ کوئ اور ہے۔۔ مشی اور ضرار بھی وقتاً فوقتاً ایک دوسرے پہ طنز کے تیر چلاتے ہی رہتے تھے جسے سپیشلی عیشی بہت انجوائے کرتی اور وہ چاہتی تھی ہمدان بھی ضرار کی طرح اس سے لڑے اور کبھی کبھی خود ہی وجہ ڈھونڈ کے ہمدان سے لڑتی مگر وہ ہر بار لڑائ ختم کرنے کی کوشش کرتا اور بجائے ضرار کی طرح لڑنے کے اسکو منا لیتا تو عیشی چڑ جاتی۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

اب نکاح کو کافی وقت ہوگیا تھا اور سب کے نارمل رویے دیکھ کے گھر والوں نے رخصتی کی تاریخ طے کردی تھی۔۔ ایک ہفتہ بعد عیشی مشی کی رخصتی کے ساتھ امان اور نازلی کا ولیمہ بھی تھا۔۔ گھر میں زوروشور سے شادی کی تیاریاں شروع تھی۔ اور نازلی امان کو صاف صاف کہہ دیا گیا تھا کہ اپنے ولیمے کی شاپنگ خود دونوں جا کے کرو۔۔ سپیشلی نازلی کے ولیمے کا ڈریس ان دونوں نے خود لینا تھا۔۔ نازلی نے بہت احتجاج کیا مگر کوئ فائدہ نا ہوا۔۔ سب اسکے احتجاج کو اگنور کر گئے تو بچاری خاموش ہوگئ۔۔ آج اسے امان کے ساتھ شاپنگ پہ جانا تھا مگر وہ صبح سے کئ بہانے بنا چکی تھی۔۔ آخر کار عیشی مشی نے اسکو ایک پلان سمجھا کے بھیجا تو وہ خوشی خوشی شاپنگ پہ امان کے ساتھ چلی گئ۔۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

-------------------------

یہ والاپیک کردیں-- یہ بھی-- یہ--یہ---یہ-اور ہاں یہ بھی "--"

دو گھنٹے پورے مال میں ایسے ہی گھوما گھوما کے ذلیل کرنے کے بعد نازلی کو اپنی مطلوبہ شاپ ملی تو وہاں آتے ہی اسنے کافی مہنگے چھ سوٹ پسند کیئے اور کاوئنٹر پہ دے دیئے امان منہ کھولے اسے دیکھ رہا تھا وہ سوٹ کافی خوبصورت تھے مگت برائڈل سیکنڈ ڈے کے مناسبت سے ہلکے تھے-- اور اتنے مہنگے اور اتنے سارے سوٹ وہ بھی دو تین سوٹ ایک ہی ڈیزائن کے کلر الگ تھا مگر ڈیزائن ایک ہی تھا--

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

اگر تم مجھے چڑانا چاہتی ہو تو بالکل فضول طریقہ ڈھونڈا ہے تم نے-- یہ کوئی بھی" وجہ نہیں اتنے مہنگے اور اتنے سارے سوٹ لینے کی۔اور ہاں فنکشن ایک دن ہے تو سوٹ بھی ایک ہی ہوگا اور اسکے مطابق ہوگا"--

اتنے سارے پیک ڈریس دیکھ کے امان سنجیدگی سے بولا تو نازلی سکون سے اسکی طرف مڑی اور دونوں بازو سینے پہ باندھ کے اسے گھورنے لگی--

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

اور اگر تمہیں یہ غلط فہمی ہے تو اسے اپنے فضول +پھٹیچر دماغ سے نکال دو--" کیونکہ یہ رسم دنیا ہے ولیمے پہ سب گھر والوں کو بھی سوٹ گفٹ کیا جاتا ہے تو یہ رشی ہما زری آنی اور عیشی مشی اور منو آپی کے لیئے ہیں--ابھی ماما سارہ بھابھی

کے لیئے بھی لینا ہے۔۔اور عیشی مشی کی شادی کے تحفے بھی لینے ہیں۔۔ اسکے بعد میں اپنا ریسپشن ڈریس لوں گی اسکے ساتھ باقی چیزیں ۔۔ اگر تم میرا خرچا نہیں اٹھا سکتے تو بتا دو میں ماما کو کال کر دیتی ہوں وہ میرے پیسے بھجوا دے گی"

نازلی نے خوب وار کیا اسے پتا تھا ماما والی بات پہ امان عزت کا مسلہ بنا لے گا اور کبھی نہیں مانے گا۔۔ ہوا بھی وہی امان نے اسے پیسے منگوانے سے منع کر دیا اور خود بل پے کر کے اسکے پیچھے باہر نکلا۔۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

نازلی بھی اسکا خوب صبر آزما رہی تھی۔۔ سارہ اور بریرہ کے کپڑوں کے ساتھ اس نے ریا عارب عازب شازیب احرار صاحب ۔۔ خازق۔۔اپنے پاپا۔۔ہمدان۔۔ ضرار حنان یہاں تک کے بچوں کے کپڑے بھی لے لیئے۔۔

اسکے بعد بچوں کے لیئے کھلونے لیئے۔۔امان بس دانت پیس کے رہ گیا۔۔ اسکے دو سال کی کمائی اسکی بیوی نے چند گھنٹوں میں اڑا دی۔۔ سب چیزیں گاڑی میں رکھوانے کے بعد اس نے اپنا ریسپشن کا ڈریس لیا جسکی مالیت ایک لاکھ تھی امان بچارہ تو بے ہوش ہونے کو تھا جبکہ اسکی ایسی حالت دیکھ کے نازلی دل ہی دل میں خوب مسکرا رہی تھی۔۔ اسکے بعد میچنگ کی جیولری اور سینڈل لینے کے بعد اسنے یہ سارا سامان بھی گاڑی میں رکھا اور دوبارہ مال کے اندھر اندھر چلی گئ۔۔امان بھی نڈھال سا اسکے پیچھے ایا۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"اب کیا بچوں کے پیمپر ڈیمپر بھی خرید نے ہیں؟؟"

امان چڑھ کے بولا تو نازلی نے ہنسی دبائی۔۔ وہ امان کو تنگ کر کے بہت خوش ہو رہی تھی۔۔ کیونکہ عیشی مشی نے اسے بتایا تھا کہ امان شاپنگ کے معاملے میں بہت کنجوس ہے۔۔

بس میری کچھ چیزیں رہ گئی ہیں۔اور تم کیا میری چیزیں گن رہے ہو۔اگر تم پیسے "نہیں دے سکتے تو میں ماما کو کہتی ہوں"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

نازلی بیگ سے موبائل نکالتے سنجیدگی سے بولی تو امان نے اس کے ہاتھ سے موبائل چھینا۔۔

میں نے کب انکار کیا۔دے تو رہا ہوں چلو"۔۔"

امان دانت پیس کے بولا تو نازلی نے ہنسی دبائ ۔۔۔اور کافی ٹائم گھومانے کے بعد۔ امان کی ساری جمع پونجی خرچ کرنے کے بعد بالآخر اسکی شاپنگ ختم ہوئ اور دونوں گھر کو روانہ ہوئے۔۔ بچارہ امان تو اکاونٹ خالی ہونے پہ غمزدہ تھا۔۔۔۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"یہ ریا آنی آپ کے لیئے ڈریس لیا۔۔ یہ رشی آنی آپ کا۔یہ زری آنی آپکا۔۔ یہ ہماہ آنی آپ کے لیئے۔۔اور یہ عیشی مشی آپکا اور منو آپی آپکا۔۔"

نازلی باری باری سبکو کپڑے پکڑاتی بولی تو سب نے ہنسی چھپاتے امان کو دیکھا جسکی شکل دیکھنے والی تھی۔۔ مردوں کو کپڑے دیتے ہوئے نازلی جیسے ہی فارغ ہوئ تو سب نے امان کو دیکھ کے زوردار قہقہہ لگایا۔۔

"نازلی بیٹا امان کو کچھ نہیں لے کے دیا؟"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

ریا مسکراتے ہوئے بولی تو نازلی نے انگلی دانتوں میں دبا کے امان کی طرف دیکھا جو اسے ہی دیکھ رہا تھا۔۔

"وہ میں بھول گئ"

نازلی معصومیت سے بولی تو سب نے دوبارہ قہقہہ لگایا۔۔

اہہ کوئی بات نہیں کل میں اور حانی جائیں گے شاپنگ کے لیئے تو امان "ہمارے ساتھ چل کے لے لے گا"۔۔

امان کو غصے میں دیکھ کے ہمدا ن بولا تو زری اسے دیکھ کے مسکرائی ۔اسکا بیٹا ہر مشکل میں سب سے آگے ہوتا تھا ہر ایک کی مدد کے لیئے۔۔

آج عیشی مشی کی رخصتی کا دن تھا شاہ ہاوس میں ہر طرف خوشیوں کا سماں تھا۔۔

عیشی مشی اور نازلی پارلر جاچکی تھی۔۔ واپسی پہ انہیں امان نے مارکی میں لانا تھا۔۔

عیشی میں یہ نہیں پہن رہی یہ بہت بھاری ہے"۔۔"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

مشی مالا کو دیکھ کے برے برے منہ بناتی بولی تو عیشی نے گھور کے اسے دیکھا۔۔

آج بھی دونوں کی ڈریسنگ میک اپ جیولری اور ہیئر سٹائل بالکل سیم تھا۔۔ کوئی دیکھتا تو بالکل پہچان نا پاتا کہ عیشی کون ہے اور مشی کون ہے۔

سلور کلر کی ترکش میکسی کے ساتھ برائڈل میک اپ اور شاہی مالا کے ساتھ ترکش کراون جس پہ سلور کلر کی جالی دار لڑئیاں لگی تھی--

عیشی کے ڈانٹنے پہ مشی نے مالا پہنی-- بیوٹیشنز نے دونوں کے کرلی بالوں کی لیٹیں کراون کے ساتھ سیٹ کی اور باقی بچے بالوں میں سلور کلر کے موتی سجا کے دائیں کندھے سے آگے کر دیئے -- ہاتھوں پہ مہندی اور پھولوں کے گجھرے پہنا کے بیوٹیشنز ہٹی تو عیشی مشی نے سلور کلر کی ہیلز پہنی-- جب مکمل تیار ہو کے پیچھے مڑی تو نازلی ان دونوں کو پہچان نا پائی کہ کون عیشی ہے اور کون مشی --

نازلی بھی بے بی پنک کلر کی ترکش میکسی میں ویسا کی ترکش کراون اور مالا پہنے بہت خوبصورت لگ رہی تھی-- ۔مگر اسکا ہیئر سٹائل مختلف تھا-- بالوں کو سٹریٹ

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

کر کے درمیان سے مانگ نکالے دونوں سائیڈ سے بال آگے کی طرف تھے جن پہ کراون کی جالی دار لڑئیاں لٹک رہی تھی۔۔

کچھ دیر بعد امان آگیا جب تینوں تیار ہو کے باہر آئ تو امان نے عیشی مشی کے سر پہ ہاتھ پھیرا۔۔ مگر جب نظر ناراض سی نازلی پہ گئ تو اس نے مسکراہٹ چھپائ۔۔ وہ بالکل گڑیا لگ رہی تھی۔۔ عیشی مشی کے بار بار کہنے پہ نازلی ناراض ہو کے آگے بیٹھ گئ۔۔ امان تینوں کو مارکی لایا جہاں فنکشن شروع تھا۔۔ تینوں کے آتے ہی فل پروٹوکول میں انہیں سٹیج تک لایا گیا۔۔اور فوٹو شوٹ شروع ہوا۔۔ ہر نظر ان سے ہٹ نہیں رہی تھی۔۔ ہر کوئ ما شاہ اللہ کہتا اور تینوں جوڑیوں کو ہمیشہ خوش رہنے کی دعا دیتا۔۔

visit for more novels
www.urdunovelbank.com

مشی چلو کوئی شرارت کرتے ہیں"۔"

کافی دیر سکون سے بیٹھنے کے بعد عیشی مشی کے کان میں سرگوشی کرنے والے انداز میں بولی تو مشی نے حیرانی سے اسے دیکھا جسے آج بھی آرام نہیں تھا۔۔

وہ دیکھو ذرہ "۔۔"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

عیشی دور دروازے کے باہر اشارہ کرتے ہوئے بولی تو مشی نے بھی اس جانب دیکھا۔۔ جہاں پاپڑی والا کھڑا تھا۔۔۔مارکی کی سائیڈ والی کھڑکی سے باہر کا منظر صاف

نظر آرہا تھا۔۔ مشی کے کوئی جواب دینے سے پہلے ہی عیشی نے اسکا ہاتھ پکڑا اور سٹیج سے نیچے لے آئ ۔۔ ہر کوئی مڑ کے ان نمونیوں کو دیکھ رہا تھا۔۔

کہاں جا رہی ہو تم دونوں"۔۔"

رشی انکو سٹیج سے اترتا دیکھ کے اسکے پاس آئ اور آہستہ آواز میں دانت پیس کے بولی تو عیشی نے رشی کو مسکرا کے دیکھا اور مشی کا ہاتھ پکڑے باہر بھاگی۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"ہاہاہا یہ تمھاری ہی اولاد ہے بیٹا اپنی بارات بھول گئ کیا"

ریا رشی کے پاس آتی مسکرا کے بولی تو رشی نے بے بسی سے اسے دیکھا۔۔

بھائی ہمارے لیئے بھی دو تیار کرو۔۔ مصالحہ اور لیمو تیز لگانا"۔۔"

عیشی پاس آتی بولی تو پاس کھڑے بچوں اور پاپڑی والے نے انہیں ایسے دیکھا جیسے کوئی اور مخلوق آگئی ہو۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

تم لوگ یہاں کیا کر رہی ہو"۔۔"

عیشی مشی کو باہر دیکھ کے امان انکے پاس آیا اور سنجیدگی سے بولا۔۔

"ہم یہ لے رہی ہیں"۔۔"

دنیا بھر کی معصومیت چہرے پہ سجھائے جب عیشی بولی تو امان نے سر پکڑا۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"تم چلو اندھر"

امان دونوں کو واپس موڑتا بولا تو عیشی نے منہ بنا کے اسے دیکھا۔۔

تو پھر آپ ہمیں یہ لے کے دیں"۔۔"

وہی کھڑی ہوتی عیشی بولی تو غصے کا گھونٹ بھرتے امان نے خامی بھری۔۔

میرے لیئے دو لینے ہیں اگر نا لائے تو میں پھر آ جاوں گی"۔۔"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

عیشی انگلی دکھا کے وارن کرتی بولی تو امان نے آنکھیں سکیڑ کے اپنی چھوٹی پٹاخہ بہن کو دیکھا اور ہاں میں سر ہلایا تو عیشی مشی منو کے ساتھ برائڈل روم میں چلی گئ۔ پاپڑ پہ تیز مصالحہ ڈلے مان نے انکو لا کے دیئے۔۔ جسے سی سی کرتے انہوں

نے کھایا۔ انکھوں میں پانی آگیا مگر پرواہ کسے تھی۔۔ کچھ دیر بعد کھانا کھلا۔۔ اور اسکے بعد سبکی دعاوں میں دونوں رخصت ہوئ۔۔

مجھے آئسکریم کھانے جانا ہے"۔۔"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

سب مہمانوں کو الوداع کرکے امان جب تھکا ہارا کمرے میں آیا تو نازلی لان کے ایک آرام دہ سوٹ میں ملبوس پاوں کا مساج کر رہی تھی۔۔ میک اپ دھل چکا۔۔ پیلے رنگ کی شارٹ لان کی شرٹ کے ساتھ سیفد رنگ کی کیپری پہنے۔۔ سیدھے

بالوں کو رف سا جوڑا بنائے۔۔ وہ بالکل پرسکون لگ رہی تھی۔۔ سفید ہی شفون کا ڈوپٹہ بیڈ پہ پڑھا تھا۔۔ جب امان صوفے پہ بیٹھا شوز اتارنے لگا ۔۔تو نازلی نے مساج کریم سائیڈ ٹیبل پہ رکھی دوپٹہ گلے میں لٹکائے۔۔ سینڈل پہن کے امان کے سامنے کھڑی ہوتی دونوں ہاتھ سینے پہ باندھ کے بولی تو امان نے حیرت سے اسے دیکھا تھا جسکا ابھی کچھ دیر پہلے ولیمہ ہوا تھا۔۔

ایسے کیا دیکھ رہے ہو نہیں لے کے جانا تو بتا دو میں خود چلی جاتی ہوں"۔۔"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

نازلی اپنا پاوچ اٹھاتی بولی تو امان نے دانت پیسے اور اٹھ کے باہر جاتے اسے چلنے کا کہا۔۔ نازلی بھی ہنسی دبائے اسکے پیچھے چل پڑھی ۔۔ امان کے ساتھ اتنا وقت

گزارنے کے بعد اب اسکے دل میں امان کے لیئے نا نفرت تھی نا غصہ بس اسے تنگ کرنے میں مزہ آتا تھا اسے۔۔

ہم بائیک پہ جائیں گے"۔۔"

امان کو گاڑی کی طرف بڑھتا دیکھ کے نازلی بچوں کی طرح پاوں پٹخ کے بولی۔۔

تمھارا دماغ ٹھکانے پہ ہے یا کہی گرا وراآئ ہو"۔۔"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

امان چڑھ کے بولا تو نازلی نے منہ بنا کے اسے دیکھا۔۔

پلیززز چلو نا آج بائیک پہ چلتے ہیں مزہ آئے گا۔ خوب انجوائے کریں گے پلیززز"۔۔"

نازلی امان کا بازو پکڑ کے بچوں کی طرح معصومیت سے بولی تو امان بس اسکا چہرہ دیکھتا رہ گیا۔اور چاہ کے بھی انکار نا کر سکا۔۔ جب اسنے بائیک گھر سے باہر نکالی اور سٹارٹ کی تو گلی سنسان پڑھی تھی۔۔ نازلی بھی لڑکوں کی طرح بائیک پہ بیٹھ گئ۔۔ امان نے بہت کہا اسے دوسری طرح بیٹھنے کا مگر وہ نا مانی تو امان نے ہار مانتے ہوئے بائیک آگے بڑائی ۔۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

ہمدان جب کمرے میں آیا تو عیشی کمرے میں نہیں تھی ۔۔اسکو تلاش کرتے اسنے ادھر ادھر دیکھا مگر ندارد ۔۔ واشروم کا بھی دروازہ کھلا تھا۔ جب اسے یقین ہوگیا کہ عیشی کمرے میں نہیں ہے تو دونوں ہاتھوں میں ماتھا مسلتے وہ کمرے سے باہر نکلا جہاں لائٹس آف تھی۔۔

Visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

ہر چیز کو ٹٹولتا وہ عیشی مشی کے مشترکہ کمرے کی طرف بڑھا کیونکہ اسے پتا تھا عیشی وہی ہوگی۔۔

آہہہ"۔۔"

کچھ قدم آگے بڑھتے ہی اسکا کسی سے زوردار ٹکراو ہوا اور مقابل نے چیخ ماری تو ہمدان نے فوراً اسکے منہ پے ہاتھ رکھا۔۔

تم یہاں کیا کر رہے ہو؟"--"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

مدھم روشنی میں ضرار کو دیکھ کے ہمدان آہستہ آواز میں بولا --

وہی جو آپ کر رہے ہیں "--"

ضرار دانت دکھا کے بولا تو ہمدان نے سر کھجایا۔۔ یعنی اسکی بھی بیوی غائب تھی۔۔

دونوں جیسے ہی انکے کمرے کے پاس پہنچے اور دروازہ کھول کے اندھر داخل ہوئے تو سامنے ہی دونوں مہارانیاں صوفے پہ بیٹھی ۔۔ سموسہ چاٹ کے ساتھ انصاف کر رہی تھیں۔۔ سامنے ہی بریانی کی آدھ کھائی پلیٹ پڑھی تھی اور کولڈ رنک کی آدھی آدھی کین بھی پڑھی تھی ۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

دونوں کو سامنے دیکھ کے ہمدان اور ضرار نے سینے پہ بازو باندھے اور انہیں دیکھنے لگے۔۔تو نوالا چباتے معصوم شکل بنا کے دونوں کھڑی ہوگئ۔۔

انکو پہچانے گے کیسے"۔۔"

آج دونوں میں کوئی بھی فرق نا دیکھ کے ہمدان کنفیوز سا آہستہ سے بولا تو ضرار نے چٹکی بجا کے کہا ایسے--

"دیکھا میں نے کہا تھا نا یہ نہیں پہچان سکیں گے اب آئے گا مزہ"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

عیشی مشی کے کان میں بولی اور انکھ دبائ--

مشی موٹی کہی کی کم ٹھوسا کرو کھا کھا کے آنٹی لگ رہی ہو-- آج بھی سب کہہ رہے تھے معصوم سے بچے کی شادی اتنی بڑھی عورت سے کردی"--

ضرار منہ بنا کے موبائل میں دیکھتے ہوئے بولا تو مشی نے آنکھیں پھاڑے اپنا جائزہ لیا جسکا وزن بمشکل 43 کلو تھا اور اسکا شوہر اسے آنٹی کہہ رہا تھا۔۔

"موٹے ضرار کھڑوس سڑو۔۔ خود ہوگے انکل۔۔ کالے سانڈ۔۔ خبرّدار جو مجھے موٹی بولا تو۔۔ تمہارا قیمہ بنا دوگی۔۔ کل خبروں میں آئے گا ایک بہادر معصوم لڑکی نے ایک دہشتگرد کو مار دیا"۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

مشی کی زبان کو تالا ہمدان اور ضرار کے قہقہے پہ لگا جب اس نے مڑ کے عیشی کو دیکھ جو خون خوار نظروں سے اسے دیکھ رہی تھی۔۔

وہ میڑے منہ سے نکل گیا"۔۔"

مشی منہ بنا کے بولی تو عیشی ویسے ہی کھڑی رہی۔۔سارے پلان پہ مشی کے ڑ نے پانی پھیر دیا تھا۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

" دیکھا۔ بھائی میں نے کہا تھا نا میں پہچان لوں گا۔۔"

ضرار کالر اکڑا کے بولا تو ہمدان نے اسے داد دی اور عیشی کو لے گیا۔۔ جب مشی نے کشن سے ضرار پہ حملہ کیا جو ہر کشن کیچ کر کے قہقہہ لگاتا اور مشی کو زبان چڑاتا جو مزید تپ جاتی اور کشن اٹھا کے ۔مارتی۔۔

سارے کشن ختم ہونے پہ ضرار نے اسے سوری کیا اور اسے لے کے کمرے میں آگیا۔۔ مشی ابھی بھی اس سے۔ ناراض تھی۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

یہ سب ایسے کیوں دیکھ رہے ہیں جیسے ہم ڈیٹ پہ آئے ہو"۔۔"

مہندی لگے ہاتھوں سے آئسکریم کھاتے نازلی تجسس سے بولی۔۔ رات کے اس وقت رش بہت کم تھا۔۔لوگوں میں زیادہ مرد ہی نظر آرہے تھے۔۔جو پاس سے گزرتے عجیب نظروں سے ان دونوں کو دیکھتے تو آئسکریم پالر میں باہر گھاس پہ ٹانگیں لمبی کیئے بیٹھے آئسکریم کھا رہے تھے۔۔ امان کو شروع میں غصہ تو بہت آیا مگر نازلی کے ساتھ گھومتے اسے اچھا لگ رہا تھا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

ہاں ابھی یہاں تمھارے دو چار بھائی نکل آئیں گے اور بولے گے ہماری بہن کو" چھیڑ رہا تھا"۔۔

امان بھی مسکراتے ہوئے بولا تو نازلی نے قہقہہ لگایا۔

بہت مزہ آئے میں۔ بھی کہہ دوں میں تو اسے جانتی ہی نہیں ایویں میرے پیچھے "پڑھا ہے"

نازلی مزے سے آئسکریم کھاتے ہوئے بولی تو امان نے صدمے سے اسے دیکھا۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

ظالم عورت شرم نہیں آئے گی شوہر کو مرواتے ہوئے"۔۔"

امان معصومیت سے بولا تو نازلی نے نفی میں سر ہلایا۔۔اور ساتھ ہی قہقہہ لگایا۔۔

یونہی ہنستے اور امان کو تنگ کرتے اس نے آئسکریم ختم کی اور پیسے دے کے

دونوں پارکنگ میں آئے۔۔ تب ہی تین لڑکے وہاں آگئے جو دکھنے میں دبلے پتلے تھے۔۔انکے ہاتھ میں پستول تھا جو انہوں نے امان کے سر پہ رکھا تو نازلی گھبرا گئی۔۔ مگر ایسی صورتحال میں اسے خود کے ڈر پے قابو پانا اچھے سے آتا تھا۔۔

جو کچھ ہے جلدی نکالو"۔۔"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

ایک لڑکا ہاتھ آگے کرکے ڈرانے والے انداز میں بولا۔۔

ہی ہی ہی ہی"۔۔"

نازلی دانت نکالنے لگی تو اتنی سیریس سیچویشن میں بھی اسکو سیریس نا ہوتا دیکھ کے امان نے آنکھیں بند کر کے گہرا سانس لیا۔۔

"یہ کیا کر رہی ہو"۔۔"

وہی لڑکا غصے سے بولا۔۔

نظر نہیں آرہا دانت نکال رہی ہوں۔۔ خود ہی کہا ہے جو ہے نکال دو ہی ہی ہی"۔۔

visit for more novels: www.urdunovelbank.com

بات ختم کرتے نازلی دوبارہ ہنسی تو اسکی عجیب منطق پہ امان نے ہنسی دبائی --

یہ ایسے نہیں مانے گے "--"

تینوں لڑکے سامنے کھڑے ہوکے بازو فولڈ کرتے بولے تو امان نے مڑ کے حیرت سے ساتھ کھڑی لڑکی کو دیکھا جو دوپٹہ کمر پہ باندھ کے بازو فولڈ کر چکی تھی--

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

ایسے کیا دیکھ رہے ہو شاید تم بھول گئے میں ایک فائٹر ہوں اور ان تینوں ماچس کی تیلیوں کو اکیلے ہی سبق سکھا سکتی ہوں"--

نازلی آنکھیں گھوما کے بولی تو امان مسکرایا۔۔ تب ہی دونوں طرف سے زبردست لڑائی شروع ہوئی۔۔ جب نازلی امان کا بازو پکڑ کے گھومی اور دونوں پاوں سامنے کھڑے لڑکے کے منہ پہ مارے۔۔ کچھ ہی دیر بعد وہ تینوں ہائے ہائے کرتے بھاگ گئے تو نازلی نے ہاتھ جھاڑ کے گردن اکڑائے امان کو دیکھا جیسے کہہ رہی ہو دیکھا۔۔

اسکے بعد نازلی امان کو زبردستی پارک لے گئ۔۔اور پتھروں سے۔ بنی اونچی جگہ پہ بیٹھ گئ۔ امان بھی اسکے ساتھ بیٹھ گیا۔ یونہی رات گزر گئ۔۔اور دونوں نے یہاں سے سن سیٹ کا خوبصورت منظر دیکھا۔۔ اسکے بعد دونوں تھکے ہارے گھر آئے جہاں سب سو رہے تھے وہ دونوں بھی اپنے کمرے میں چلے گئے۔۔ ان دونوں کے درمیاں جو آخری غصے کی دیوار کھڑی تھی نازلی نے اسے بھی آج گرا دیا۔۔ امان نے اسے خوبصورت سا بریسلیٹ گفٹ کیا اور سوری بھی کیا ایسے اچانک رخصتی کی اور اسے اتنا تنگ کرنے کی۔۔۔

visit for more novels www.urdunovelbank.com

پانچ سال بعد---

"آہہ رومی وہی رکو رکو ابھی بتاتی ہوں"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

عیشی اپنے چھ ماہ کے بیٹے شامان کو جب نہلا کر باہر آئ اسکی چار سالہ بیٹی رومی جسے اسنے ابھی صاف کپڑے پہنا کے ہمدان کے حوالے کیا تھا باپ کو موبائل میں بزی دیکھ کے باہر نکل گئ--اور باہر سے بلی کے بچے کو دم سے پکڑے

کپڑے گندے کیئے اسے گھسیٹتے ہوئے کمرے میں لا رہی تھی جب عیشی روتی شکل بنا کے چیخ کے بولی-- اور ٹاول میں لپٹے بچے کو بیڈ پہ ڈالتے اسکی طرف بھاگ جو موٹی موٹی آنکھیں ٹمٹماتے ماں کو دیکھ رہی تھی-- تب ہی بیڈ پے بیٹھا ہمدان عیشی سے پہلے رومی تک پہنچا اور اسے اٹھا کے باہر بھاگا اسے پتا تھا عیشی رومی کو اب چھوڑنے والی نہیں تھی-- ہمدان نے جیسے ہی رومی کو اٹھایا تو بلی کا بچہ اپنی جان بخشی پہ باہر بھاگا-- اسکے پنجے مٹی سے گندے تھے جہاں جہاں سے گزرا پنجوں کے نشان چھوڑ گیا-- عیشی نے سر پکڑ کے گندے فرش کو دیکھا پھر ہمدان اور رومی کو جو رشی کے کمرے میں پہنچ چکے تھے-- اور رومی کو آٹھانے کی وجہ سے ہمدان کے کپڑے بھی گندے ہو چکے تھے--

"تو پھر کیسا لگتا ہے اپنی جیسی بیٹی دیکھ کے"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

تب ہی عیشی کے پاس ضرار آیا اور مسکرا کے بولا تو عیشی نے صوفے پہ پڑھا کشن اٹھا کے اسے مارا جو اسنے ہنستے ہوئے کیچ کیا اور دوبارہ عیشی کی طرف پھینکا جو سیدھا اسکے ناک پہ لگا۔۔ اور تب ہی ضرار ہنستے ہوئے کمرے میں بھاگ گیا اور عیشی اپنی ناک دباتے اسے گھورنے لگی۔۔جب شامان کے رونے کی آواز نے اسے اپنی طرف متوجہ کیا تو وہ روتی شکل بنا کے اندھر کی طرف بھاگی۔۔ دونوں بچوں نے اسے رنگ کر کے رکھ دیا تھا ایک کا رونا ختم نہیں ہوتا تھا تو دوسرے کے الٹے کام---

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"ماما آپ جیادا )زیادہ (لائق تھی یا پاپا؟"

مشی اپنے چار سالہ بیٹے شایان کو ہوم ورک کرا رہی تھی جب وہ منہ میں پینسل دے کے بولا۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

آپ کی ماما لائق تھی"۔۔"

ہاں پاپا تو سکول کے باہر پتیسہ بیچتے تھے نا"۔۔"

مشی اسکی چھوٹی سی ناک دبا کے بولی جب کمرے میں داخل ہوتا ضرار چڑھ کے بولا۔۔

ہاں بالکل وہ تو کامیابی میرے قدم چومتی تھی ورنہ تم تو جل جل کے کالے ہوگئے"۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

مشی نے دوبدو جواب دیا۔۔

"یہ کامیابی قدم کیسے چومتی ہے پاپا؟"

شایان کا اگلا سوال تیار تھا۔۔

آپکے پاپا کے تو کبھی کامیابی نے قدم ہی میں چومے انہیں کیا پتا کیسے چومتی" ہے"۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

مشی ضرار کو چڑھاتے ہوئے بولی۔۔

ہین تیو (کیوں ) نہیں چومے؟"۔"

شایان نے دوبارہ سوال کیا تو ضرار مسکرانے لگا کہ اب مشی پھنس چکی ہے مگر مشی کے جواب پہ اسکا منہ کھل گیا۔۔

کیونکہ جب کامیابی آپکے پاپا کے قدم چومنے آتی تو آپکے پاپا کے پاوں کی بو سے "بے ہوش ہو جاتی"۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

مشی برا سا منہ بنا کے بولی تو شایان بھی چھوٹے سے ہاتھ سے ناک دباتے برا سا منہ بنا کے ضرار کو دیکھنے لگا۔۔

"کس چیز کی بو آتی ہے ماما؟"

"جلنے کی"

ہاں جب تمھاری ماں جرابوں کو جرابیں بول کے مجھے پکڑائے گی تو وہ تو غصے سے "جلے بھنے ہی گی نا"

ضرار نے بھی ویسے ہی جواب دیا تو مشی نے اسے گھورا جو ہمیشہ بیٹے کے سامنے اسکا مذاق بناتا تھا۔۔ مگر چپ رہنے میں ہی آفیت جانی

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

اردو ناول اور سٹوریز کی سب سے بڑی ویب سائٹ
www.urdunovelbank.com




Urdu Novel Bank website
جہاں ملے آپ کو نئے اور اچھے معیاری ناول تمام کیٹگری میں۔۔۔

گوگل پر ٹائپ کریں
Urdu Novel Bank
اور ویب سائٹ سے ڈاؤنلوڈ کریں ہزاروں مکمل ناول مفت میں

ارے بیٹا ہمدان کہاں ہے؟"۔۔"

رات آٹھ بجے جب سب ٹی وی کے سامنے اکھٹے ہوئے تو زری نے عیشی سے پوچھا۔۔ کیونکہ ابھی کچھ دیر میں ضرار کا لائیو شو آنے والا تھا جس میں اس نے امان اور حنان کے ساتھ شو کرنا تھا کرکٹ کے بارے میں۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

وہ کسی ضروری کام سے گئے ہیں"۔۔"

عیشی نے مسکرا کے جواب دیا پھر شامان کو زری کی گود میں بٹھاتے خود مشی اور نازلی کے ساتھ آکے کارپٹ پہ بیٹھ گئی جہاں نازلی اپنے تین سالہ بیٹے شاویز کو کھانا

کھلانے کے ساتھ ساتھ شو دیکھ رہی تھی۔۔ عیشی کی بیٹی رومی اور مشی کا بیٹا

شایان ٹی وی کے سامنے کشن رکھ کے بیٹھے لڑ رہے تھے۔۔

السلام علیکم ناظرین آپ دیکھ رہے ہیں اپنا پسندیدہ شو ہنسی خوشی وید ضرار شاہ"

۔۔ اور افکارس میں ہوں آپکا کیوٹ ۔۔ معصوم۔۔ شریف ہینڈسم ہوسٹ ضرار شاہ۔۔

"اللہ حاسدوں کی نظروں سے بچائے

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

ہاہاہاہا یہ نہیں سدھرے گا"۔۔"

ضرار اپنی فنی نیچر میں شروع تھا جب ریا ہنستے ہوئے بولی تو باقی سب بھی ہنسنے لگے۔۔۔

جی تو آج میں آپ کو ملوانے جا رہا ہوں شاہ فیملی کے دو ایسے ستاروں سے "جنہیں لگ چکا ہے گرہن۔۔"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

ضرار آنکھ دباتے ہوئے بولا تو امان نے ٹیبل کے نیچے سے اسکے پاوں پہ اپنا پاوں مارا تو وہ فوراً اپنی سیدھی ٹیون میں آیا اور شرافت سے دونوں کا تعارف کرایا۔۔ مگر ساتھ ساتھ اسکے لطیفے جاری تھے۔۔یہی وجہ تھی اسکا شو ہمیشہ ہائی ریٹنگ پہ رہا۔۔

جی تو شو آگے بڑھانے سے پہلے آپکو دیتے ہیں ایک بہت اہم خبر۔۔ جی تو" ناظرین۔۔ ہماری پاک فوج نے اسلام آباد میں دہشتگردوں کی ایک بڑھی کوشش ناکام بنا دی۔۔جو بھاری مقدار میں اصلحہ اور بارود شہر میں لا رہے تھے جو شہر میں مختلف مقامات کو تباہ کرنے کے لیئے استعمال ہونا تھا۔۔ مگر پاک فوج ہی بروقت کاروائی نے انکے دانت کھٹے کر دیئے اس آپریش میں تمام دہشتگرد موقع پہ ہی جان بحق ہو گئے۔۔ مگر افسوس کی خبر آپکو دیتے چلے اس کاروائی میں دو فوجی جوان شہید ہوگئے اور تین شدید زخمی۔۔ شہید ہونے والوں کے نام زاہد اور افتخار تھے۔۔ جبکہ زخمی ہونے والوں میں دانیال ۔۔ ریان اور ایک فوجی افسر میجر ہمدان شاہ"۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

ہمدان کا نام لیتے ہی جیسے ہر طرف سکتہ طاری ہوگیا۔۔ضرار کا رنگ پل میں بدلا اسنے پھٹی پھٹی آنکھوں سے سامنے امان اور حنان کو دیکھا انکی حالت بھی مختلف نا تھی۔۔

دانی بھائی"۔۔"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

وہ تینوں یک آواز بولے اور سب وہی چھوڑ کے باہر بھاگے سب حیرانی سے انہیں دیکھ رہے تھے۔۔ جو لائیو شو چھوڑ کے پاگلوں کی طرح باہر کو بھاگ گئے۔۔۔

دانی"۔۔"

شاہ ہاوس کے مقینوں پہ بھی یہ خبر کسی بمپ کی طرح گری۔۔ عیشی سرگوشی کی سی آواز میں بولی جبکہ باہر گاڑیوں کی آوازیں۔۔ سب کی دعاوں کو رونے کی آوازیں اسکے کانوں میں گھونج رہی تھی۔۔ نازلی اور مشی بچوں کے پاس رہ گئ تھی منو اور احرار صاحب بھی گھر ہی تھے جبکہ باقی سب ہسپتال پہنچ گئے۔۔ عیشی ابھی تک سکتے میں تھی جیسے یہ سب خواب ہو۔۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

امان حنان اور ضرار ہسپتال پہنچ چکے تھے۔۔ ہر طرف خبر جنگل کی آگ کی طرح پھیل گئ۔۔ کبھی ایک فون کر کے پوچھ رہا تھا تو کوئ ہسپتال کا ایڈریس پوچھ رہا تھا۔۔ سب سرخ آنکھوں سے ایمرجنسی کے دروازے کو دیکھ رہے تھے۔۔ موبائل کی رنگ ٹیون تو کبھی نرس کی جلدی آمد کبھی دوائ مانگی جاتی تو کبھی خون۔۔ کبھی سائن کرائے جاتے تو کبھی بلڈ گروپ میچ نا ہونے کی ٹینشن میں ادھر ادھر بھاگ

دوڑ۔۔جبکہ عیشی اس سب سے بے خبر ایمرجنسی کے دروازے کو گھور رہی تھی۔۔ ہمدان کی ایک ایک یاد اسکے ذہن کے پردے میں اتر رہی تھی۔۔ کبھی وہ ہنستا ہوا اسے رشی سے بچاتا تو کبھی وہی ہنسی سجھائے رومی کو اس سے بچاتا۔۔۔

عیشی میں ایک فوجی ہوں اور سب کی طرح میری خواہش بھی شہادت ہے۔۔ اگر کبھی وہ خوش قسمت مرحلہ آیا تو تم رونا مت خوش ہونا۔۔ کہ تم شہید کی بیوہ ہو"۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

رات کو چاند دیکھتے ہمدان کھوئے ہوئے انداز میں مسکراتے ہوئے بولا تو عیشی کے آنسو اسکی گود میں رکھے ہاتھوں پہ گرے۔۔

ارے پاگل روتی کیوں ہو تم تو بہت بہادر ہونا"--"

ہسپتال کے کوریڈور میں شور نے عیشی کو پرانی یادوں سے باہر کھینچا---

تو وہ دونوں ہاتھ چہرے پہ رکھ کے پھوٹ پھوٹ کے رونے لگی-- جب روتے ہوئے زری نے اسے گلے لگایا تو وہ ہچکیاں لیتی بولی--

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

آنی ----"

میں-------نہیں-------ہوں----بہادر-----میں----با-----لکل-----بھی ----بہادر-----نہیں----پ-------پلیز----آپ

"-----دانی-----کو بتائیں------اسکی ----- عیشی نہین----ہے بہادر۔

زری کے دوپٹے میں منہ چھپائے وہ بچوں کی طرح روتے ہوئے بولی تو زری کے آنسوؤں میں بھی روانی آگئ۔۔اور وہ اسے حوصلہ دینے لگی جب ایمرجنسی سے ڈاکٹر باہر آیا۔۔۔

ڈاکٹر صاحب کیسا ہے میرا بھائی"۔۔"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

ضرار نے آنسو صاف کرتے پوچھا تو ڈاکٹر نے اسکے کندھے میں ہاتھ رکھ کے سوری بولا۔۔۔

کوریڈور میں جیسے سبکو سانپ سونگھ گیا ہو۔۔۔ جیسے زندگی رک گئ ہو۔۔۔ سب سکتے میں اپنی اپنی جگہ برف کی طرح جم گئے۔۔۔ سب سے پہلے ہوش عیشی کو آیا جو اپنا دوپٹہ وہی چھوڑے اندھر کی طرف بھاگی اسکے پیچھے باقی سب بھی اندھر آئے۔۔ مگر دروازے میں ہی سب کے پاوں رک گئے۔۔ سامنے سفید چادر میں لپٹا وجود۔۔ ان سب کو مار گیا تھا۔۔۔ امان نے روتے ہوئے عیشی کو آگے بڑھنے کا کہا جب اسنے نفی میں سر ہلایا تو امان نے اسے گلے لگایا اور خود ہمدان تک لایا جسکا منہ بھی سفید چادر میں چھپا تھا۔۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

پلیززززز۔۔۔۔۔۔۔۔ب۔۔۔۔بھا۔۔۔۔۔ئی"

۔۔۔۔۔مت۔۔۔۔۔۔ات۔۔۔۔ارے"۔۔

جب امان چادر ہٹانے لگا تو عیشی نے اسکا ہاتھ پکڑ لیا اور روتے ہوئے منع کیا۔۔ امان نے اسکے سر پہ پیار کیا اور ہاتھ چھڑا کے چادر ہٹائی تو عیشی نے زور سے آنکھیں میچ لی۔۔۔

مسز ہمیشہ سرپرائز دیتی ہو۔۔ایک بار تو مجھ معصوم کی بھی بنتی ہے نا"۔۔"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

عیشی کی سماعتوں سے ہمدان کی آواز ٹکرائی تو اس نے پٹ سے آنکھیں کھولی۔۔اور ہمدان کو دیکھا جو تھکے تھکے چہرے پہ مسکراہٹ سجھائے اسے دیکھ رہا تھا۔۔ باقی سب بھی بت بنے ہمدان کو دیکھ رہے تھے۔۔

"ویسے بڑے افسوس کی بات ہے آپ سب پہلے امتحان میں فیل ہوگئے۔۔ بڑھے چھوٹے دل کے نکلے سب یار۔۔ مجھے لگا تھا شہادت کے رتبے پہ سب اللہ کا شکر ادا کریں گے۔مگر یہاں تو سب رونے لگے"۔۔

ہمدان ویسے تھکے انداز میں کہا تو عیشی نے زور سے مکا اسکے سینے پہ مارا تو وہ چیخ اٹھا۔۔ تب ہی امان نے عیشی کو دوسرا مکا مارنے سے روک لیا۔۔ باقی سب نے بھی اللہ کا شکر ادا کیا۔۔ جبکہ عیشی ناراض سی منہ بنا کے بیٹھ گئی کہ یہ بھی کوئی مذاق تھا کیا۔۔ زری نے بڑھی مشکل سے اسے منایا۔۔آخر ہمدان نے بھی کان پکڑ لیئے۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

پانچ دن بعد ہمدان کو ڈسچارج کر دیا گیا۔۔ جب وہ گھر پہنچا تو اسکا بہت اچھا استقبال کیا گیا۔۔ آخر میں سب نے مسکراتے ہوئے فیلمی پک لی۔۔۔

ہنسی غم ہر ایک کی زندگی کا حصہ ہوتے ہیں۔۔اور جو ان دونوں صورتوں میں ساتھ ہو وہ بہت سپیشل ہوتے ہیں۔۔اور زندگی انہیں کے سنگ خوبصورت ہوتی ہے۔۔ کسی کے چلے جانے سے زندگی رکتی نہیں ہاں کچھ رنگ ضرور کم ہوجاتے ہیں۔۔ ہر ایک کی اپنی اپنی جگہ ہوتی ہے کسی کے چلے جانے کے بعد کوئ اسکی جگہ نہیں لے سکتا۔۔ہاں دوسروں کا ساتھ کچھ تبدیلی لا سکتا ہے مگر کسی کو بھلا نہیں سکتا۔۔ وہ یاد آتے ہیں۔۔ کبھی ڈھلتی شاموں میں۔۔ کبھی ویسی ہنسی میں۔۔ کبھی کچھ باتوں میں۔۔ مگر یہ بھی سچ ہے کسی کے جانے سے زندگی نا رکتی ہے نا ختم ہوتی ہے۔۔ کچھ لوگ اسکو رنگوں سے رنگین بنانا جانتے ہیں۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

شاہ ہاوس کے سارے مقین ایک دوسرے کے لیے بہت خاص ہیں۔۔اور ایسے ہی ایک دوسرے کی خوشی غم میں شریک ہوکے اپنے پن کا احساس دلانے والے ہیں۔۔۔۔

ختم شد

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

جوائن ناول بینک فیس بک گروپ

www.facebook.com/groups/NovelBank

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

انسٹاگرام پر ناول بینک کو فالو کریں

www.instagram.com/pdfnovelbank